وفي الرد: اعلم ان المانع من الوضوء ان كان من قبل العباد كأسير منعه الكفار من الوضوء ومحبوس في السجن ومن قيل له: ان توضأت قتلتك جاز له التيمم ويعيد الصلاة اذا زال المانع كذا في الدرر والوقاية اي واما اذا كان من قبل الله تعالى كالمرض فلا يعيد (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۵/۱) ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۸/۱) ط. رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۲/۱) ط سعيد

ومنها عدم القدرة على الماء والأصل انه متى امكنه استعمال الماء من غير لحوق الضرر في نفسه او ماله وجب استعماله (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۹/۱) ط: رشيدية)

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم (۲۳۲/۱) ط سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱۳۹/۱) ط سعيد

# عرش الٰہی میں محفوظ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے گا اسے مہر لگا کر عرش الٰہی میں محفوظ کر دیا جائے گا اور قیامت کے دن ہی اسے لایا جائے گا۔

سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ۔ (۱)

# عرق

کسی پھل یا درخت یا پتوں سے نچوڑے ہوئے عرق سے وضو کرنا درست نہیں، ایسی صورت میں اگر پانی نہ ملے تو تیمم کرے۔ (۲)

---

عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال: من توضأ ثم فرغ من وضوئه فقال: سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك ختم عليها بخاتم ثم وضعت تحت العرش فلم تكسر إلى يوم القيامة. (مصنف عبد الرزاق: (۱۸۶/۱) رقم الحديث: ۷۳۰، كتاب الطهارة، باب وضوء المقطوع، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)

☆ الترغيب والترهيب: (۶۹/۱) كتاب الطهارة، الترغيب في كلمات يقولهن بعد الوضوء، ط: دار الكتب العلمية.

☆ مصنف ابن أبي شيبة: (۱۳/۱) رقم الحديث: ۱۹، كتاب الطهارة، في الرجل ما يقول إذا فرغ من وضوئه، ط: مكتبة الرشد، الرياض.

☆ مجمع الزوائد: (۲۳۹/۱) رقم الحديث: ۱۲۳۱، كتاب الطهارة، باب ما يقول بعد الوضوء، ط: مكتبة القدسي، القاهرة.

۲. (لا (بمعتصرات) أي معتصر من شجر أو ثمر لأنه مقيد ... وكذا نبيذ التمر. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱۸۰/۱) ط: سعيد)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع، نوع آخر في بيان المياه التي لا يجوز الوضوء بها على الوفاق وعلى الخلاف، (۲۰۷/۱) ط: ادارة القرآن

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۲۱/۱) ط: رشيدية

## عرق گلاب

عرق گلاب سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہے۔[1]

## عضو کا حال تھن کا سا ہے

"استنجاء میں وسوسہ آئے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۷/۱)

## عضو کو دھونے سے ڈاکٹر نے منع کیا

اگر ماہر ڈاکٹر یا ماہر حکیم نے کسی بیماری کی وجہ سے عضو کو دھونے سے منع کیا تو اس کا دھونا فرض نہیں ہوگا، بلکہ مسح کرے، اگر مسح کرنے میں ضرر ہو تو مسح بھی معاف ہے۔[2]

## عضو کو نہ دھونے میں شبہ ہو

"شبہ ہو جائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۹/۱)

## عضو کی پاکی کے ساتھ ہاتھ بھی پاک ہو جاتا ہے

جس عضو کو دھویا جاتا ہے اس کی پاکی کے ساتھ ہاتھ بھی پاک ہو جاتا ہے، اس کے بعد پھر ہاتھ کو بعد میں دھو کر پاک کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، اور اگر دھولے تو کوئی حرج بھی نہیں ہے، خواہ جس عضو کو دھویا جارہا ہے وہ استنجاء کی جگہ ہو یا کوئی اور جگہ ہو، طہارت و پاکی میں ہاتھ سے بدبو کو دور کرنا اور مخرج کو نجاست سے دور کرنا شرط ہے، ہاں اگر اس کو دور کرنے سے عاجز ہو تو معاف ہے۔[3]

---

نفس المرجع

تقدم تخریجه تحت العنوان "تیمم کے لئے مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کے قول کا اعتبار ہے" و"پٹی"

ومع طهارة المغسول تطهر اليد (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، (۳۴۵/۱) ط: سعيد) =

## عضو مخصوص

وضو کرنے کے بعد عضو مخصوص کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا، خواہ ہتھیلی سے چھوا جائے یا انگلیوں کی اندرونی جانب سے، ہاں اگر چھونے کی وجہ سے مذی وغیرہ نکلی ہے تو نجاست نکلنے کی وجہ سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

## عضو مخصوص سے کوئی چیز نکلے

''خاص حصہ سے کوئی چیز نکلے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۱٦/۱)

## عطر کا پھایہ

☆ اگر عطر کا پھایہ کان کے زمہ میں رکھا ہو، تو مسح کے وقت اس کا نکالنا سنت ہے، کیونکہ کان کے اندر کے تمام حصے کا مسح کرنا سنت ہے، اور پھایہ نکالے بغیر پورے کان کا مسح کرنا ممکن نہیں ہے، اور سنت جس چیز پر موقوف ہو وہ چیز بھی سنت ہوتی ہے، لہذا اس کا نکالنا بھی سنت ہے۔ (۲)

---

= الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۳۹/۱) ط: رشيدية

: الفتاوی التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول نوع منه في بيان سنن الوضوء وآدابه، (۱۰۲/۱) ط: ادارة القرآن

مس ذكره أو ذكر غيره ليس بحدث عندنا كذا في الزاد (الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۳/۱) ط: رشيدية)

: الفتاوی التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، نوع آخر من هذا الفصل، (۱۴۳/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

: تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، (۵۸/۱) ط: سعيد

المذی ينقض الوضوء. (الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۰/۱) ط: رشيدية)

تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، (۴۲/۱) ط سعيد

البنايه شرح الهداية، كتاب الطهارة فصل في الغسل، (۲۸۸/۱) ط رشيدية

ومنها مسح الأذنين ويمسح ظاهر الأذنين بباطن الابهامين و باطن الأذنين بباطن =

اور اگر اس کا پھایہ کان کے سوراخ میں رکھا ہوا ہے تو غسل کے وقت اس کا نکالنا مستحب ہے، یونہی کان کے سوراخ میں انگلی ڈالنا مستحب ہے، اور پھایہ نکالنے کے بغیر سوراخ میں انگلی ڈالنا ممکن نہیں ہے اس لئے غسل کے دوران کان کے سوراخ میں انگلی ڈالتے وقت پھایہ کو نکالنا بھی مستحب ہے۔ (۱)

## عقل جاتی رہے

اگر وضو کرنے کے بعد جنون، مرگی اور بے ہوشی سے یا شراب، گانجا اور بھنگ وغیرہ کے استعمال سے عقل جاتی رہی تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

: ...، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (۸/۱، ۷) ط: رشيدية)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲٦/۱) ط: سعيد

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۲۱/۱) ط: سعيد

ما يتوقف عليه المطلوب مطلوب. (الموافقات للشاطبي: (۳۸/۱) المقدمة الخامسة، ط: دار الحديث القاهرة)

: فيض القدير للمناوي: (۹۰/۲) تحت رقم الحديث: ۹۸۰، ط: دار الحديث، القاهرة.

: تفسير الرازي: (۸۳/۳) سورة البقرة: الآية: ۱۳۲، ط: دار إحياء التراث العربي.

ومن الأدب ذلك أعضائه وإدخال خنصره صماخي أذنيه.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۹/۱) ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۲٦/۱) ط: سعيد

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۲۵/۱) ط: سعيد

ومنها الإغماء والجنون والغشي والسكر فالإغماء ينقض الوضوء قليله وكثيره وكذا الجنون والغشي والسكر وحد السكر في هذا الباب أن لا يعرف الرجل من المرأة عند بعض المشايخ وهو اختيار الصدر الشهيد والصحيح ما نقل عن شمس الأئمة الحلواني أنه إذا دخل في بعض مشيه تحرك كذا في الذخيرة

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۲/۱) ط: رشيدية)

الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، نوع آخر في النوم والغشي والجنون، (۱۳۸/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۴۳/۱) ط: سعيد

## عمارؓ اور عمرؓ دونوں سفر میں گئے

"عمرؓ اور عمارؓ دونوں سفر میں گئے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۶۰)

## عمامہ

عذر کے بغیر عمامہ وغیرہ پر مسح کرنا جائز نہیں ہے، اسی طرح عورت کے سر دوپٹہ، رومال، اوڑھنی یا اسکارف وغیرہ سے ڈھکے ہوئے سر کا اوپر سے مسح کرنا جائز نہیں ہے، البتہ اگر وہ اتنی پتلی چیز ہے کہ پانی اس سے جذب ہو کر بال تک پہنچ جاتا ہو تو جائز ہے۔ (۱)

## عمرؓ اور عمارؓ دونوں سفر میں گئے

روایت ہے کہ تیمم کا حکم نازل ہونے کے بعد حضرت عمر اور عمار رضی اللہ عنہما کہیں سفر کو گئے تھے اتفاق سے دونوں پر غسل واجب ہوا، اسلام کا ابتدائی زمانہ تھا، تیمم کے مفصل احکام معلوم نہیں تھے، اس لئے عمار رضی اللہ عنہ نے مٹی میں اچھی طرح لوٹ پوٹ کر تیمم کرلیا گویا غسل کی جگہ تمام بدن کا تیمم کرلیا اور نماز پڑھ لی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سمجھا کہ تیمم صرف وضو کا قائم مقام ہوسکتا ہے، غسل کے لئے جائز نہیں، نماز نہیں پڑھی، واپس آکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں واقعہ بیان کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین پر دونوں ہاتھ مبارک مار کر چہرہ اور بازوؤں پر کسی قدر پھیر کر اشارہ فرمایا کہ بس اس قدر کافی

---

(۱) ولا یجوز المسح علی العمامة ونحوها إلا للمعذور کما لا یصح ان تمسح المرأة علی ما یغطی رأسها من منديل او طرحة او نحو ذلک إذا کان خفیفاً ینفذ منه الماء إلی الشعر. (کتاب الفقه علی المذاهب الأربعة: (۱/ ۶۱) کتاب الطهارة، فرائض الوضوء، ط: مکتبة الحقیقة)

- بدائع الصنائع: (۱/ ۵) کتاب الطهارة، مبحث مسح الرأس، ط: سعید.
- الفتاوی الهندیة: (۱/ ۶) کتاب الطهارة، الفصل الأول في فرائض الوضوء، ط: رشیدیه.

تھا، یعنی وضو اور غسل کے تیمم کا طریقہ ایک ہے، مٹی میں لوٹ پوٹ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ (۱)

## عمر میں برکت ہوتی ہے

اہتمام سے سنت اور آداب کی رعایت رکھتے ہوئے وضو کرنے سے عمر میں برکت ہوتی ہے، اور کراما کاتبین محافظین فرشتے محبت کرتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بیٹے! تم پر وضو کامل طور پر اہتمام سے کرنا لازم ہے اس سے تمہارے کراما کاتبین محافظین فرشتے تم سے محبت کریں گے اور تمہاری عمر میں برکت ہوگی۔ (۲)

یعنی دینی اعتبار سے محافظین فرشتوں کی محبت نصیب ہوتی ہے، اور دنیاوی اعتبار سے عمر میں برکت ہوتی ہے۔

---

عن سعید بن عبدالرحمن بن أبزى عن أبيه قال: جاء رجل الى عمر بن الخطاب فقال اني أجنبت فلم أصب الماء فقال عمار بن ياسر لعمر بن الخطاب أما تذكر أنا كنا في سفر أنا و أنت فأجنبنا فأما أنت فلم تصل وأما أنا فتمعكت فصليت فذكرت ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال النبي صلى الله عليه وسلم انما كان يكفيك هكذا فضرب النبي صلى الله عليه وسلم بكفيه الأرض ونفخ فيهما ثم مسح بهما وجهه و كفيه. (صحيح البخاري، كتاب التيمم، (۴۸/۱) ط: قديمي)

الصحيح لمسلم، باب التيمم، (۱۶۱/۱) ط: قديمي

سنن أبي داود، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۵۸/۱) ط: رحمانيه

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال: قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم: يا بني عليك بإسباغ الوضوء يحبك حافظاك، ويزد في عمرك. (المطالب العالية: (۲۷۳/۲) رقم الحديث ۸۵، كتاب الطهارة، باب فضل إسباغ الوضوء و فضل الوضوء، ط: دار العاصمة، السعودية)

مجمع الزوائد: (۲۷۱/۱) رقم الحديث: ۱۳۷۰، كتاب الطهارة، باب الغسل من الجنابة ط: مكتبة القدسي، القاهرة

مسند أبي يعلى الموصلي: (۳۰۶/۶) رقم الحديث: ۳۶۲۴، مسند أنس بن مالك، ط: دار المأمون للتراث، دمشق.

## عورت ڈھیلہ کیسے استعمال کرے

''ڈھیلہ استعمال کرنے کا طریقہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۸/۱)

## عورت کو غسل سے تکلیف ہوتی ہے

''غسل سے تکلیف ہوتی ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۳/۲)

## عورتوں کے لئے ڈھیلے کا حکم

ڈھیلے سے استنجاء کرنا جس طرح مردوں کے لئے مستحب ہے اسی طرح عورتوں کے لئے بھی مستحب ہے۔(۱)

## عورت کے وضو اور غسل کا بچا ہوا پانی

اگر شہوت اور برے خیال کا اندیشہ ہو تو عورت کے وضو اور غسل کے بچے ہوئے پانی سے مرد کو وضو اور غسل نہیں کرنا چاہئے، اگرچہ اس پانی سے وضو غسل کرنا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) ان المرأة كالرجل الا في الاستبراء فانه لا استبراء عليها بل كما فرغت تصبر ساعة لطيفة ثم تستنجي. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب في الفرق بين الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء، (۳۴۵/۱-۳۴۴) ط:سعيد)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۲۴۰/۱) ط:سعيد

☆ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الانجاس وتطهيرها، فصل في الاستنجاء، (۱۸۸/۱) ط:رشيدية

(۲) ومن منهياته التوضؤ بفضل ماء المرأة.

(قوله:ومن منهياته) يشمل المكروه تنزيها فانه منهي عنه اصطلاحا حقيقة كما قدمناه عن التحرير آنفا، فافهم (قوله:التوضؤ الخ) قال في السراج: ولا يجوز للرجل أن يتوضأ ويغتسل بفضل المرأة لنا ومفاده انه يكره تحريما وعند الامام احمد اذا اخلت امرأة مكلفة بماء قليل كخلوة نكاح وتطهرت به في خلوتها طهارة كاملة عن حدث لا يصح لرجل او خنثى ان يرفع به =

# عیادت کرنے کے لئے وضو کرنا

عیادت کے لئے جانے کے واسطے وضو کر کے جانا سنت ہے۔ (۱)

# عید کی نماز کے لئے تیمم کرنا

☆ عید کی نماز کے لئے تیمم کرنا اس وقت جائز ہے جب عید کی نماز فوت ہو جانے کا خوف ہو، اسی طرح اگر یہ خوف ہو کہ وہ وضو کرے گا تو امام نماز سے فارغ ہو جائے گا، یا سورج کا زوال ہو جائے گا اور عید کی نماز کا وقت ختم ہو جائے گا، تو ان

= حنفيه كما هو مسطور في متون مذهبه وهو امر تعبدي لما رواه الخمسة انه صلى الله عليه وسلم نهى أن يتوضأ الرجل بفضل طهور المرأة ، قال في غرر الأفكار شرح درر البحار في فصل المياه بعد ما ذكر المسألة : ولنا ما روى مسلم أن ميمونة قالت: اغتسلت من جفنة ففضلت فيها فضلة فجاء النبي صلى الله عليه وسلم يغتسل فقلت: اني قد اغتسلت منه فقال: الماء ليس عليه جنابة، وما روى احمد منسوخ بهذا اهـ

أقول : مقتضى النسخ انه لا يكره تحريما عندنا بل ولا تنزيها وهو مخالف لما مر عن السراج وفيه أن دعوى النسخ تتوقف على العلم بتاخر الناسخ ولعله ماخوذ من قول ميمونة اني قد اغتسلت فانه يشعر بعلمها بالنهي قبله فيكون الناسخ متاخرا والله أعلم وقد صرح الشافعية بالكراهة لنفي كراهته وان قلنا بالنسخ مراعاة للخلاف فقد صرحوا بانه يطلب مراعاة الخلاف وقد علمت انه لا يجوز التطهير به عند أحمد. ( ردالمحتار ، كتاب الطهارة ، (۱۳۳/۱) ط:سعيد )

المبسوط للسرخسي، كتاب الصلاة ، باب الوضوء والغسل ، (۱۰۹/۱) ط:دار الفكر، بيروت

(۱) وعن أنس رضي الله عنه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من توضأ فأحسن الوضوء وعاد أخاه المسلم محتسبا بوعد من جهنم مسيرة ستين خريفا . رواه أبوداود (مشكاة المصابيح : (ص: ۱۳۵) كتاب الجنائز ، باب عيادة المريض و ثواب المريض ، الفصل الثاني ، ط: قديمي )

قوله : وعاد أخاه المسلم : ولعل الأمر بالطهارة للعيادة ؛ لأنها عبادة بنقطة زيادة ، والزيادة على رعاية صاحب العبادة ، فيكون جامعًا بين الامتثال لأمر الله والشفقة على خلق الله . وقال الطيبي : فيه أن الوضوء سنة في العيادة . ( مرقاة المفاتيح : (۲۶/۴، ۲۷) كتاب الجنائز ، باب عيادة المريض وثواب المريض ، ط دار الكتب العلمية )

شرح الطيبي : (۱۳۴۴/۴) تحت رقم الحديث : ۱۵۵۲ ، كتاب الجنائز ، باب عيادة المريض وثواب المريض ، ط: مكتبه نزار مصطفى الباز .

تمام صورتوں میں تیمم کرنا جائز ہوگا، لیکن اگر عید کی نماز کے کسی حصہ کے ملنے کی امید ہے، یا دوسری جگہ عید کی نماز ملنے کی امید ہے تو وضو کرنا لازم ہوگا تیمم کرنا جائز نہیں ہوگا۔ (۱)

☆ اگر عید کی نماز کے لئے وضو کرنے کی صورت میں امام کے نماز سے فارغ ہو جانے کا خوف ہو اور دوسری جگہ عید کی نماز ملنے کی امید بھی نہ ہو، تو پانی موجود ہونے کے باوجود تیمم کر کے نماز میں شریک ہونا جائز ہوگا۔

اور اگر وضو کر کے امام کے سلام سے پہلے پہلے شرکت کی امید ہو یا دوسری جگہ عید کی نماز ملنے کی امید ہو تو تیمم کرنا جائز نہیں ہوگا، بلکہ وضو کر کے شریک ہونا لازم ہوگا۔ (۲)

## عید کی نماز میں بناء کرتے وقت تیمم کرنا

☆ اگر کسی نے عید کی نماز وضو کر کے شروع کی تھی مگر درمیان میں وضو ٹوٹ

---

(۱) (و) جاز (لخوف فوت صلاة جنازة) ای کل تکبیراتها ...... (او فوت (عید) بفراغ امام او زوال شمس (ولو) کان یبنی (بناء) بعد شروعه متوضئا وسبق حدثه (بلا فرق بین کونه اماما او لا) فی الاصح لان المناط خوف الفوات لا الی بدل فجاز لکسوف وسنن رواتب ولو سنة فجر خاف فوتها وحدها.

وفی الرد: (قوله: خاف فوتها وحدها) ای فیتیمم علی قیاس قولهما اما علی قول محمد فلا لانها اذا فاتته لاشتغاله بالفریضة مع الجماعة یقضیها بعد ارتفاع الشمس عنده وعندهما لا یقضیها اصلا بحر. وصورة فوتها وحدها لو وعده شخص بالماء او امر غیره بنزحه له من بئر وعلم انه لو انتظره لا یدرک سوی الفرض یتیمم للسنة ثم یتوضأ للفرض ویصلی قبل الطلوع وصورها شیخنا بما اذا فاتت مع الفرض واراد قضاءها ولم یبق الی زوال الشمس مقدار الوضوء وصلاة رکعتین فیتیمم ویصلیها قبل الزوال لانها لا تقضی بعده ثم یتوضأ ویصلی الفرض بعده وذکر لها ط صورتین آخرتین. (رد المحتار، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۲۳-۲۲۱) ط: سعید)

(۲) البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۱۵۹-۱۵۸) ط: سعید

(۳) کتاب المبسوط، کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱/۲۶۰) ط: المکتبة الغفاریة

(۴) نفس المرجع.

گیا، اب اگر وضو کرے گا تو عید کی نماز فوت ہو جانے کا ڈر ہے، تو تیمم کر کے بناء کرنا یعنی امام کے ساتھ نماز میں شامل ہونا درست ہے، اور اگر وضو کر کے آنے کی صورت میں عید کی نماز فوت ہونے کا ڈر نہ ہو تو وضو کر کے امام کے ساتھ نماز میں شامل ہو جائے تیمم نہ کرے۔

☆ بناء کرنے والا امام ہے یا مقتدی اس میں کوئی فرق نہیں ہے، جب عید کی نماز فوت ہو جانے کا خطرہ ہو تو امام بھی وضو ٹوٹ جانے کی صورت میں تیمم کر سکتا ہے اور مقتدی بھی۔ (۱)

## عیدگاہ کے قریب پیشاب کرنا

عیدگاہ کے اس قدر قریب پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ ہے جس کی بدبو سے نمازیوں کو تکلیف ہو۔ (۲)

---

(۱) نفس المرجع

(۲) وكذا يكره ... على ظل ينتفع بالجلوس فيه (ويجتنب مسجد ومصلى عيد

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الاستنجاء، (۱/۳۴۳) ط: سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳) ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰) ط: سعيد.

## ﴿غ﴾

## غسل اور وضو دونوں سے معذور ہو

''وضو اور غسل دونوں سے معذور ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۹/۲)

## غسل اور وضو کے تیمم ٹوٹنے میں فرق

''تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۲۹/۱)

## غسل اور وضو کے درمیان فرق

''غسل میں بدن سے پانی ٹپکنا شرط ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۸۷/۲)

## غسل اور وضو کے لئے ایک تیمم

''وضو اور غسل کے لئے ایک تیمم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۰۱/۲)

## غسل بھی واجب ہے صرف وضو کے قابل پانی ہے

''وضو کے قابل پانی ہے اور غسل بھی واجب ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

## غسل خانہ میں پیشاب کرنا

غسل خانہ میں پیشاب کرنا مکروہ ہے، اس سے وسوسہ کی بیماری ہوتی ہے۔[1]

---

(۱) ویکره في محل التوضؤ ، لأنه يورث الوسوسة. قوله: ويكره في محل التوضؤ لقوله صلى الله عليه وسلم: لايبولن احدكم في مستحمه ، ثم يغتسل فيه ، او يتوضأ فإن عامة الوسواس منه. (حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۵۳) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي)

؎ الدر المختار مع الرد: (۳۴۴/۱) كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، ط: سعيد.

؎ مجمع الأنهر: (۱۰۱/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: دار الكتب العلمية.

# غسل زمزم سے کرنا

"زمزم" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۲/۱)

# غسل سے تکلیف ہوتی ہے

ایک آدمی کی صرف ایک بیوی ہے، اکثر وہ بیمار رہتی ہے، جب وہ غسل کرتی ہے تو کمزوری کی وجہ سے کبھی زکام ہو جاتا ہے، اور کبھی کان اور سر میں درد ہو جاتا ہے، اسی خوف سے وہ اپنے شوہر کو ہمبستری کرنے نہیں دیتی ہے، اس وجہ سے شوہر کو گناہ کے مرتکب ہونے کا خطرہ رہتا ہے، تو ایسی صورت میں اگر عورت کو سر کا دھونا ضرر کرتا ہے تو غسل کے وقت سر کو نہ دھوئے باقی تمام اعضاء کو دھولے، اور سر کا مسح کرے اور اگر سر کا مسح کرنے کی صورت میں بیمار ہو جانے کا خوف ہو تو سر پر مسح نہ کرے، بلکہ سر پر پٹی باندھ کر اس پر مسح کرے، اور وہ عورت اپنے شوہر کو ہمبستری سے منع نہ کرے، ایک روایت یہ بھی کہ اگر سر میں ایسا درد ہے کہ مسح بھی نہ کر سکے تو وہ تیمم کرے۔

اس روایت کی رو سے معلوم ہوا کہ اگر تندرست آدمی کو غسل سے بیمار ہونے کا خوف، گمان غالب کی حد تک ہو، یا سابقہ تجربہ بھی ہو تو وہ تیمم کر سکتا ہے، لہذا ایسی صورت میں وہ عورت تیمم کرے اور شوہر کو ہمبستری سے نہ روکے، جب تک یہ خوف باقی رہے گا تیمم کرنا درست ہوگا، اور جب یہ خوف ختم ہو جائے گا، غسل کرنا لازم ہوگا۔[1]

---

(۱) والحاصل لزوم غسل المحل ولو بماء حار فان ضر مسحه، فان ضر مسحها، فان ضر سقط اصلاً. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (۲۸۰/۱) ط:سعيد)

۞ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الخامس، الفصل الثاني، (۳۵/۱) ط: رشيديه

۞ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين، (۱۸۷/۱) ط: سعيد

۞ (من عجز عن استعمال الماء لبعده ميلا او لمرض يشتد او يمتد بغلبة ظن او قول حاذق مسلم. وفي الرد: (قوله: بغلبة ظن) اى عن امارة او تجربة، شرح المنية (قوله: او قول حاذق مسلم) اى اخبار طبيب حاذق مسلم غير ظاهر الفسق وقيل عدالته شرط، شرح المنية. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۳/۱) ط:سعيد) =

## غسل کا تیمم کب ٹوٹتا ہے؟

''تیمم جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۲۹/۱)

## غسل کا خلیفہ تیمم ہونے کی وجہ

''تیمم کو وضو اور غسل کا خلیفہ ٹھہرانے کی وجہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۴۶/۱)

## غسل کرنے کی جگہ

جہاں پر لوگ غسل کرتے ہیں وہاں پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔[1]

## غسل کے بعد پانی خشک کرنا

''پانی کو تولیہ وغیرہ سے خشک کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۷/۱)

## غسل کے بعد شرمگاہ پر نمی دیکھی

''شرمگاہ پر نمی دیکھی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۷/۲)

---

= ⇐ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۰/۱) ط: سعيد

⇐ الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول، (۲۸/۱) ط: رشيدية

⇐ (من به وجع رأس لا يستطيع معه مسحه) محدثا ولا غسله جنبا ففي الفيض عن غريب الرواية يتيمم وأفتى قارئ الهداية أنه يسقط عنه فرض مسحه. (الدر المختار: (۲۶۰/۱) كتاب الطهارة، باب التيمم، قبيل باب المسح على الخفين، ط: سعيد)

⇐ فتاوى قارئ الهداية: (ص: ۷۰) كتاب الطهارة، دار الكتب العلمية.

⇐ حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۱۲۶) كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: قديمي.

(۱) ويكره في محل التوضؤ، لأنه يورث الوسوسة. قوله: ويكره في محل التوضؤ لقوله صلى الله عليه وسلم: لايبولن أحدكم في مستحمه، ثم يغتسل فيه، أو يتوضأ فإن عامة الوسواس منه. (حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۵۳) كتاب الطهارة، فصل فيما يجوز به الاستنجاء، ط: قديمي)

: الدر المختار مع الرد: (۳۴۳/۱) كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، ط: سعيد.

⇐ مجمع الأنهر: (۱۰۱/۱) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: دار الكتب العلمية.

# غسل کے بعد وضو کرنا

وضو نام ہے منہ، ہاتھ اور پاؤں دھونے اور سر کے مسح کرنے کا نام ہے،[1] جب کوئی آدمی غسل کر لیتا ہے تو اس کے ساتھ وضو بھی ہو جاتا ہے،[2] غسل سے پہلے وضو کر لینا سنت ہے، لیکن اگر کسی نے غسل سے پہلے وضو نہیں کیا تب بھی غسل ہو جائے گا، اور غسل کے ساتھ ساتھ وضو بھی ہو جائے گا۔ [3]

---

(۱) الفصل الأول في فرائض الوضوء..... وهي أربع الأول غسل الوجه ..... والثاني غسل اليدين والثالث غسل الرجلين ..... والرابع مسح الرأس. ( الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة ، الباب الأول، الفصل الأول ، (۱/۳-۵) ط:رشيدية )

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة ، (۱/۹۹-۹۵) ط:سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱/۱۳-۹) ط:سعيد

(۲) عن عائشة أن النبي صلى الله عليه وسلم كان لا يتوضأ بعد الغسل ، قال أبو عيسى : هذا قول غير واحد من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين أن لا يتوضأ بعد الغسل. ( جامع الترمذي، أبواب الطهارة، باب في الوضوء بعد الغسل ، (۱/۳۰) ط:قديمي )

☆ ويقول القاضي في العارضة: لم يختلف أحد من العلماء في أن الوضوء داخل في الغسل. ( معارف السنن، أبواب الطهارة، باب في الوضوء بعد الغسل ، (۱/۳۶۸) ط:سعيد )

☆ أما لو توضأ بعد الغسل واختلف المجلس على مذهبنا أو فصل بينهما بصلاة كقول الشافعية فيستحب. وفي الرد: قال العلامة نوح أفندي: بل ورد ما يدل على كراهته، أخرج الطبراني في الأوسط عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه سلم: من توضأ بعد الغسل فليس منا اهـ تأمل ، و الظاهر أن عدم استحبابه لو بقي متوضئا الى فراغ الغسل، فلو أحدث قبله ينبغي اعادته ، ولم أره فتأمل. ( رد المحتار، كتاب الطهارة ، (۱/۱۵۸) ط:سعيد )

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱/۵۰) ط:سعيد

(۳) وسنة الغسل أن يبدأ المغتسل فيغسل يديه و فرجه ..... ثم يتوضأ وضوءه للصلاة. (الجوهرة النيرة : (۱/۱۱) كتاب الطهارة ، ط: حقانيه )

☆ الدر المختار مع الرد : (۱/۱۵۷) كتاب الطهارة ، مطلب سنن الغسل ، ط: سعيد.

☆ ويقول القاضي في العارضة : لم يختلف أحد من العلماء في أن الوضوء داخل في الغسل ، ولأن نية طهارة الجنابة يأتي على طهارة الحدث ويقضي عليها ، ويطهر البدن بالغسل من الجنابة طهارة =

مسح کا معنی ہے گیلا ہاتھ سر پر پھیرنا،[1] جب سر پر پانی ڈال کر مل لیا تو مسح سے بڑھ کر غسل ہو گیا، لہذا غسل کے بعد دوبارہ وضو کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، بلکہ غسل سے پہلے ہی وضو کر لینا چاہیے۔

☆غسل کے بعد جب تک وضو نہ ٹوٹے دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔[2]

## غسل کے دوران وضو ٹوٹ جاتا ہے

غسل کرنے سے پہلے وضو کیا لیکن غسل کے دوران وضو ٹوٹ گیا اور اس کے بعد وضو کے تمام اعضاء دوبارہ دھل گئے، اور اس کے بعد وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہیں آئی تو اس کا وضو ہو گیا، دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں، ایسی حالت میں نماز پڑھ سکتا ہے، اور اگر غسل کے دوران وضو ٹوٹنے کے بعد وضو کے تمام اعضاء پر دوبارہ پانی نہیں ڈالا تو وضو نہیں رہے گا نماز سے پہلے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔[3]

---

= عامة الخ . (معارف السنن : (۱/۳۶۸) أبواب الطهارة ، باب في الوضوء بعد الغسل ، ط: مجلس الدعوة والتحقيق الإسلامي)

ے عارضة الأحوذي : (۱/۱۳۳) أبواب الطهارة ، باب ماجاء في الوضوء بعد الغسل ، ط: دار الكتب العلمية)

ے تحفة الأحوذي : (۱/۳۷۷) أبواب الطهارة ، باب ماجاء في الوضوء بعد الغسل ، ط: قديمى.

ے البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱/۵۰-۴۹) ط:سعيد

(۱) هو في اللغة امرار اليد على الشيء واصطلاحا اصابة اليد المبتلة العضو ولو ببلل باق بعد غسل لا بعد مسح . (البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱/۱۳) ط:سعيد)

(۲) ردالمحتار، كتاب الطهارة ، (۱/۹۸) ط:سعيد

ے الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة ،الباب الأول، الفصل الأول ، (۱/۵) ط:رشيدية

(۲) انظر رقم الحاشية:۲

(۳) تقدم تخريجه تحت العنوان ''غسل کے بعد وضو کرنا''

## غسل میں بدن سے پانی ٹپکنا شرط ہے

غسل میں بدن کے ایک حصہ کا پانی دوسرے حصہ کی طرف اس شرط کے ساتھ لے جانا درست ہے کہ وہ ٹپکے، لیکن یہ ایک عضو کا پانی دوسرے عضو کے واسطے لے جانا وضو کے اندر صحیح نہیں ہے، دونوں میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ غسل میں سارا بدن ایک عضو کے حکم میں ہے، اس لئے ایک عضو کا پانی دوسرے عضو کی طرف منتقل کر کے لے جانا درست ہے البتہ یہ شرط ہے کہ پانی اتنا ہو کہ وہ دوسرے عضو پہ جا کر ٹپکے، تا کہ اس پر حکماً دھونے کا اطلاق ہو سکے۔

اور وضو میں ہر ہر عضو الگ الگ شمار ہوتا ہے اس لئے ایک عضو کے پانی سے دوسرے عضو کو دھونا درست نہیں ہے، بلکہ دوسرے عضو کے لیے نیا پانی لینا ضروری ہے۔ (1)

## غسل نہیں کرسکتا پانی سے وضو کرسکتا ہے

''وضو کرسکتا ہے غسل نہیں کرسکتا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۲۹/۲)

## غسل واجب ہونے والی چیزوں سے وضو بھی ٹوٹ جاتا ہے

جن چیزوں کے نکلنے سے غسل واجب ہوتا ہے ان کے نکلنے سے وضو بھی

(1) فلان الاغتسال لما ثبت بأمر واحد وهو قوله تعالىٰ: ﴿فاطهروا﴾ [المائدة: ٦] جعلت الأعضاء كلها كعضو واحد حتى جاز غسل عضو ببلل عضو آخر وفي التوضؤ لما اختص كل عضو بأمر على حدة جعل كل عضو منفردًا عن الآخر حتى لم يجز غسل اليد ببلل الوجه وغسل الرجل ببلل اليد. (كشف الأسرار: (۳/ ۳۱۰) باب القياس، باب شروط القياس، ط: دار الكتاب الإسلامي)

؎ (وصح نقل بلة عضو الى) عضو (آخر فيه) بشرط التقاطر (لا في الوضوء) لما مر ان البدن كله كعضو واحد. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۵۹) ط: سعيد)

؎ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۵۰) ط: سعيد

ٹوٹ جاتا ہے، جیسے حیض، نفاس، منی وغیرہ سے غسل واجب ہوتا ہے اسی طرح وضو بھی ٹوٹ جاتا ہے۔[1]

## غسل واجب ہے جسم ناپاک ہے پانی کم ہے

"پانی کم ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۵۷/۱)

## غشی

اگر وضو کرنے کے بعد غشی طاری ہوئی تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[2]

## غفلت کی حالت میں نماز پڑھنا منع ہے

"نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۸۲/۲)

---

(۱) إذا ظهر شيء من البول والغائط على رأس المخرج انتقضت الطهارة لوجود الحدث، وهو خروج النجس ...... وكذا المني، والمذي، والودي، ودم الحيض والنفاس، ودم الاستحاضة؛ لأنها كلها أنجاس ...... وقد انتقلت من الباطن إلى الظاهر فوجد خروج النجس من الآدمي الحي ليكون حدثاً إلا أن بعضها يوجب الغسل، وهو المني، ودم الحيض والنفاس، وبعضها يوجب الوضوء، وهو المذي والودي ودم الاستحاضة. (بدائع الصنائع: (۲۵/۱) كتاب الطهارة، فصل في بيان ما ينقض الوضوء، ط: سعيد)

(۲) قال الحنابلة: ينتقض الوضوء بكل ما يوجب الغسل غير الموت، لأنه يوجب الغسل ولا يوجب الوضوء. (الفقه الإسلامي وأدلته: (۳۳۶/۱) الباب الأول: الطهارات، المطلب السابع: نواقض الوضوء، ما يوجب الغسل، ط: دار الفكر، دمشق)

(۲) ومنها الاغماء والجنون والغشي والسكر، الاغماء ينقض الوضوء قليله وكثيره وكذا الجنون والغشي. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۲/۱) ط: رشيدية)

(۳) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني نوع آخر في النوم والغشي والجنون، (۱۳۸/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

(۴) رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱۴۴/۱) ط: سعيد

# غیبت

غیبت کرنا بہت بڑا گناہ ہے، اس سے بچنا لازم ہے۔ (۱)

البتہ وضو کرنے کے بعد کسی مسلمان بھائی کی غیبت کرنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اسی وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے۔ (۲)

# غیر مختون

''ختنہ نہیں ہوا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۹/۱)

# غیر مسلم پانی دینے والا ہے

بس، کوچ یا ریلوے اسٹیشن پر اگر پانی دینے والا غیر مسلم ہے، تو اس سے پانی لے کر وضو کر لینا جائز ہے، ہاں اگر یقین ہو کہ اس کا برتن ناپاک ہے، تو پھر تیمم کرنا

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ولا یغتب بعضکم بعضاً أیحبّ أحدکم أن یأکل لحم أخیه میتاً فکرهتموه﴾. [الحجرات: ۱۲]

☆ والآية دالة على حرمة الغيبة. وقد نقل القرطبي وغيره الإجماع على أنّها كبيرة. (روح المعاني: (۳۱۰/۱۳) سورة الحجرات: ۱۲، ط: دار الكتب العلمية)

☆ أخرج الشيخان عن أبي بكر رضي الله عنه أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في خطبة الوداع: إن دماء كم وأعراضكم حرام عليكم كحرمة يومكم هذا، في شهركم هذا، في بلدكم هذا، ألا هل بلغت. ومسلم: كل مسلم على المسلم حرام دمه، وعرضه و ماله. (الزواجر عن اقتراف الكبائر: (۱۲/۲) كتاب النكاح، الكبيرة الثامنة والأربعون بعد المائتين: الغيبة والسكوت عليها رضا وتقرير، ط: دار الفكر، بيروت)

(۲) ومندوب في نيف وثلاثين موضعا ذكرتها في الخزائن منها بعد كذب وغيبة وقهقهة.....

ردالمحتار، كتاب الطهارة (۸۹/۱) ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث (۹/۱) ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱۶/۱) ط: سعيد

جائز ہے۔[۱]

واضح رہے کہ ٹینشن وغیرہ پر جو پانی تقسیم ہوتا ہے اگر اس میں اور برتن میں نجاست نظر نہ آئے تو پاک ہے، استعمال کرنا درست ہے، خوامخواہ شبہ نہیں کرنا چاہئے۔[۲]

---

(۱) ولو ادخل الكفار او الصبيان ايديهم لاينجس إذا لم يكن على ايديهم نجاسة حقيقة ..... ولو ادخل الصبي يده في الإناء ..... لايتوضأ به احتياطا ..... ولو توضأ به جاز ؛ لأنه لاينجس بالشک. ) حلبي كبير : (ص: ۱۳۰) فصل في الحياض ، ط: سهيل اكيڈمی لاهور )

⇐ ويجوز للرجل أن يتوضأ من الحوض الذي يخاف أن يكون فيه قذر ولايتيقّن به وليس عليه أن يسأل عنه ، ولا يدع التوضؤ منه حتى يتيقن أن فيه قذرًا للأثر . (الفتاوىٰ الهندية : (۲۵/۱) كتاب الطهارة ، الباب الثالث في المياه ، الفصل الثاني فيما لايجوز به التوضؤ ، ط: رشيديه )

⇐ المحيط البرهاني : (۲۵۲/۱) كتاب الطهارات ، الفصل الرابع في المياه الّتي يجوز بها الوضوء والّتي لايجوز بها الوضوء ، ط: إدارة القرآن .

⇐ (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار)لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شئ الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير ، كتاب الطهارة، باب الماء الذى يجوز به الوضوء وما لايجوز ، (۱/۲۱-۲۰) ط:رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۶۶/۱) ط:سعيد

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ، (۱۷۹/۱) ط:سعيد

(۲) لاباس بالوضوء اذا لم يغير احد اوصافه كذا في شرح الوقاية وفي النصاب وعليه الفتوى كذا في المضمرات.

( الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول ، (۱۷/۱) ط:رشيدية

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثالث، (۱۶۳/۱) ط:ادارة القرآن

## ﴿ ف ﴾

# فاقد الطہورین

☆"فاقد الطہورین" یعنی جسے پاک کرنے والی دونوں چیزیں پانی اور مٹی وغیرہ دستیاب نہ ہو، اسے چاہئے کہ نماز کی ظاہری صورت عمل میں لائے، یعنی قبلہ رخ ہو کر قیام، رکوع اور سجدہ وغیرہ سب کی نقل اتارے لیکن نماز کی نیت نہ کرے، قرأت بھی نہ کرے، تسبیح نہ پڑھے، تشہد بھی نہ پڑھے، خواہ حالت جنابت میں ہو یا حدث اصغر لاحق ہو، صرف مشابہت اختیار کرے، پھر جب وضو کے لئے پانی ہو یا تیمم کے لئے پاک مٹی مل جائے، تو وضو یا تیمم کرکے اس نماز کو دوبارہ پڑھے۔[۱]

☆مزید "پانی اور مٹی نہ ملے" عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔ (۱۵۳/۱)

# فالج زدہ مریض

اگر فالج زدہ مریض خود وضو کرنے پر قادر نہیں ہے، یا گرم پانی کے بغیر وضو نہیں کر سکتا اگر اس کے پاس کوئی وضو کرانے والا نہیں ہے، یا گرم پانی نہیں ہے تو وہ تیمم کر سکتا ہے۔[۲]

---

[۱] (والمحصور فاقد) الماء والتراب (الطهورين) بان حبس في مكان نجس ولا يمكنه اخراج تراب مطهر وكذا العاجز عنهما لمرض (يؤخر عنده، وقالا يتشبه) بالمصلين وجوبا فيركع ويسجد ان وجد مكانا يابسا والا يؤمي قائما ثم يعيد كالصوم (به يفتى واليه صح رجوعه) اي الامام كما في الفيض. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵۱-۲۵۲) ط: سعيد)

[۲] البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۶۳/۱) ط: سعيد

فتح القدير، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۲۵/۱) ط: رشيدية

(من عجز) مبتدا خبره تيمم ...... (او لمرض) يشتد او يمتد ...... (او برد) يهلك الجنب او يمرضه ...... (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۲-۲۳۳/۱) ط: سعيد) =

# فرائض وضو

''وضو کے فرائض'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۳۵۹)

# فرشتوں کی دعا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی وضو کر کے نماز کے لئے مسجد کی جانب آتا ہے تو جب تک نماز کے انتظار میں رہتا ہے نماز کا ثواب پاتا ہے، اور جب تک وہ نماز پڑھ کر اس جگہ بیٹھا رہتا ہے فرشتے اس کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں کہ اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! اس پر رحم فرما، اس کی توبہ قبول فرما، یہ تب تک ہوتا ہے جب تک ؛؛

= ويجوز التيمم اذا خاف الجنب اذا اغتسل بالماء ان يقتله البرد او يمرضه هذا اذا كان في خارج المصر اجماعا فان كان في المصر فكذا عند ابي حنيفة خلافا لهما والخلاف فيما اذا لم يجد ما يدخل به الحمام فان وجد لم يجز اجماعا وفيما اذا لم يقدر على تسخين الماء فان قدر لم يجز ، هكذا في السراج الوهاج. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۸/۱) ط:رشيدية)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة ، (۱۴۰/۱) ط:سعيد

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز ، (۲۴۳/۱) ط:ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

⇐ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۲۳۳/۱) ط:سعيد

⇐ ولا فرق عندنا بين ان يشتد بالتحرك كالمبطون او بالاستعمال كالجدري او كان لا يجد من يوضئه ولا يقدر بنفسه اتفاقا وان وجد خادما كعبده وولده واجيره لا يجزئه التيمم اتفاقا كما نقله في المحيط وان وجد غير خادمه من لو استعان به اعانه ولو زوجته فظاهر المذهب انه لا يتيمم من غير خلاف بين ابي حنيفة و صاحبيه كما يفيده كلام المبسوط والبدائع وغيرهما. ...
(البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۰/۱) ط:سعيد)

⇐ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ، (۲۳۳/۱) ط:سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول ، (۲۸/۱) ط:رشيدية

باوضو بیٹھے رہنے سے آدمی کی تعریف ہوتی ہے۔ (۱)

## فرشتہ کے ساتھ سونا

وضو کرکے سونے سے ایک فرشتہ بھی بستر میں ساتھ ہوتا ہے، اور وہ فرشتہ اس آدمی کے لیے مغفرت کی دعا کرتا ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ جو باوضو سوتا ہے اس کے ساتھ بستر میں ایک فرشتہ ہوتا ہے، جب بھی یہ استغفار کرتا ہے تو فرشتہ اس کے حق میں دعا کرتا ہے کہ اے اللہ! فلاں بن فلاں کی مغفرت فرما اس نے رات پاکی کے ساتھ گزاری۔ (۲)

---

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا توضأ أحدكم ثم أتى المسجد لا ينهزه إلا الصلاة، لا يريد إلا الصلاة، فإذا دخل المسجد كان في صلاة ما كانت الصلاة هي تحبسه، والملائكة يصلون على أحدكم ما دام في مجلسه الذي صلى فيه، فيقولون: اللهم اغفر له، اللهم ارحمه، اللهم تب عليه ما لم يؤذ فيه، ما لم يحدث فيه. (صحيح ابن خزيمة: (۳۸۰/۲) رقم الحديث: ۱۵۰۳، كتاب الإمامة، باب فضل الجلوس في المسجد، و انتظار الصلاة ... الخ، ط: المكتب الإسلامي، بيروت)

☆ صحيح البخاري: (۲۸۳/۱) كتاب البيوع، باب ما ذكر في الأسواق، ط: قديمي.

☆ سنن ابن ماجه: (ص: ۵۶) أبواب الصلاة، باب المشي إلى الصلاة، ط: قديمي.

(۲) عن ابن عمر رضي الله عنه من بات طاهرًا بات في شعاره ملك، فلا يستغفر ساعة من الليل إلا قال الملك: اللهم اغفر لعبدك فلان، فإنه بات طاهرًا. (اتحاف السادة المتقين: (۳۶۷/۲) كتاب أسرار الطهارة، باب قضاء الحاجة، فضيلة الوضوء، ط: مؤسسة التاريخ العربي)

☆ كشف الأستار: (۱۵۰/۱) رقم الحديث: ۲۸۸، كتاب الطهارة، باب فيمن بيت على طهارة، ط: مؤسسة الرسالة.

☆ عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من بات طاهرًا بات في شعاره ملك، فلا يستيقظ ساعة من الليل إلا قال الملك: اللهم اغفر لعبدك فلان، فإنه بات طاهرًا. (مسند عبد الله بن المبارك: (۳۷/۱) رقم الحديث: ۶۳، الصلاة، من بات طاهرًا بات في شعاره ملك ... الخ، ط: مكتبة المعارف، الرياض) =

# فصد کرائی

''خون نکلوایا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۲۹/۱)

# فضائل وضو

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''طہارت آدھا ایمان ہے''۔
اور طہارت میں وضو بھی داخل ہے۔

ایمان کے دو حصے ہیں: اعتقاد اور عمل، اور عمل کا سب سے بڑا حصہ نماز ہے اور نماز طہارت (پاکی) پر موقوف ہے۔ اس لئے اس کو آدھا ایمان فرمایا ہے۔ (۱)

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وضو کرنے سے اللہ تعالیٰ چھوٹے گناہوں کو معاف کرتا ہے۔ اور آخرت میں بڑے مرتبے دیتا ہے، اور وضو کرنے سے تمام بدن کے گناہ نکل جاتے ہیں۔

---

= ⇐ صحیح ابن حبان: (۳۲۸/۳) رقم الحدیث: ۱۰۵۱، کتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ذكر استغفار الملك للبائت متطهراً عند استيقاظه، ط: مؤسسة الرسالة بيروت.

⇐ مجمع الزوائد: (۲۲٦/۱) رقم الحديث: ۱۱۴۴، كتاب الطهارة، باب فيمن يبيت على طهارة، ط: مكتبة القدسي، القاهرة.

(۱) عن أبي إسحاق، عن جرى النهدى، عن رجل من بني سليم، قال: عدهن رسول الله صلى الله عليه وسلم في يدي أو في يده، التسبيح نصف الميزان، والحمد يملؤه، والتكبير يملأ ما بين السماء والأرض، والصوم نصف الصبر، والطهور نصف الإيمان. (جامع الترمذي: (۱۹۱/۱) أبواب الدعوات، ط: قديمي)

⇐ عن أبي مالك الأشعري قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الطهور شطر الإيمان الحديث. (صحيح مسلم: (۱۱۸/۱) كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ط: قديمي)

⇐ مشكاة المصابيح: (ص: ۳۸) كتاب الطهارة، الفصل الأول، ط: قديمي.

⇐ ويحتمل أن يكون معناه أن الإيمان تصديق بالقلب وانقياد بالظاهر وهما شرطان للإيمان والطهارة متضمنة الصلوة فهي انقياد في الظاهر. (شرح المسلم للنووي: (۱۱۸/۱) كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء، ط: قديمي)

☆ بعض احادیث میں ہے کہ چہرہ دھونے سے آنکھ کے گناہ معاف ہوتے ہیں، اور ہاتھ دھونے سے ہاتھ کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اور پیر دھونے سے پیر کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، یعنی ظاہری میل کے ساتھ گناہ بھی دھل جاتے ہیں، یہاں تک کہ آدمی وضو کے بعد گناہوں سے پاک ہوجاتا ہے۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی مسلمان مسنون طریقے سے وضو کرے، اور اس کے بعد کلمۂ شہادت پڑھے، اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے، جس دروازے سے چاہے داخل ہوجائے۔ (1)

(1) عن ابي مالك الأشعري قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : الطهور شطر الايمان الحديث. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، (۳۸/۱) ط: قديمي)

☆ عن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : الا ادلكم على ما يمحو الله به الخطايا ويرفع به الدرجات؟ قالوا: بلى يا رسول الله! قال: اسباغ الوضوء على المكاره وكثرة الخطا الى المساجد وانتظار الصلاة بعد الصلاة فذلكم الرباط، وفي حديث مالك بن انس فذلكم الرباط فذلكم الرباط مرتين رواه مسلم، وفي رواية الترمذي ثلاثا. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، (۳۸/۱) ط: قديمي)

☆ عن عثمان قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من توضأ فاحسن الوضوء خرجت خطاياه من جسده حتى تخرج من تحت اظفاره، متفق عليه

وعن ابي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : اذا توضأ العبد المسلم او المؤمن فغسل وجهه خرج من وجهه كل خطيئة نظر اليها بعينيه مع الماء او مع آخر قطر الماء فاذا غسل يديه خرج من يديه كل خطيئة كان بطشتها يداه مع الماء او مع آخر قطر الماء فاذا غسل رجليه خرج كل خطيئة مشتها رجلاه مع الماء او مع آخر قطر الماء حتى يخرج نقيا من الذنوب، رواه مسلم. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، (۳۸/۱) ط: قديمي)

☆ عن عمر بن الخطاب قال: قال رسول الله ﷺ : من توضأ فاحسن الوضوء ثم قال: اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له واشهد ان محمدا عبده ورسوله اللهم اجعلني من التوابين واجعلني من المتطهرين فتحت له ثمانية ابواب الجنة يدخل من ايها شاء. (سنن الترمذي، كتاب الطهارة، باب فيما يقال بعد الوضوء، رقم الحديث: ۵۵، (۷۸/۱) ط: دار احياء التراث العربي)

☆ سنن النسائي، كتاب الطهارة، القول بعد الفراغ من الوضوء، رقم الحديث: ۱۴۱، (۹۳/۱) ط: دار الكتب العلمية.

☆ مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، (۳۹/۱) ط: قديمي.

## فقہ کی کتابوں کو بے وضو ہاتھ لگانا

فقہ کی کتابوں کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے، البتہ وضو کے ساتھ ہاتھ لگانا بہتر ہے۔(۱)

## فلم بینی سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

ٹی وی، وی سی آر یا فلم وغیرہ دیکھنا ناجائز اور حرام ہے، یہ فاسق فاجروں کا کام ہے، اس سے انسان گناہگار ہو جاتا ہے۔(۲)

---

(۱) ويكره مس المصحف كما يكره للجنب و كذا كتب الأحاديث والفقه عندهما والأصح أنه لا يكره عنده اهـ قال في شرح المنية: وجه قوله انه لا يسمى مسا للقرآن لأن ما فيها منه بمنزلة التابع اهـ ومشى في الفتح على الكراهة فقال: قالوا: يكره مس كتب التفسير والفقه والسنن لأنها لا تخلو عن آيات القرآن وهذا التعليل يمنع من شروح النحو اهـ. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷٦/۱) ط:سعيد)

؏ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۲/۱) ط:سعيد.

؏ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۵۰/۱) ط: رشيديه.

(۲) وفي السراج: ودلت المسألة ان الملاهي كلها حرام، ويدخل عليهم بلا إذنهم، لإنكار المنكر قال ابن مسعود رضي الله عنه: صوت اللهو والغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء النبات ". قلت: وفي البزازية: استماع الملاهي معصية والجلوس عليها فسق، والتلذذ بها كفر " اي بالنعمة فصرف الجوارح إلى غير ما خلق لأجله كفر بالنعمة لا شكر، فالواجب كل الواجب ان يجتنب كي لا يسمع، لما روى انه عليه الصلاة والسلام ادخل اصبعه في اذنه عند سماعه.

وفي الرد: ذكر شيخ الإسلام انّ كل ذلك مكروه عند علمائنا: واحتج بقوله تعالىٰ: ﴿ ومن النّاس من يشتري لهو الحديث ﴾ الآية، جاء في التفسير: انّ المراد الغناء ---- سماع غناء، فهو حرام بإجماع العلماء ... والحاصل: انه لا رخصة في السماع في زماننا. (الدر مع الرد: (۳۴۹/٦) كتاب الحظر والإباحة، ط: سعيد)

؏ الفتاوى الهندية: (۳۵۴/۵) كتاب الكراهية، الباب السابع عشر في الغناء واللهو، ط: رشيديه.

؏ امّا التلفزيون والفديو، فلا شك في حرمة استعمالها بالنظر إلى ما يشتملان عليه من المنكرات الكثيرة من الخلاعة والمجون، والكشف عن النّساء المتبرجات او العاريات، وما إلى ذلك =

جبکہ اگر اس سے مذی وغیرہ خارج نہیں ہوئی تو وضو باقی رہے گا، ورنہ مذی وغیرہ خارج ہونے کی صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

واضح رہے کہ گناہ کا کام کرنے کے بعد وضو کرنا بہتر ہے۔ (۲)

---

(۱) من أسباب الفسوق. (تكملة فتح الملهم: (۳/ ۲۲۳) كتاب اللباس والزينة، باب تحريم صورة الحيوان، ط: دار العلوم كراچی)

المذي ينقض الوضوء (الفتاوى الهندية: (۱/ ۱۰) كتاب الطهارة، الفصل الخامس: في نواقض الوضوء، ط: رشيدية)

- الفتاوى التاتارخانية، (۱/ ۲۳۲) كتاب الطهارة، الفصل الثاني في موجب الوضوء، ط: [illegible]

- وليس في المذي والودي غسل وفيهما الوضوء، لقوله عليه الصلاة والسلام: كل فحل يمذي وفيه الوضوء. (البناية: (۱/ ۳۳۳) فصل في الغسل، ط: الصباح)

(۲) ومندوب في نيف وثلاثين موضعا ذكرتها في الخزائن منها بعد كذب وغيبة — وبعد كل خطيئة. (رد المحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۸۹-۹۰) ط: سعيد)

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/ ۹) ط: رشيدية

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۶) ط: سعيد

= ومندوب للنوم على طهارة وإذا استيقظ منه...... وبعد غيبة وكذب ونميمة وكل خطيئة. نور الإيضاح فصل الوضوء على ثلاثة أقسام.

﴿......ق......﴾

## قاعدہ

وضو میں اعضاء کے شمار اور گنتی کا اعتبار کرنے میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر ایک یا دو عضو زخمی ہیں تو وضو کر لینا چاہئے، صحیح سالم اعضاء کو دھولے اور باقی اعضاء پر مسح کرے۔ اور اگر تین عضو میں عذر ہے تو وضو معاف ہے، اب تیمم کرے اور جو حصہ صحیح سالم ہے اس کو بھی نہ دھوئے۔

اور غسل میں پیمائش اور مساحت کا اعتبار ہے، جب آدھے سے زیادہ بدن دھونے سے معذور ہو تو تیمم جائز ہے، اور جب زیادہ حصہ صحیح ہو تو اس کو دھونا اور باقی پر مسح کرنا ضروری ہے، غسل میں اعضاء کا شمار معتبر نہیں ہے۔

مثلاً اگر کوئی آدمی سینہ سے پاؤں تک زخمی ہے، تو تیمم کرنا جائز ہے، حالانکہ جو اعضاء تندرست ہیں وہ شمار کے اعتبار سے زیادہ ہیں، مثلاً ہاتھ، سر، آنکھ، ناک، کان وغیرہ شمار کے اعتبار سے زیادہ ہیں۔ [1]

---

(۱) (يتيمم لو كان أكثر) أي أكثر أعضاء الوضوء عددا وفي الغسل مساحة (مجروحا) أو به جدري اعتبارا للأكثر (وبعكسه يغسل) الصحيح ويمسح الجريح (و) كذا (إن استويا غسل الصحيح) من أعضاء الوضوء ولا رواية في الغسل (ومسح الباقي) منها (وهو الأصح لأنه (الأحوط) وكان أولى.

وفي الرد: وقد اختلفوا في حد الكثرة فمنهم من اعتبرها في نفس العضو حتى لو كان أكثر كل عضو من الأعضاء الواجب غسلها جريحا تيمم وإن كان صحيحا يغسل وقيل في عدد الأعضاء حتى لو كان رأسه ووجهه ويداه مجروحة دون رجليه مثلا تيمم وفي العكس لا اهـ درر البحار قال في البحر: وفي الحقائق المختار الثاني ولا يخفى أن الخلاف في الوضوء أما في الغسل فالظاهر اعتبار أكثر البدن مساحة اهـ. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۵۷) ط:سعيد)

ﻭ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر في بيان من يجوز له التيمم ومن لا يجوز له، (۱/۲۴۲) ط:ادارة القرآن

ﻭ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۶۳) ط:سعيد

اگر جسم میں ایسے زخم ہوں کہ ان کو پانی میں نہیں ڈال سکتے اور دوسرے سے غسل بھی نہیں کرا سکتے تو تیمم جائز ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ کسی دوسرے سے پانی ڈلوا کر نہا لے۔ (۱)

اگر زیادہ تر حصے بدن پر زخم ہیں لیکن تندرست جگہ پر پانی پڑنے سے زخموں کو تکلیف پہنچے گی تو تیمم جائز ہے۔ (۲)

جب پانی کے ضرر کرنے اور بیمار ہوجانے یا مرض بڑھ جانے کا اندیشہ اسی وقت میں معتبر ہے کہ خود اپنی عادت سے معلوم ہو، یا عام تجربہ اور مشاہدہ سے معلوم ہو، یا کوئی معتبر طبیب اور ڈاکٹر کہے کہ ضرر ہوگا یا مرض بڑھ جائے گا یا دیر میں اچھا ہوگا تو ان صورتوں میں تیمم کرنا جائز ہوگا۔ (۳)

---

(۱) (ولو به شقاق) ولا يقدر على الماء تيمم.
(قوله: ولا يقدر على الماء) أي على استعماله لمانع في اليد الأخرى. قوله: تيمم) زاد في البحر: وصلاته جائزة عنده خلافًا لهما. (الدر مع الرد: (۱/۱۰۲) كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق ... الخ، ط: سعيد)

(۲) تيمم لو الجرح بيديه وإن وجد من يوضئه خلافًا لهما.
(قوله: وإن وجد من يوضئه) أي بناء على ما مر من أنه لا يعد قادرًا بقدرة غيره عند الإمام لكن عبر عنه في القنية والمبتغى بقيل جازمًا بالغسل، وهو الموافق لما مر في المريض العاجز، من أنه لو وجد من يعينه لا يتيمم في ظاهر الرواية، فتنبه لذلك. (الدر مع الرد: (۱/۲۵۸) كتاب الطهارة، مطلب فاقد الطهورين، ط: سعيد)

(تبيين الحقائق: (۱/۳۷) كتاب الطهارة، ط: إمداديه ملتان.

(۳) (وتيمم لو كان أكثره) أي أكثر أعضاء الوضوء عددًا ... (مجروحًا) أو به جدري اعتبارًا للأكثر (وبعكسه يغسل) الصحيح ويمسح الجريح (و) كذا (إن استويا غسل الصحيح من أعضاء الوضوء) (قوله: وبعكسه) وهو ما لو كان أكثر الأعضاء صحيحًا يغسل الخ، لكن إذا كان يمكنه غسل الصحيح بدون إصابة الجرح وإلا تيمم حلية. (الدر مع الرد: (۱/۲۵۷) كتاب الطهارة، مطلب فاقد الطهورين، ط: سعيد)

(من عجز) عن استعمال الماء لبعده ميلًا أو لمرض يشتد أو يمتد بغلبة ظن أو قول حاذق مسلم

بدن سے جس چیز کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، وہ چیز ناپاک ہوتی ہے اور جس چیز کے نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا وہ ناپاک بھی نہیں ہوتی۔

اگر تھوڑا سا خون نکل کر زخم سے بہا نہیں، یا ذرا سی قے ہوئی، منہ بھر کر نہیں ہوئی، اور اس میں کھانا یا پانی یا پت یا جما ہوا خون نکلا، تو یہ تھوڑا سا خون اور یہ تھوڑی سی قے ناپاک نہیں ہے، اگر کپڑے یا بدن میں لگ جائے تو ناپاک نہیں ہوگا، اور اس کا دھونا واجب نہیں ہوگا۔

اور اگر منہ بھر کر قے ہوئی یا خون نکل کر زخم سے بہہ گیا تو وہ ناپاک ہے، اس کا دھونا واجب ہے، اور اگر منہ بھر کر قے کر کے کسی برتن مثلاً کٹورے، گلاس یا لوٹے کو منہ لگا کر کلی کے واسطے پانی لیا تو وہ برتن ناپاک ہو جائے گا، اس لئے ایسی حالت میں ہاتھ سے پانی لے کر کلی کرنی چاہئے، اور ایسے برتن وغیرہ کو بعد میں دھو کر پاک کر کے استعمال کریں۔ (۱)

---

= وفی الرد: (قوله: بغلبة ظن) ای عن امارة او تجربة، شرح المنية (قوله: او قول حاذق مسلم) ای اخبار طبیب حاذق مسلم غیر ظاهر الفسق وقیل عدالته شرط، شرح المنية.

⇐ (رد المحتار، کتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۳/۱) ط: سعید)

⇐ البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۰/۱) ط: سعید

⇐ الفتاوى الهندية، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الأول، (۲۸/۱) ط: رشیدیة

(۱) (و) کل (ما لیس بحدث) اصلا بقرينة زيادة الباء كقيء قليل و دم لو ترک لم یسل (لیس بنجس) عند الثاني و هو الصحيح رفقا بأصحاب القروح خلافا لمحمد و في الجوهرة: يفتى بقول محمد لو المصاب مائعا.

(قوله: مائعا) أي كالماء ونحوه، لما في الثياب والأبدان فيفتى بقول أبي يوسف.

(الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، (۱۴۰/۱) ط: سعید)

⇐ حاشية الطحطاوي على الدر المختار: (۸۱/۱) کتاب الطهارة، ط: المكتبة العربية.

⇐ الفتاوى الهندية، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۱/۱، ۱۲) ط: رشیدیة

⇐ فتح القدير، کتاب الطهارات، (۴۷/۱) ط: دار الكتب العلمية

⇐ وإذا تنجس فمه فشرب الماء من فوره تنجس، وإن كان بعد ما تردد البزاق في فمه مرات =

## قافلہ کے قریب پیشاب کرنا

کسی قافلہ کے قریب پیشاب، پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۱)

## قبر پر پاخانہ یا پیشاب کرنا

قبر کے اوپر یا قریب میں پاخانہ پیشاب کرنا حرام ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ مقبرہ نصیحت وعبرت حاصل کرنے کا مقام ہے، لہذا یہ بڑی بدتمیزی اور بداخلاقی ہوگی کہ وہاں پر انسان اپنی شرمگاہ کھولے، اور اس کو نکلنے والی گندگی سے آلودہ کرے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کی زیارت کرنے کی ترغیب دی ہے، تاکہ آخرت کی یاد آئے اور دنیا سے بے رغبت ہوجائے، تو لوگ جس مقام پر عبرت حاصل کرنے اور آخرت کی یاد کے لئے آتے ہیں، اس مقام کو پاخانہ پیشاب کی جگہ بنالینا جہالت اور حماقت ہی ہے، قبروں کی زیارت میں عبرت حاصل کرنا، نصیحت پکڑنا، اور دل میں اللہ کا ڈر پیدا کرنا مقصد ہے اور یہ حرکت ان تمام چیزوں کے منافی ہے مزید یہ کہ ایسی حرکت سے مقبروں کی توہین ہے۔ (۲)

---

= والفاه او ابتلعه قبل الشرب فلایکون سوره نجسا عند ابي حنيفة وابي يوسف لكنه مكروه لقول محمد بعدم طهارة النجاسة بالبزاق عنده.

(قوله: وإذا تنجس فمه) كان شرب خمرًا او اكل او شرب نجسًا او قاء ملء الفم. (حاشية الطحطاوي على المراقي: (ص: ۲۹) كتاب الطهارة، فصل في بيان احكام السؤر، ط: قديمي)

۔ حلبي كبير: (ص: ۱۶۵) فصل في الآسار، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

(۱) وكذا يكره ..... في ظل ينتفع بالجلوس فيه (ويجتنب مسجد ومصلى عيد وفي مقابر وبين دواب وفي طريق) الناس (و) في (مهب ريح وجحر فارة او حية او نملة او ثقب) زاد العيني: والى موضع يعبر عليه احد او يقعد عليه ويجتنب طريق او قافلة او خيمة. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الاستنجاء، (۱/۳۴۳) ط: سعيد)

۔ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس، (۱/۲۴۳) ط: سعيد

۔ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰) ط: سعيد

(۲) عن ابن مسعود رضى الله عنه انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: كنت نهيتكم عن =

..................................................

= زيارة القبور فزوروها ، فإنّها تزهد في الدنيا ، وتذكر الآخرة . ( مشكاة المصابيح : (١/
١٥٣) كتاب الجنائز ، باب زيارة القبور ، الفصل الثالث ، ط: قديمي )

: وعن عائشة رضي الله عنها ، قالت : كنت أدخل بيتي الذي فيه رسول الله صلى الله عليه وسلم وإنّي واضع ثوبي ، وأقول : إنّما هو زوجي وأبي ، فلما دفن عمر رضي الله عنه معهم فوالله ما دخلت إلّا و أنا مشدودة علي ثيابي حياء من عمر . رواه أحمد ( مشكاة المصابيح ) في الطيبي : فيه أنّ احترام الميت كاحترامه حيًّا .

وفي شرح الصدور للسيوطي : أخرج ابن أبي شيبة عن عقبة بن عامر الصحابي رضي الله عنه قال : لأن أطأ على جمرة أو على حد سيف حتى تخطف رجلي أحب إلي من أن أمشي على قبر رجل ، وما أبالي في القبور قضيت حاجتي أي من البول والغائط أم في السوق بين ظهرانيه ، والناس ينظرون وأخرج ابن أبي الدنيا في كتاب القبور عن سليم بن غفرانة مرّ على مقبرة هو حاقن قد غلبه البول ، فقيل له : لو نزلت فبلت ، قال : سبحان الله ، والله إنّي لأستحيي من الأموات كما أستحيي من الأحياء . (مرقاة المفاتيح : (٣/٢٢٢) كتاب الجنائز ، باب زيارة القبور ، الفصل الثالث ، ط: رشيديه)

وكان هديه ( صلى الله عليه وسلم ) أن لا تهان القبور وتوطأ ، وألا يجلس عليها ، ويتكأ عليها . ( زاد المعاد : (١/٥٠٧) فصل : لا تتخذ القبور مساجد ، ط: مؤسّسة الرسالة ، بيروت )

ت في الحديث دليل على تحريم العبادة عند القبر ..... وإنّما هدي الإسلام أن القبور تزار من أجل السلام على الأموات ، والدعاء لهم بالمغفرة ، واتعاظ الزائر بأحوال الموتى ، هذا هو هدي الإسلام في القبور ، وأن لاتهان القبور أيضًا ولا تمتهن ، بل يحافظ عليها ، فلاتهان ولا تداس . فهدي الإسلام وسط بين الإفراط و التفريط ، بين الغلو فيها وبين التساهل في شأنها وإهانتها ، يحافظ عليها الإسلام ، ولكنه لايغلو فيها ، هدى الإسلام هو الوسط في كل شيء ، والحمد لله ، لأنّ من النّاس من يمتهن القبور ، ويبني عليها المساكن ، أو يجعلها محلاً للقمامات ، والقاذورات أو يدوس الأقدام عليها أو مرور الحيوانات عليها أو يقضون حوائجهم ويبولون عليها ، وهذا حرام لايقره الإسلام . (إعانة المستفيد بشرح كتاب التوحيد لصالح بن فوزان ، (١/٢٨٩) الباب العشرون : باب ما جاء في التغليظ فيمن عبد الله عند قبر رجل صالح ، فيكف إذا عبده ؟ ، ط: مؤسّسة الرسالة )

ے وكذا يكره ... في ظل ينتفع بالجلوس فيه (وبجنب مسجد ومصلى عيد وفي مقابر وبين دواب وفي طريق ) الناس (و) في (مهب ريح وجحر فأرة او حية او نملة او ثقب ) زاد العيني وفي موضع يعبر عليه احد او يقعد عليه وبجنب طريق او قافلة او خيمة.

( الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة ، باب الاستنجاء ، (١/٣٤٣) ط:سعيد )

ے البحر الرائق ،كتاب الطهارة ، باب الانجاس ، (١/٢٤٣) ط:سعيد

: الفتاوى الهندية ،كتاب الطهارة ، الباب السابع ، الفصل الثالث ، (١/٥٠) ط:سعيد

# قبر پر وضو کرنا

☆ قبر پر وضو کرنا درست نہیں۔

☆ ایسی جگہ پر بھی وضو کرنا درست نہیں، جہاں سے پانی قبر پر گرے۔ (۱)

# قبرستان میں پیشاب پاخانہ کرنا

قبرستان میں پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ (۲)

# قبر والوں کو عذاب

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے، تو آپ نے فرمایا، ان دونوں قبر والوں کو قبر کا عذاب ہو رہا ہے، اور ان کو بہت بڑی چیز کے بارے میں عذاب نہیں ہو رہا ہے، ان میں سے ایک پیشاب سے نہیں بچتا تھا، اور دوسرا چغل خوری کرتا تھا۔

(حالانکہ یہ دونوں چیزیں ایسی نہیں تھیں کہ ان سے بچنا مشکل ہو، آسانی کے ساتھ بچ سکتے تھے)۔ (۳)

---

(۱) نفس المرجع السابق.

(۲) تقدم تخريجه تحت العنوان "قبر پر پاخانہ یا پیشاب کرنا"

(۳) عن ابن عباس رضي الله عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه مر بقبرين يعذبان فقال إنهما ليعذبان وما يعذبان في كبير أما أحدهما فكان لا يستتر من البول وأما الآخر فكان يمشي بالنميمة ثم أخذ جريدة رطبة فشقها بنصفين ثم غرز في كل قبر واحدة فقالوا يا رسول الله لم صنعت هذا؟ فقال لعله أن يخفف عنهما ما لم ييبسا. (صحيح البخاري، كتاب الجنائز، باب الجريد على القبر، (۱/۱۸۲) ط: قديمي)

☆ جامع الترمذي، أبواب الطهارة، باب التشديد في البول، (۱/ ۲۱) ط: قديمي

☆ صحيح ابن حبان، كتاب الجنائز، باب المريض وما يتعلق به، رقم الحديث: ۳۱۲۹، (۷/۳۹۹) ط: مؤسسة الرسالة

# قبلہ رُخ ہوکر ڈھیلہ استعمال کرنا

ڈھیلہ استعمال کرتے وقت قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ تنزیہی ہے۔ (۱)

# قبلہ کی جانب رخ کر کے استنجاء کرنا

استنجاء کرتے وقت قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کرنا مکروہ ہے۔ (۲)

# قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کر کے پاخانہ پیشاب کرنا

☆ قبلہ کی جانب منہ یا پیٹھ کر کے پاخانہ یا پیشاب کرنا حرام ہے، خواہ گھر کے اندر ہو یا میدان میں یا جنگل میں ہر جگہ حرام ہے۔

☆ اگر کوئی شخص غلطی سے پاخانہ پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ

---

(۱) ومن المكروهات أن يستقبل القبلة مطلقًا، وأمّا عند الإستجاء فمكروه تنزيهي خلاف الأدب كمد الرجل إلى القبلة كما في الحلبي وعند قضاء الحاجة تحريمي. (بريقة محمودية في شرح طريقة محمدية: (۱۱۵/۴) الباب الثاني في الأمور المهمة في الشريعة المحمدية، الفصل الثالث في التقوى، النوع الثالث: الأعضاء التي تجري فيها التقوى، الصنف السابع في آفات الفرج، ط: مطبعة الحلبي)

☆ (كما كره) تحريما (استقبال قبلة واستدبارها لـ) أجل (بول أو غائط) فلو للاستجاء لم يكره (ولو في بنيان) لاطلاق النهي (فإن جلس مستقبلا لها) غافلا (ثم ذكره انحرف) ندبا لحديث الطبري: من جلس يبول قبالة القبلة فذكرها فتحرف عنها اجلالا لها لم يقم من مجلسه حتى يغفر له، (إن أمكنه وإلا فلا) بأس.

وفي الرد: (قوله: لم يكره) أي تحريما لما في المنية أن تركه أدب ولما مر في الغسل أن من آدابه أن لا يستقبل القبلة لأنه يكون غالبا مع كشف العورة حتى لو كانت مستورة لا بأس به ولقولهم يكره مد الرجلين الى القبلة في النوم وغيره عمدا وكذا في حال مواقعة أهله.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (۳۴۱/۱) ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۵۰/۱) ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس (۲۴۳/۱) ط: سعيد

(۲) نفس المرجع السابق.

کر کے بیٹھ جائے تو یاد آنے پر اگر قبلہ کی جانب سے مڑ جانا ممکن ہے تو فوراً مڑ جائے ورنہ جہاں تک ممکن ہو پاخانہ میں قبلہ کی جانب منہ ہونے سے بچے۔[1]

## قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے پیشاب کرنا

''قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۰۵/۱)

## قبلہ کی طرف تھوکنا

''تھوکنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱۹/۱)

## قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب کرنا

☆ جنگل ہو یا آبادی قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے پاخانہ پیشاب کرنا مکروہ تحریمی ہے، کعبۃ اللہ کی بے حرمتی ہے، اس سے بچنا ضروری ہے۔[2]

☆ چھوٹے بچوں کو پاخانہ پیشاب کے لئے ایسی جگہ بٹھلانا جہاں قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ ہو ناجائز اور حرام ہے، اور اس کا گناہ بٹھلانے والے پر ہے۔[3]

## قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا

قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کر کے پیشاب پاخانہ کرنا منع ہے، اسی طرح آبدست کرتے وقت بھی قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا منع ہے۔[4]

---

نفس المرجع

تقدم تخريجه تحت العنوان ''قبلہ رُخ ہو کر ڈھیلا استعمال کرنا''

ويكره للمرأة أن تمسك ولدها للبول والغوط نحو القبلة، كذا في السراج الوهاج.
(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱) ط: رشيديه)

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة باب الأنجاس، (۳۴۲/۱) ط: سعيد

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۴۳/۱) ط: سعيد.

تقدم تخريجه تحت العنوان ''قبلہ رُخ ہو کر ڈھیلا استعمال کرنا'' و ''آبدست کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنا''

## قرا قر ہونا

''ریح'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۵/۱)

## قرآن اخبار میں لکھا ہوا ہو

''اخبار میں لکھی ہوئی آیات'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۳/۱)

## قرآن بے وضو پڑھانا

قرآن مجید بے وضو پڑھانا بھی جائز ہے، خواہ دیکھ کر پڑھے پڑھائے یا زبانی پڑھائے جبکہ قرآن مجید کو ہاتھ نہ لگے، بے وضو قرآن مجید کو ہاتھ لگانا منع ہے۔ (۱)

## قرآن بے وضو پڑھ کر ایصال ثواب کرنا

''بے وضو قرآن پڑھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۴۴/۱)

## قرآن بے وضو پڑھنا

بے وضو قرآن مجید پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ قرآن مجید کو ہاتھ نہ لگے۔ (۲)

## قرآن بے وضو چھونا

قرآن مجید کو بے وضو چھونا جائز نہیں ہے، البتہ ایسے کپڑے سے چھونا جائز ہے جو بدن سے الگ ہو جیسے دوپٹہ اور رومال وغیرہ۔ (۳)

---

(۱) المحدث لا يمس المصحف ... ولا بأس بأن يقرأ القرآن. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني بيان احكام المحدث، (۱۴۷/۱) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

(۲) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۹۳/۱) ط: سعيد.

(۳) العناية في شرح الهداية: (۱۴۹/۱) كتاب الطهارة، باب الحيض والإستحاضة، ط: رشيدية.

(۴) نفس المرجع

وفيه قال لي بعض الاخوان أيجوز بالمنديل الموضوع على العنق؟ قلت لا اعلم فيه نقلا =

# قرآن بے وضو لکھنا

''وضو نہ ہونے کی حالت میں قرآن لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۸۰/۲)

# قرآن چھونے کے لئے تیمم کرنا

وضو کرنے کے لئے پانی موجود ہونے کی صورت میں قرآن مجید کو چھونے کے لئے تیمم کرنا درست نہیں ہے بلکہ وضو کر کے قرآن مجید کو ہاتھ لگائے۔ (۱)

# قرآن چھونے کے لئے تیمم کیا

اگر پانی استعمال کرنے پر قادر نہ ہونے کی صورت میں قرآن مجید کو چھونے کے لئے تیمم کیا تو اس سے جنازہ کی نماز پڑھنا یا دوسری نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ (۲)

# قرآن دوسری زبانوں میں تحریر ہو

اگر قرآن دوسری زبانوں میں تحریر ہو تو اس کی تعظیم کرنا بھی واجب ہے پاکی

---

= والذي يظهر أنه ان تحرك طرفه بحركته لا يجوز والا جاز لاعتبارهم اياه تبعا له كبدنه.

(رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷۳/۱) ط:سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۹/۱) ط:رشيدية.

بدائع الصنائع، كتاب الطهارة. (۳۳/۱) ط:سعيد.

(۱) تيممه لدخول المسجد ومس مصحف مع وجود الماء ليس بشيء بل هو عدم لأنه ليس لعبادة يخاف فوتها. (الدر المختار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۴/۱) ط:سعيد)

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۰/۱) ط:سعيد.

حلبي كبير: (ص: ۸۳) فصل في التيمم، ط: سهيل اكيڈمي لاهور.

(۲) ولو تيمم لقراءة القرآن عن ظهر القلب او عن المصحف--- وصلى بذلك التيمم اختلفوا فيه. قال عامة العلماء: لا يجوز.

(فتاوى قاضي خان على هامش الهندية، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۵۴/۱–۵۳) ط:رشيدية)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۶/۱) ط:رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۰/۱) ط:سعيد

اور وضو کے بغیر ہاتھ لگانا منع ہے۔ (۱)

## قرآن کریم کا حفظ پڑھنا

بے وضو قرآن کریم حفظ پڑھنا جائز ہے، اور اگر قرآن مجید کھلا ہوا رکھا ہے، اور اس کو ہاتھ لگائے بغیر صرف دیکھ کر پڑھے تو بھی درست ہے۔ (۲)

## قرآن کریم کا صفحہ

☆ بے وضو قرآن کریم کے صفحات کو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔

☆ قرآن کریم کے خالی صفحات پر بھی بے وضو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے، جیسے قرآن مجید کے اوپر نیچے خالی صفحات ہوتے ہیں ان میں قرآن مجید کی کوئی آیت لکھی ہوئی نہیں ہوتی ہے اس کو بھی بے وضو چھونا جائز نہیں ہے، اسی طرح جلد کے گتے کے بعد قرآن مجید شروع ہونے سے پہلے درمیان میں کچھ خالی صفحات ہوتے ہیں ان کو بھی بے وضو چھونا جائز نہیں ہے، بلکہ جلد پر بھی بے وضو ہاتھ لگانا منع ہے کیونکہ اس جلد اور خالی کاغذات وغیرہ سب کا حکم ایک ہے۔ (۳)

---

(۱) ولو كان القرآن مكتوبا بالفارسية يحرم على الجنب والحائض مسه بالاجماع وهو الصحيح. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۲/۱) ط:سعيد)

(۲) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۹۳/۱) ط:سعيد

(۳) الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۳۹/۱) ط:رشيدية

(۲) تقدم تخريجه تحت العنوان "قرآن بے وضو پڑھنا"

(۳) لايجوز مس المصحف كله المكتوب او غيره بخلاف غيره فانه لايمنع الا مس المكتوب (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۱/۱) ط:سعيد)

(قوله: ومسه) اي القرآن ولو في لوح او درهم او حائط لكن لا يمنع الا من مس المكتوب بخلاف المصحف فلا يجوز مس الجلد وموضع البياض منه، وقال بعضهم يجوز وهذا اقرب الى القياس والمنع اقرب الى التعظيم كما في البحر اي والصحيح المنع كما نذكره ومثل القرآن سائر الكتب السماوية كما قدمناه عن القهستاني وغيره وفي التفسير والكتب الشرعية خلاف مر. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۹۳/۱) ط:سعيد) =

# قرآن کریم کو بے وضو ہاتھ لگانا

پورے قرآن مجید یا اس کے کسی حصے کو بلا وضو ہاتھ لگانا اور لکھنا جائز نہیں ہے۔

البتہ چند شرائط کے ساتھ قرآن مجید کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے، اور وہ شرائط یہ ہیں:

① پہلی شرط ناگزیر صورت حال ہے، مثلاً قرآن مجید پانی میں ڈوب جانے یا آگ میں جل جانے کا اندیشہ ہے تو اس کو بچانے کے لئے فوراً بے وضو ہی اٹھالینا جائز ہے۔

② دوسری شرط یہ ہے کہ قرآن مجید ایسے غلاف میں ہو جو اس سے جڑا ہوا نہ ہو، مثلاً وہ کپڑے یا پلاسٹک وغیرہ کی تھیلی میں ہو، یا چمڑے یا کاغذ یا رومال میں لپٹا ہوا ہو، ان حالات میں اس کو بے وضو ہاتھ لگانا اور اٹھانا جائز ہے۔

لیکن اس کی بندھی ہوئی جلد، اور ہر وہ چیز جو فروخت کی صورت میں وضاحت کے بغیر اس کے ساتھ شامل تصور کی جاتی ہو، اس کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے اگر چہ وہ چیز قرآن مجید سے جدا ہو۔

③ تیسری شرط یہ ہے کہ ہاتھ لگانے والا نابالغ ہو، اور پڑھنے کی غرض سے ہاتھ لگائے، یہ حکم زحمت اور دشواری سے بچنے کی غرض سے ہے، بالغ خواہ معلم ہو یا شاگرد بے وضو قرآن مجید کو ہاتھ نہیں لگا سکتا، اور حیض اور نفاس والی عورت خواہ معلّمہ ہو یا طالبہ ان کے لیے قرآن مجید کو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔

④ چوتھی شرط ہاتھ لگانے والا مسلمان ہو۔

اگر مذکورہ شرائط نہ پائی جائیں، تو ناپاک، بے وضو شخص کے لئے قرآن شریف کو ہاتھ لگانا اور جسم کے کسی حصے سے چھونا جائز نہیں ہے۔

☆ بے وضو قرآن مجید کو ہاتھ لگائے بغیر تلاوت کرنا، حفظ کرنا، یا کوئی اور

---

: الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۹/۱) ط: رشيدية

: حاشية الطحطاوی علی الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۵۰/۱) ط: رشيدية

آدمی اوراق کھولتا رہے تو ہاتھ لگائے بغیر دیکھ کر پڑھنا جائز ہے۔ (۱)

## قرآن مجید کا ترجمہ

''ترجمہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱٤/۱)

## قرآن مجید کپڑے میں لپٹا ہوا ہو

اگر قرآن مجید ایسے کپڑے میں لپٹا ہوا ہو جو اس کے ساتھ سلا ہوا یا چسپاں نہ ہو تو اس کو بے وضو چھونا مکروہ نہیں ہے۔ (۲)

(۱) الحنفية قالوا: يشترط لجواز مس المصحف كله أو بعضه أو كتابته شروط: أحدها: من الضرورة كما إذا خاف على المصحف من الغرق أو الحرق فيجوز له في هذه الحالة أن يمسه لإنقاذه، ثانيها: أن يكون المصحف في غلاف منفصل عنه كأن يكون موضوعا في كيس أو في جلد أو ورقة أو ملفوفا في منديل أو نحو ذلك فإنه في هذه الحالة يجوز مسه وحمله أما جلده المتصل به وكل ما يدخل في بيعه بدون نص عليه عند البيع؛ فإنه لا يحل مسه ولو كان منفصلا عنه على المفتى به، ثالثها: أن يمسه غير بالغ ليتعلم منه دفعا للحرج والمشقة أما البالغ والحائض سواء كان معلما أو متعلما فإنه لا يجوز لهما مسه، رابعها: أن يكون مسلما فلا يحل للمسلم أن يمكن غيره من مسه إذا قدر وقال محمد: يجوز لغير المسلم أن يمسه إذا اغتسل أما تحفيظ غير المسلم القرآن فإنه جائز، فإذا تخلفت هذه الشروط فإنه لا يحل لغير الطاهر المتوضئ أن يمس المصحف بيده أي بأي عضو من أعضاء بدنه أما تلاوة القرآن بدون مصحف فإنها تجوز لغير المتوضئ وتحرم على الجنب والحائض ولكن يستحب لغير المتوضئ أن يتوضأ إذا أراد قراءة القرآن (الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، (۴۷/۱) ط: داراحياء التراث)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۷۳/۱) ط:سعيد

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة،الفصل الثاني، بيان احكام المحدث، (۱۴۷/۱) ط:ادارة القرآن

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۹/۱) ط:رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۳/۱) ط:سعيد

(۲) (ولا يجوز لهم)أي للجنب والحائض والنفساء (مس المصحف الا بغلافه) --- (وكذلك) لايجوز مس المصحف الا بغلافه ......(للمحدث) أيضا لما تقدم من الدليل لأنه غير طاهر(ملله) =

# قرآن مجید کو بے وضو ہاتھ لگانا

قرآن مجید کو بے وضو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

# قرآن مجید کو چھونا

☆ بے وضو قرآن مجید کو چھونا اور ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔

☆ بے وضو قرآن مجید کو ایسے کپڑے اور جلد کے اوپر سے بھی چھونا مکروہ تحریمی ہے جو سی کر یا گوند وغیرہ سے چسپاں کر کے جوڑ دیا گیا ہو، خواہ ان اعضاء سے چھوئے جو وضو میں دھوئے جاتے ہیں مثلاً ہاتھ یا منہ وغیرہ سے یا ان اعضاء سے جو وضو میں نہیں دھوئے جاتے جیسے بازو، سینہ، پیٹ اور پیٹھ وغیرہ یا ایسے کپڑے سے چھوئے جو اس کے جسم پر ہو جیسے آستین، عمامہ، رومال، چادر وغیرہ سے، بہر صورت منع ہے۔

☆ بے وضو قرآن مجید کو جلد کے اوپر سے بھی چھونا جائز نہیں ہے۔ (۲)

---

= يعني جواز الأخذ بالغلاف (اذا كان الغلاف غير مشرز) اي غير محبوك مشدود بعضه الى بعض مشتق من الشيرازة وهي اعجمية (وان كان الغلاف مشرزا) لايجوز الأخذ به ولا مسه قال في الهداية هو الصحيح يعني ان الغلاف ما يكون متجافيا لا ما يكون متصلا به لانه صار تبعا للمصحف. (حلبي كبير (ص: ۵۹-۵۸) ط: سهيل اكيدمي)

= ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۱۷۳) ط: سعيد

= الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، بيان احكام المحدث، (۱/۱۴۷) ط: ادارة القرآن

المحدث لا يمس المصحف...... ولا باس بان يقرا القرآن. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني بيان احكام المحدث، (۱/۱۴۷) ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

= ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱/۲۹۳) ط: سعيد

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۳۹-۳۸) ط: رشيدية

• تقدم تخريجه تحت العنوان "قرآن کریم کو بے وضو ہاتھ لگانا" و "قرآن مجید کپڑے میں لپٹا ہوا ہو"

## قرآن مجید کو دستانے پہن کر چھونا

"دستانے پہن کر باوضو قرآن چھونا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۰۰ ...

## قرآن مجید کو کپڑے سے چھونا

بے وضو قرآن مجید کو ایسے کپڑے سے چھونا مکروہ نہیں ہے جو جسم پر نہ ہو بلکہ الگ ہو۔[1]

## قرآن مجید کی آیت لکھی ہوئی ہو

☆ اگر کاغذ یا کسی اور چیز پر جیسے کپڑے، تختی وغیرہ پر قرآن مجید کی آیت لکھی گئی ہو، تو بے وضو اس پورے کاغذ کو چھونا مکروہ تحریمی ہے، خواہ اس مقام کو چھوئے جس میں آیت لکھی ہوئی ہے یا اس مقام کو چھوئے جو لکھائی نہ ہونے کی وجہ سے سادہ ہے۔[2]

---

(۱) وفيه قال لي بعض الإخوان أيجوز بالمنديل الموضوع على العنق قلت لا أعلم فيه نقلا والذي يظهر أنه ان تحرك طرفه بحركته لا يجوز وإلا جاز لاعتبارهم إياه تبعا له كبدنه.
ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب يطلق الدعاء على ما يشتمل الثناء (۱/۱۷۳)، ط: سعيد
ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۳۹)، ط: رشيدية
ح بدائع الصنائع، كتاب الطهارة (۱/۳۳)، ط: سعيد
(۲) لا يجوز مس المصحف كله المكتوب وغيره بخلاف غيره فإنه لا يمنع إلا مس المكتوب
البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/۲۰۱)، ط: سعيد
ح (قوله: ومسه) أي القرآن ولو في لوح أو درهم أو حائط لكن لا يمنع إلا من مس المكتوب بخلاف المصحف فلا يجوز مس الجلد وموضع البياض منه، وقال بعضهم يجوز وهذا أقرب إلى القياس والمنع أقرب إلى التعظيم كما في البحر أي والصحيح المنع كما نذكره ومثل القرآن سائر الكتب السماوية كما قدمناه عن القهستاني وغيره وفي التفسير والكتب الشرعية خلاف مر. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض مطلب لو أفتى مفت بشيء من هذه الأقوال (۱/۲۹۳)، ط: سعيد)
ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۳۹)، ط: رشيدية
ح حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/۱۵۰)، ط: رشيدية

☆ اگر پتھر یا دیوار یا روپیہ پر قرآن مجید کی کوئی آیت لکھی ہوئی ہے، تو اس صورت میں بے وضو صرف اسی مقام کو چھونا مکروہ ہے جس میں لکھا ہوا ہے، اور جہاں پر قرآن مجید کی آیت لکھی ہوئی نہیں ہے بلکہ سادہ ہے اس مقام کو چھونا مکروہ نہیں ہے۔ (۱)

## قطب تارہ کی طرف منہ کرکے پیشاب، پاخانہ کرنا

قطب تارہ کی طرف منہ کرکے پیشاب و پاخانہ کرنا درست ہے، کیوں کہ یہ حکم کعبہ شریف کے لئے ہے کہ اس کی طرف پیشاب پاخانہ کرتے وقت منہ نہ کرے۔ (۲)

---

(۱) یحرم (به) ای بالاکبر (وبالأصغر) مس مصحف ای ما فیه آیة کدرهم وجدار.

وفی رد المحتار: قال ح: لکن لا یحرم فی غیر المصحف الا بالمکتوب ای موضع الکتابة، کذا فی باب الحیض من البحر. (رد المحتار، کتاب الطهارة مطلب یطلق الدعاء علی مایشمل الثناء، (۱/۱۷۳)، ط: سعید

= ومحل الخلاف فی المصحف أما غیره فلا یحرم منه الا المکتوب، کذا فی باب الحیض من البحر. (حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار، کتاب الطهارة، (۱/۹۹)، ط: رشیدیه)

= الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۱/۳۹)، ط: رشیدیة

(۲) عن أبی أیوب الأنصاری رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: إذا أتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها ولکن شرقوا أو غربوا. متفق علیه. (مشکاة المصابیح: کتاب الطهارة، باب آداب الخلاء، الفصل الأول (ص: ۴۲)، ط: قدیمی)

= وقال الداودي: اختلف في قوله: شرقوا أو غربوا فقیل انما ذلک في المدینة وما أشبهها کأهل شام والیمن وأما من کانت قبلته من جهة المشرق أو المغرب فانه یتیامن أو یتشاءم (عمدة القاري شرح صحیح البخاري، کتاب الوضوء، باب لا تستقبل القبلة بغائط أو بول الخ، (۲/۳۲۱)، ط: رشیدیة)

= فتح الباري شرح صحیح البخاري، کتاب الوضوء، باب لا تستقبل القبلة بغائط أو بول الخ، (۱/۳۲۲)، ط: دار الکتب العلمیة)

= کره تحریما استقبال قبلة واستدبارها لبول أو غائط. (الدر المختار مع رد المحتار: کتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (۱/۳۴۱)، ط: سعید) =

# قطرہ

جس شخص کا مزاج قوی ہو، اور اس کو یقین ہو کہ پیشاب کے بعد قطرہ نہیں
آئے گا تو ایسے آدمی کے لئے پیشاب کرنے کے بعد صرف پانی سے دھولینا کافی
ہوگا، لیکن جس شخص کو پیشاب کے بعد دیر تک قطرہ آتا ہے، اگر وہ ڈھیلہ یا ٹشو
استعمال نہیں کرے گا صرف پانی سے دھوئے گا تو یقیناً اس کا پاجامہ، لنگی اور کپڑا وغیرہ
گندہ ہوگا اور وہ پیشاب کے معاملہ میں احتیاط نہ کرنے پر گناہ گار ہوگا۔ لہٰذا ایسے شخص
پر ڈھیلہ یا ٹشو استعمال کرنا ضروری ہے۔ (۱)

جس شخص کو پیشاب کا قطرہ آتا ہے اگر سوراخ کے اندر قطرہ نظر آتا ہے لیکن

---

= ت البحر الرائق: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۲۴۳)، ط: سعيد.

ت الفتاوى السراجية: كتاب الصلاة، فصل في الاستنجاء، (ص: ٦)، ط: سعيد.

ت فتاوى دار العلوم ديوبند، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني (۱/ ۲۴۳)، ط: دار الاشاعت)

(۱) يجب الاستبراء بمشي او تنحنح او نوم على شقه الايسر، ويختلف بطباع الناس.
(قوله: يجب الاستبراء الخ) هو طلب البراءة من الخارج بشيء مما ذكره الشارح حتى يستيقن بزوال الاثر ــــ ومحله اذا أمن خروج شيء بعده فيندب ذلك مبالغة في الاستبراء او المراد الاستبراء بخصوص هذه الاشياء من نحو المشي والتنحنح، اما نفس الاستبراء حتى يطمئن قلبه بزوال الرشح فهو فرض وهو المراد بالوجوب ولذا قال الشرنبلالي: يلزم الرجل الاستبراء حتى يزول اثر البول ويطمئن قلبه. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب في الفرق بين الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء (۱/ ۳۴۵-۳۴۴) ط: سعيد)

ت والاستبراء واجب حتى يستقر قلبه على انقطاع العود، كذا في الظهيرية، قال بعضهم يستنجي بعد ما يخطو خطوات، وقال بعضهم يركض برجله على الارض ويتنحنح ويلف رجله اليمنى على اليسرى وينزل من الصعود إلى الهبوط والصحيح ان طباع الناس مختلفة فمتى وقع في قلبه انه تم استفراغ ما في السبيل يستنجي، هكذا في شرح منية المصلي لابن امير الحاج والمضمرات. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (۱/ ۴۹)، ط: رشيدية)

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (۱/ ۲۴۰)، ط: سعيد

باہر کی طرف منہ پر ظاہر نہیں ہوا تو وضو نہیں ٹوٹنے کا۔[۱]

☆: اگر کسی آدمی کو پیشاب کا قطرہ آتا ہے لیکن مسلسل نہیں آتا تو جب بھی پیشاب کا قطرہ باہر آنے کا یقین ہوگا وضو ٹوٹ جائے گا، نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا ضروری ہوگا۔[۲]

☆اور اگر پیشاب کا قطرہ مسلسل آنے کی وجہ سے معذور کے حکم میں آگیا یعنی پورے وقت میں وضو کرنے کے بعد اتنا وقت نہیں ملتا کہ چار رکعت فرض نماز قطرہ کے بغیر پڑھ سکے تو وہ معذور ہو جائے گا، اس کا حکم یہ ہے کہ فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد وضو کرے اور اس وضو سے اس وقت کے اندر جتنے فرائض، نوافل اور سنت پڑھنا چاہے پڑھے، جب وقت نکل جائے گا وضو ٹوٹ جائے گا۔[۳]

(۱) ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور

وفي الرد: فلو نزل البول إلى قصبة الذكر لا ينقض لعدم ظهوره . (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۵)، ط:سعيد)

ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۹)، ط:سعيد

ح البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۱)، ط:سعيد

(۲) (وينقضه خروج) كل خارج (نجس) بالفتح ويكسر (منه) أي من المتوضئ الحي معتادا أو لا من السبيلين أو لا (إلى ما يطهر) أي يلحقه حكم التطهير

وفي الرد: (قوله: معتادا) كالبول والغائط أو لا كالدودة والحصاة.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء (۱/۱۳۵-۱۳۴) ط:سعيد

ح البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۲۹) ط:سعيد

ح الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/۱۰) ط:رشيدية

(۳) المستحاضة ومن به سلس البول او استطلاق البطن او انفلات الريح او رعاف دائم او جرح لا يرقأ يتوضئون لكل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاءوا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۴۱) ط:رشيدية)

ح البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض، (۱/۲۱۵) ط:سعيد

ح حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/۱۵۵) ط:رشيدية

## قطرہ آنے کا یقین ہو

پیشاب کے بعد پیشاب کا قطرہ آنے کے یقین ہونے کے باوجود استنجاء میں ڈھیلہ یا ٹشو استعمال نہ کرے تو ایسی صورت میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہے، ڈھیلے وغیرہ سے استنجاء کر کے اطمینان حاصل ہو جانے کے بعد وضو کر کے نماز پڑھے۔ (١)

## قطرہ خارج ہونے کا یقین ہو

''شک ہوگیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٥٣/٢)

## قطرے آتے رہتے ہیں

جس شخص کو پیشاب کے بعد قطرے آتے رہتے ہیں وہ پیشاب کرنے کے بعد پہلے ڈھیلہ یا ٹشو پیپر استعمال کرے پھر جب اطمینان ہو جائے کہ اب قطرے نہیں آرہے ہیں تب پانی سے استنجاء کرے یا عضو مخصوص کے سوراخ میں روئی وغیرہ رکھ لے پھر اس کے بعد وضو کر کے نماز پڑھے۔ (٢)

---

(١) يجب الاستبراء بمشي او تنحنح او نوم على شقه الايسر، ويختلف بطباع الناس.

(قوله: يجب الاستبراء الخ) هو طلب البراءة من الخارج بشيء مما ذكره الشارح حتى يستيقن بزوال الاثر...... ومحله اذا امن خروج شيء بعده فيندب ذلك مبالغة في الاستبراء او المراد الاستبراء بخصوص هذه الاشياء من نحو المشي والتنحنح، اما نفس الاستبراء حتى يطمئن قلبه بزوال الرشح فهو فرض وهو المراد بالوجوب ولذا قال الشرنبلالي: يلزم الرجل الاستبراء حتى يزول اثر البول ويطمئن قلبه. وقال: عبرت باللزوم لكونه اقوى من الواجب، لأنه هذا يفوت الجواز لفوته فلايصح له الشروع في الوضوء حتى يطمئن بزوال الرشح. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الانجاس، مطلب في الفرق بين الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء (١/٣٤٥-٣٤٤) ط: سعيد)

- الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث (١/ ٤٩) ط: رشيدية
- البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس (١/ ٢٤٠) ط: سعيد

(٢) انظر الحاشية السابقة.

- وإذا حشا إحليله بقطنة خوفاً من خروج البول، ولولا القطنة يخرج منه البول، فلا بأس به =

## قعدہ اور سجدہ سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

اگر کسی کو "بواسیر" کی شکایت ہے، نماز کے دوران رکوع اور سجدہ کی حالت میں اور بیٹھنے کی صورت میں ہمیشہ فضلہ خارج ہوتا رہتا ہے، البتہ کھڑے ہونے کی حالت میں فضلہ خارج نہیں ہوتا، تو ایسی صورت میں اگر بیٹھنے کی کوئی ایسی ہیئت ہوسکتی ہے کہ اس میں فضلہ خارج نہ ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے، اور رکوع اور سجدہ اشارہ سے کرے اگر ایسا ممکن نہ ہو تو کھڑے ہی کھڑے نماز پڑھے اور رکوع اور سجدہ کے لئے اشارہ کرے۔

اگر پاخانہ کے مقام میں کوئی کپڑا وغیرہ لگا کر رکھنے سے فضلہ خارج نہ ہو، اور کپڑے کے بیرونی جانب تک نجاست نہ پہونچے تو اس طرح قیام، رکوع اور سجدہ کے ساتھ پڑھ سکتا ہے تو قیام، رکوع اور سجدہ کے ساتھ پڑھے ورنہ بیٹھ کر پڑھے، اگر زمین پر سجدہ کرسکتا ہے بہتر ورنہ اشارے سے پڑھے۔ (۱)

## قلعہ فتح ہوگیا مسواک کی برکت سے

"مسواک کی برکت سے قلعہ فتح ہوگیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۱۵)

---

= ولا ينتقض وضوءه حتى يظهر البول على القطنة . (المحيط البرهاني : كتاب الطهارات ، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء ، (۱/۱۹۲)، ط: إدارة القرآن )

☆ الفتاوى التاتارخانية : كتاب الطهارة ، الفصل الثاني في مايوجب الوضوء ، (۱/۲۳۹)، ط: مكتبة الفاروقية .

☆ الفتاوى الهندية : كتاب الطهارة ، الباب الأوّل في الوضوء ، الفصل الخامس في نواقض الوضوء ، (۱/ ۱۰) ، ط: رشيديه .

(۱) (قوله: وقد يتحتم القعود الخ)اى يلزمه الايماء قاعدا لخلفيته عن القيام الذى عجز عنه حكما إذ لو قام لزم فوت الطهارة او الستر او القراءة او الصوم بلا خلاف حتى لو لم يقدر على الايماء قاعدا كما لو كان بحال لو صلى قاعدا يسيل بوله او جرحه ولو صلى مستلقيا لايسيل منه شيء فانه يصلي قائما بركوع و سجود كما نص عليه في المنية، قال شارحها لان الصلاة بالاستلقاء =

## قوتِ حافظہ میں اضافہ بذریعہ وضو

ابراہیم نخعی جو مشہور جلیل القدر تابعی ہیں، اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے استاد کے استاد ہیں، ان کے متعلق منقول ہے کہ وہ جو کچھ پڑھتے تھے سب بھول جاتے تھے یاد نہیں رہتا تھا، ایک رات انہوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا، اے اللہ کے رسول! جو پڑھتا ہوں بھول جاتا ہوں یاد نہیں رہتا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان چند چیزوں پر عمل کرو: کم کھاؤ، کم سوؤ، قرآن پاک کی زیادہ تلاوت کرو، نماز کثرت سے پڑھو، ہر نماز کے واسطے وضو کیا کرو، اور ہر وضو میں مسواک کیا کرو۔ (۱)

## قہقہہ

نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور وضو ٹوٹ جاتا ہے، اور جنازہ کی نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے وضو نہیں ٹوٹتا، اس کی وجہ یہ

---

= لا تجوز بلا عذر كالصلاة مع الحدث فيرجع ما فيه الاتيان بالاركان وعن محمد انه يصلي مضطجعا ولا اعادة في شيء مما تقدم اجماعا. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، (۴۴۵/۱)، ط: سعيد)

.. الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الرابع عشر، (۱۳۸/۱)، ط: رشيدية

.. الفتاوى التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الحادي والثلاثون، (۱۳۱/۲)، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية.

.. يجب رد عذره او تقليله بقدر قدرته ولو بصلاته موميا. قوله: (ولو بصلاته موميا) اي: كما اذا سال عند السجود ولم يسل بدونه فيومي قائما او قاعدا، وكذا لو سال عند القيام يصلي قاعدا. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب في احكام المعذور، (۳۰۷/۱)، ط: سعيد)

.. حاشية الطحطاوي على الدر المختار: كتاب الطهارة، باب الحيض، (۱۵۲/۱)، ط: المكتبة العربية

. البحر الرائق: كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۱٦/۱) ط: سعيد.

نقل آوردہ اند کہ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ ہر چند چیزی بخواندی یاد میگرفت باز فراموش میشد ش، شبی رسول علیہ السلام را بخواب دید از احوال خود بنالید وگفت یا رسول اللہ! چیزی بخوانم یاد نمی ماند، رسول علیہ السلام فرمود: یا ابراہیم! چند چیز را بجا=

ہے کہ عقلی قیاس یہ ہے کہ قہقہہ سے وضو بالکل نہ ٹوٹے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو نماز میں قہقہہ لگانے کی وجہ سے وضو اور نماز دونوں کو لوٹانے کا حکم دیا ہے، اس لئے مسلمانوں پر نبی کریم ﷺ کا حکم ماننا لازم ہوگیا ہے، چاہے اس کی حکمت ہماری سمجھ میں آئے یا نہ آئے۔

اصول فقہ کا قانون ہے کہ اگر شریعت کا کوئی حکم ظاہری قیاس کے خلاف ہو تو اس کو اس موقع کے ساتھ خاص کیا جاتا ہے جس پر وہ حکم وارد ہوا ہے، اس کے علاوہ دوسرے مواقع پر وہ حکم نہیں لگایا جاتا، لہذا یہ حکم عام نمازوں کے لئے ہے جنازہ کی نماز کے لئے نہیں۔

☆ جنازے کی نماز اور تلاوت کے سجدے میں قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، بالغ ہو یا نابالغ دونوں کا حکم ایک ہے البتہ سجدہ اور جنازہ کی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

☆ اگر مقتدی کا امام نماز میں زور سے ہنسا، یا عمداً اس نے وضو توڑ دیا، پھر اس کے بعد مقتدی زور سے ہنسا خواہ وہ مقتدی مسبوق ہی کیوں نہ ہو، تو اس حالت میں مقتدی کا وضو قہقہہ سے نہیں ٹوٹے گا کیونکہ جب امام زور سے ہنسا یا اس نے جان بوجھ کر وضو توڑ دیا تو نماز باطل ہوگئی اب جب مقتدی زور سے قہقہہ لگا کر ہنسا تو وہ ہنسا نماز کے اندر نہیں پایا گیا بلکہ نماز سے باہر پایا گیا، اور نماز سے باہر زور سے قہقہہ لگا کر ہنسنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے۔

☆ اگر امام نے قصداً نماز میں بات کی، پھر اس کے بعد مقتدی قہقہہ مار کر ہنسا تو مقتدی کا وضو نہیں ٹوٹے گا۔

---

= آر اندک خور، واندک خسپ، وقرآن بسیار خوان، ونماز بسیار کن، وبہر نمازی طہارت میازد، وبہر طاقی مسواک کن ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ گفت از خواب بیروں آمدم واین وصیت رسول علیہ السلام را بجا آوردم درمیان اندک روزگار مقتدا عالمیان شدم۔

روزی زہد دیر لور پیش ماورش حکایت کردند، وی گفت سخن وی پیش من مگوئید کہ وی بسیار خواست زیرا کہ مرا لور ماہی یکبار بتقضائے حاجت آومیان حاجت کی آید و لور لو بار۔ (صلوٰۃ مسعودی تصنیف مولانا مولوی شیخ فقیہ ابو مسعود ابن محمود بن یوسف سمرقندی (ص: ۱۰۵، ۱۰۶) باب نہم در بیان مسواک، طادر مطبع فتح الکریم واقع بمبی بزیور طبع مزین گشت)

بالغ مرد یا عورت کا رکوع سجدہ والی نماز میں قہقہہ لگانے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، اور وضو بھی ٹوٹ جاتا ہے، ایسی صورت میں دوبارہ وضو کر کے اس نماز کو شروع سے دوبارہ پڑھنا لازم ہے۔ (۱)

اور قہقہہ سے مراد اتنی آواز سے ہنسنا ہے کہ ساتھ والا آدمی سن لے، اس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے اور وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

☆ سلام پھیرنے کے وقت قصداً قہقہہ لگائے تو اس صورت میں نماز باطل نہیں ہوگی، مگر وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۳)

واضح رہے اللہ کے دربار میں نماز کے لئے کھڑا ہو کر قہقہہ لگانا بہت بڑا گناہ

(۱) وکذا القهقهة في كل صلاة ذات ركوع وسجود... فالقهقهة في الصلاة ذات الركوع والسجود تنقض الوضوء والصلاة جميعاً سواء كان القهقهة عامداً... أو ناسياً. (حلبي كبير: ۱۴۱، باب نواقض الوضوء، ط: سهيل)، يجب بأن يعلم ان القهقهة في كل صلاة فيها ركوع وسجود ينقض الصلاة والوضوء عندنا وفي الكافي قيد الانتقاض بالقهقهة مصلٍ بالغ، (التاتارخانية: (۱/ ۱۳۸)، كتاب الصلوة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، نوع منه في القهقهة، ط: ادارة القرآن) والقهقهة هي ما يسمع جيرانه بالغ ولو امرأة (الدر المختار مع الرد: ۱/ ۱۴۴۔ ۱۴۵، كتاب الصلوة مطلب نواقض الوضوء، ط: سعيد كراچي)، (البحر الرائق: ۱/ ۴۱ و ۴۲، كتاب الطهارة، ط: سعيد كراچي)

(۲) وحد القهقهة ان يكون مسموعاً له ولجيرانه... القهقهة في كل صلاة فيها ركوع وسجود تنقض الصلوة والوضوء عندنا كذا في المحيط. (فتاوى هندية: ۱/ ۱۲، فصل في نواقض الوضوء)، (حلبي كبير: ۱۴۱ باب نواقض الوضوء، ط: سهيل)، (شامي: ۱/ ۱۴۴، باب نواقض الوضوء، ط: سعيد)، (هندية: ۱/ ۱۳، كتاب الطهارة فصل في نواقض الوضوء، ط: رشيدية)

(۳) الحنفية قالوا: القهقهة في الصلاة تنقض الوضوء، وقد وردت في ذلك أحاديث: منها ما رواه الطبراني عن أبي موسى، قال: بينما رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلّي بالنّاس، إذ دخل رجل فتردى في حفرة كانت في المسجد ـ وكان في بصره ضرر ـ فضحك كثير من القوم، وهم في الصلاة، فأمر رسول الله صلى الله عليه وسلم من ضحك أن يعيد الوضوء، ويعيد الصلاة. والقهقهة هي: أن يضحك بصوت يسمعه من بجواره فإذا وقع منه ذلك تنقض الوضوء، ولو لم يظل زمن القهقهة، بخلاف ما إذا ضحك بصوت يسمعه هو وحده، ولا يسمعه من بجواره فإن وضوءه لا ينتقض بذلك بل تبطل به الصلاة، وإنّما ينتقض الوضوء بالقهقهة إذا كان المصلي بالغاً، ذكراً كان أو امرأة، عامداً كان أو ناسياً ويشترط أيضاً أن تقع القهقهة في صلاة ذات ركوع وسجود، فإن كان في سجود تلاوة ونحوه، ولكنه يبطل سجوده ولم ينتقض. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: =

ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دربار کی شان کے خلاف ہے، اس لئے اس سے بچنا ضروری ہے۔

## قہقہہ سے وضو ٹوٹنے کا راز

بہتا ہوا خون اور زیادہ قے (الٹی) بدن کو آلودہ کرنے والی اور نفس کو ناپاک کرنے

کتاب الطہارۃ، مباحث الوضوء، مبحث نواقض الوضوء، (۱/ ۹۱) ط: مکتبۃ الحقیقۃ)

ذلک الفرق بینهما ظاهر، وهو ان المصلی فی مناجاة الرب سبحانه، والمقصود بالصلاة إظهار الخشوع والخضوع والتعظیم لله تعالیٰ، فالضحک قهقهة فیها جنایة عظیمة فناسب ذلک انتقاض الوضوء زجرًا له کتحریم الخمر من الشرع إهانة لها، وزجرًا للشاربین لیجتنبوها، وهذه المعانی لا توجد خارج الصلاة ..... ولأنّ النصّ إذ ورد علی خلاف القیاس لا القیاس علی غیره بل یقتصر علی مورده فلأجل هذا لم یجعل حدثًا خارج الصلاة، ولا فی صلاة الجنازة وسجدة التلاوة. (البنایة شرح الهدایة: کتاب الطهارات، فصل فی نواقض الوضوء، (۱/ ۲۹۳)، ط: دار الکتب العلمیة بیروت)

- ال) ینقضه ---- (و قهقهة) هی ما یسمع جیرانه (بالغ) ولو امرأة سهوا (یقظان)---- (یصلی) ولو حکما کالبانی (بطهارة صغری) ولو تیمما (مستقلة) ----(صلاة کاملة) ولو عند السلام عمدا فإنها تبطل الوضوء لا الصلاة ---- ولو قهقه امامه او احدث عمدا لم قهقه المؤتم ولو مسبوقا فلا نقض بخلافها بعد کلامه عمدا فی الأصح.

(قوله: فلا نقض) أی لوضوء المؤتم لأن قهقهته وقعت بعد بطلان صلاته بقهقهة امامه ----

(قوله بخلافها) أی بخلاف قهقهة المأموم بعد کلام الامام عمدا و کذا بعد سلامه عمدا لأنهما قاطعان للصلاة لا مفسدان اذ لم یفوتا شرطها وهو الطهارة فلم یفسد بهما شیء من صلاة المأموم فینتقض وضوئه بقهقهته أما حدثه عمدا و کذا قهقهته عمدا فمفوتان للطهارة فیفسد جزء یلاقیانه فیفسد من صلاة المأموم کذلک فتکون قهقهة المأموم بعد الخروج من الصلاة فلا تنقض.

قوله (فی الأصح) مقابله ما فی الخلاصة حیث صح عدم فساد الطهارة بقهقهة المأموم بعد کلام الإمام او سلامه عمدًا. قال فی الفتح: ولو قهقه بعد کلام الإمام عمدًا فسدت علی الأصح علی خلاف ما فی الخلاصة اهـ. اقول: وما فی الفتح صححه فی الخانیة ایضًا. (ردالمحتار، کتاب الطهارة مطلب نوم الأنبیاء غیر ناقض، (۱/ ۱۴۲-۱۴۳)، ط: سعید)

- البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/ ۳۱-۳۰)، ط: سعید

- الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۲)، ط: رشیدیة

إذا تکلم فی صلاته ناسیا او عامدا، خاطئا او قاصدا قلیلا او کثیرًا تکلم لاصلاح صلاته بأن قام الإمام فی موضع القعود، فقال له المقتدی اقعد او قعد فی موضع القیام فقال له قم او لا لاصلاح صلاته ویکون الکلام من کلام النّاس استقبل الصلاة عندنا، کذا فی المحیط. =

والی چیزیں ہیں، اور نماز میں قہقہہ لگانا ایک قسم کا جرم ہے جس کا کفارہ ہونا چاہئے۔[1]

اگر ان چیزوں سے شارع علیہ السلام وضو کرنے کا حکم دیں تو کچھ تعجب کی بات نہیں ہے، اور قہقہہ اس لئے جرم ہے کہ نماز میں قہقہہ لگانا کسی نفسانی پلیدی اور گندگی کے باعث ہوتا ہے جس کے ازالہ کے لئے وضو کرنا لازم ہوا۔

# قیامت کے دن امت کی پہچان کیسے ہوگی

''امت محمدیہ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام کی پہچان'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

# قے

☆ منہ بھر کر قے کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اور منہ بھر کر قے کی تعریف یہ ہے کہ آدمی اس کو روکنے پر قادر نہ ہو۔

☆ تھوڑی تھوڑی کر کے متعدد دفعہ قے ہوئی، اگر سب کا مجموعہ اتنا ہے کہ اگر ایک دفعہ میں گرتی تو منہ بھر کر ہو جاتی، تو اگر ایک ہی متلی (قے کرنے کو جی چاہنا) برابر باقی رہی، اور تھوڑی تھوڑی قے ہوتی رہی تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر ایک ہی متلی برابر باقی نہیں رہی، بلکہ پہلی مرتبہ کی متلی ختم ہو گئی اور طبیعت اچھی ہو گئی، گھبراہٹ دور ہو گئی، پھر دوبارہ متلی شروع ہوئی اور تھوڑی قے ہو گئی، پھر جب یہ متلی ختم ہو گئی، تو تیسری دفعہ پھر متلی شروع ہو کر قے ہوئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[2]

---

= هذا إذا تكلم قبل ان يقعد قدر التشهد ، هكذا في فتاوى قاضي خان . ( الفتاوى الهندية: كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، (۱/۹۸)، ط: رشيديه)

(۱) والدم السائل والقيء الكثير ملوثان للبدن مبلدان للنفس والقهقهة في الصلاة خطيئة تحتاج إلى كفارة ، فلا عجب ان يأمر الشارع بالوضوء من هذه ، ولا عجب الا يأمر ، ولا عجب ان يرغب فيه من غير عزيمة

حجة الله البالغة، القسم الثاني ، موجبات الوضوء ، (۱/۳۰۰)، ط: دار الجيل.

(۲) (و) ينقضه (قيء ملأ فاه) بان يضبط بتكلف (من مرة) بالكسر اى صفراء (او علق) =

## قے بچہ کرے

"چھوٹا بچہ دودھ الٹی کرے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۸/۱)

## قے سے وضو ٹوٹنے کا راز

"قہقہہ سے وضو ٹوٹنے کا راز" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۲۱/۲)

## قے منہ بھر کر ہو تو ناپاک ہے

جو قے منہ بھر کر ہو وہ ناپاک ہے (نجاست غلیظہ ہے) ایک درہم کی مقدار کپڑے پر لگ جائے تو معاف ہے، اس سے زیادہ لگے تو دھوئے بغیر اس کے ساتھ نماز نہیں ہوگی، جسم دار نجاست میں درہم کے وزن کا اعتبار ہے، اور پتلی (لیکویڈ) ہو تو ہتھیلی کے بقدر معاف ہے اس سے زیادہ معاف نہیں ہے۔ (۱)

---

= في سوداء وأما العلق النازل من الرأس فغير ناقض (أو طعام أو ماء) إذا وصل إلى معدته وإن لم يستقر. (الدر المختار، كتاب الطهارة، (١٣٧/١)، ط:سعيد)

= فتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (١١/١)، ط:رشيدية

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، (٣٤/١)، ط:سعيد

= (ويجمع متفرق القيء) ويجعل كقيء واحد (لاتحاد السبب) الغثيان عند محمد وهو الأصح لأن الأصل إضافة الأحكام إلى أسبابها إلا لمانع كما بسط في الكافي

وفي الرد: ومحمد يعتبر اتحاد السبب وهو الغثيان. وتفسير اتحاده أن يقيء ثانيا قبل سكون النفس من الغثيان، فإن بعد سكونها كان مختلفا بحر. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة مطلب في كي الحمصة، (١٤٠/١)، ط:سعيد)

= فتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس (١١/١) ط:رشيدية

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، (٣٦/١)، ط:سعيد

(١) والقيء ملء الفم ونجاستها غليظة بالاتفاق ...... (وعفي قدر الدرهم) وزنا في المتجسدة وهو عشرون قيراطا ومساحة في المائعة وهو قدر مقعر الكف داخل مفاصل الأصابع كما وفقه الهندواني، وهو الصحيح فذلك عفو (من) النجاسة (المغلظة) فلا يعفى عنها إذا زادت على الدرهم مع القدرة على الإزالة. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: كتاب الطهارة، باب الأنجاس والطهارة عنها، (ص: ١٥٥، ١٥٦)، ط: قديمي) =

## قے میں بلغم خارج ہوا

اگر قے میں بلغم خارج ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[1]

## قے میں پاک چیز نکلے

اگر قے میں کوئی پاک چیز نکلی، اور منہ بھر کر نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر منہ بھر کر ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[2]

## قے میں خون آئے

☆ اگر کسی کو قے میں خون آئے تو اگر پتلا اور بہتا ہوا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا، چاہے کم ہو یا زیادہ، اور اگر خون جما ہوا ٹکڑوں کی صورت میں گرے تو منہ بھر کر ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر کم ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

---

= ⇐ وقدر الدرهم وما دونه من النجس المغلظ ---- جازت الصلاة معه وإن زاد لم يجز.
(الهندية: كتاب الطهارات، باب الأنجاس وتطهيرها، (۱/۴۷)، ط: المصباح)

⇐ (و) ينقضه (قيء ملأ فاه) ---- وهو نجس مغلظ ولو من صبي ساعة ارتضاعه هو الصحيح لمخالطة النجاسة، ذكره الحلبي.

الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۸)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني، (۱/۴۶)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۲۳۰)، ط: سعيد

(۱) (لا) ينقضه قيء من (بلغم) على المعتمد (أصلا) إلا المخلوط بطعام فيعتبر الغالب ولو استويا فكل على حدة. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۸)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۱)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۴)، ط: سعيد

(۲) (و) ينقضه (قيء ملأ فاه) بأن يضبط بتكلف (من مرة) ... (أو طعام أو ماء) إذا وصل إلى معدته وإن لم يستقر. (الدر المختار، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۷)، ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۱)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۴)، ط: سعيد

(۸) اگر قے میں دماغ، پیٹ، اور منہ سے بہنے والا خون نکلے، خواہ منہ بھر کر ہو یا کم ہو، ہر صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

## قے میں کیڑا نکلے

اگر قے میں کوئی پاک چیز جیسے کیڑا وغیرہ نکلے، اور منہ بھر کر نہ ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا اور اگر منہ بھر کر ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۲)

---

(وإن قاء دما) ...... إن كان سائلاً (نزل من الرأس ينقض) اتفاقًا ..... (وإن كا علقًا) أي منجمدًا (لاينقض) اتفاقًا ..... (وإن صعد) الدم (من الجوف) إن كان علقًا لاينقض) اتفاقًا (إلا أن يملأ الفم) ..... وإن كان سائلاً فعلى قول أبي حنيفة ينقض وإن لم) أي: ولو لم (يكن ملأ الفم). (حلبي كبير فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۳۰)، ط: سهيل اكيڈمی لاهور)

(و) ينقضه (قيء ملأ فاه) بأن يضبط بتكلف (من مرة) بالكسر أي صفراء (أو علق) أي سوداء وأما العلق النازل من الرأس فغير ناقض--- (و) ينقضه (دم) مائع من جوف أو (غلب على بزاق) حكما للغالب (أو ساواه) احتياطا (لا) ينقضه (المغلوب بالبزاق) والقيح كالدم والاختلاط بالمخاط كالبزاق. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۷ – ۱۳۹)، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۱)، ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۴–۳۵)، ط: سعيد

(۲) ولو هو في المريء فلا نقض اتفاقا كقيء حية أو دود كثير لطهارته في نفسه

وفي الرد: وينبغي إذا ملأ الفم على القول بنجاسته بحر و نهر، ولكن سيأتي في باب المياه أن الحية البرية تفسد الماء إذا ماتت فيه ومقتضاه أنها نجاسة فلعل ماهنا محمول على ما إذا كانت صغيرة جدا بحيث لايكون لها دم سائل، لأنها حينئذ لاتفسد الماء فتكون طاهرة كالدودة.

الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۸) ط: سعيد

لو قاء دودا كثيرا أو حية ملأت فاه لا ينقض لأن ما يتصل به قليل و هو غير ناقض اهـ و قد يقال: ينبغي على قول من حكم بنجاسة الدود أن ينقض إذا ملأ الفم. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۴)، ط: سعيد)

النهر الفائق، كتاب الطهارة، (۱/۵۴)، ط: دار الكتب العلمية.

﴿......ک......﴾

# کاغذ

☆ سادہ کاغذ یا کچھ لکھے ہوئے کاغذ سے ڈھیلے کا کام لینا مکروہ ہے۔

☆ موجودہ دور میں جو کاغذ ڈھیلہ کے طور پر استعمال کرنے کے لئے تیار کیا جاتا ہے جس کو ٹشو پیپر (TOILET TESSUE) یا کلینک پیپر کہا جاتا ہے، یہ لکھنے کے قابل نہیں ہوتا، اس میں جذب کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے اس سے استنجا کرنا اور اس سے ڈھیلہ کا کام لینا بلا کراہت جائز اور درست ہے۔[1]

## کاغذ پر آیت لکھی ہوئی ہو

''قرآن مجید کی آیت لکھی ہوئی ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۲/۲)

## کاغذ پر بے وضو قرآن لکھنا

''وضو نہ ہونے کی حالت میں قرآن لکھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸۰/۲)

## کافر پہلے کلی کرتا ہے پھر ہاتھ دھوتا ہے

''کلی سے وضو کی ابتدا کرنا منع ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۸/۲)

---

(۱) ولا یستنجی بکاغذ وإن کانت بیضاء، کذا فی المضمرات. (الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/ ۵۰)، ط: رشیدیة)

(۲) وإذا کان العلة فی الأبیض کونه آلة الکتابة کما ذکرناه یؤخذ منها عدم الکراهة فیما لا یصلح لها إذا کان قالعا للنجاسة غیر متقوم کما قدمناه من جوازه بالخرق البالی. (رد المحتار، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل فی الاستنجاء، (۱/ ۳۴۰)، ط: سعید)

(۳) البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الأنجاس (۱/ ۲۴۳)، ط: سعید

# کافر کا جھوٹا پانی

''مشرکین کا جھوٹا پانی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/ ۲۳۰)

# کافر کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا

کافر کے گھر سے پانی لے کر وضو اور غسل کرنا جائز ہے، نماز ہو جائے گی لیکن ان کے گھر کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

# کافر نے پانی میں ہاتھ ڈال دیا

اگر کوئی کافر اپنا ہاتھ پانی میں ڈال دے تو پانی ناپاک نہیں ہوتا، البتہ اگر یہ معلوم

---

(۱) ولو ادخل الكفار أو الصبيان أيديهم لا يتنجس إذا لم يكن على أيديهم نجاسة حقيقية . (حلبي كبير ،فصل في الحياض ، (ص: ۱۰۳) ،ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

(۲) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيئ الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. ( الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لايجوز ، (۱/ ۶۱-۷۰)،ط: رشيدية )

(۳) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۶۶)، ط: سعيد

(۴) ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه ،(۱/ ۱۷۹)،ط: سعيد

(۵) وفي التاترخانية قبيل الأضحية عن جامع البيان لأبي يوسف : من اشترى لحمًا فعلم أنه مجوسي وأراد الرد ، فقال: ذبحه مسلم يكره أكله اهـ . ومفاده أن مجرد كون البائع مجوسيًا يثبت الحرمة فإنه بعد إخباره بالحل بقوله : ذبحه مسلم كره أكله فكيف بدونه تأمل . ( شامي : كتاب الحظر والإباحة ، (۶/ ۳۴۳) ،ط: سعيد )

(۶) الفتاوىٰ الهندية : كتاب الكراهية ، الباب الأوّل ، الفصل الأوّل ، (۵/ ۳۰۹) ، ط: رشيديه .

(۷) التاتارخانية : كتاب الذبائح ، الفصل الرابع في مايتعلق بالتسمية على الذبح ، (۱۷/ ۴۰۲)، ط: مكتبه فاروقيه .

(۸) احسن الفتاوى، كتاب الطهارة باب المياه، (۲/ ۳۶)، ط: سعيد

ہو جائے کہ اس کے ہاتھ میں ناپاکی (نجاست) لگی تھی، تو پانی ناپاک ہو جائے گا۔ (۱)

## کافر ہو گیا

اگر کسی مسلمان نے وضو کیا پھر وہ کافر ہو گیا (اللہ کی پناہ) تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا، اگر دوبارہ مسلمان ہو گیا تو اس کا وضو برقرار رہے گا اور اس سے نماز پڑھنا جائز ہوگا، بشرطیکہ اس دوران کسی اور وجہ سے وضو نہ ٹوٹا ہو۔ (۲)

## کامل وضو کا فائدہ

"عمر میں برکت ہوتی ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۷۷/۲)

---

(۱) من شک في انائه او ثوبه او بدنه اصابته نجاسة أم لا فهو طاهر ما لم يستيقن. فتاوی الحجة: وكذا الآبار و الحياض التي يستقي منها الصغار و الكبار و المسلمون والكفار. الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني نوع آخر في مسائل الشك (۱۴۲/۱)، ط: ادارة القرآن

(۲) إذا ادخل الصبي يده في كوز ماء او رجله فان علم ان يده طاهرة بيقين يجوز التوضؤ به وان كان لا يعلم انها طاهرة او نجسة فالمستحب ان يتوضأ بغيره ومع هذا لو توضأ اجزاه كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني (۲۵/۱)، ط: رشيدية

(۳) رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في دلالة المفهوم (۱۱۲/۱)، ط: سعيد

(۴) المبسوط للسرخسي، كتاب الطهارة، باب الوضوء والغسل (۲۱۳/۱)، ط: المكتبة الغفارية

مزید تخریج "کافر کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔

(۱) الحنفية قالوا: إن الوضوء لا ينتقض بالردة وإن كانت الردة محبطة لكثير من الأعمال الدينية والتصرفات المالية ونحو ذلك

الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، مبحث نواقض الوضوء (۸۶/۱)، ط: دار احياء التراث العربي

(۲) قوله (لا تنقضه ردة) اى فيصلي به إذا اسلم لأن الحاصل بالتيمم صفة الطهارة والكفر لا ينافيها كالوضوء والردة تبطل ثواب العمل لا زوال الحدث شرح المنية

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم مطلب لفظ الطهورين، (۲۵۶/۱)، ط: سعيد

(۳) البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۲/۱)، ط: سعيد

# کان

☆ اگر کسی کے کان کے اندر دانہ ٹوٹ گیا، تو جب تک خون یا پیپ سوراخ کے اندر اسی جگہ تک رہے جہاں پانی پہونچانا غسل کرتے وقت فرض نہیں وضو نہیں ٹوٹے گا، اور جب خون یا پیپ ایسی جگہ پر آجائے جہاں تک پانی پہونچانا فرض ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

☆ اگر کان میں درد ہونے کی وجہ سے پانی نکلتا ہے تو وہ ناپاک ہے، اگر ایسا پانی کان کے سوراخ سے نکل کر اس جگہ تک آجائے جس کا غسل کرتے وقت دھونا فرض ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر اندر اندر رہ جائے گا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اور کان میں درد خواہ پھوڑا پھنسی کی وجہ سے ہو یا کسی اور وجہ سے ہو دونوں کا حکم ایک ہے۔ (۲)

---

(۱) الحنفية قالوا: إن مايسيل من البدن غير القيح والصديد، إن كان لعلة ولو بلا ألم فنجس وإلا فطاهر، وهذا يشمل النفط، وماء السرة وماء الأذن. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مبحث الأعيان النجسة وتعريف النجاسة، (۱۵/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ (وإذا خرج الدم من الرأس إلى أنفه أو إلى أذنه إن سال) ذلك الدم (إلى موضع يجب تطهيره عند الاغتسال) وهو ما جاوز قصبة الأنف وصماخ الأذن إلى خارج (نقض) الوضوء وإن سال إلى قصبة الأنف وداخل الصماخ ولم يتجاوز لا ينقضه. (حلبي كبير فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۳۲)، ط: سهيل اكيدمي لاهور)

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، فصل: وأمّا بيان ما ينقض الوضوء، (۲۶/۱)، ط: سعيد.

☆ ومنها ما يخرج من غير السبيلين ويسيل إلى ما يطهر من الدم والقيح والصديد والماء لعلة. الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰/۱)، ط: رشيدية

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء (۱۳۴/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۱/۱)، ط: سعيد

(۲) وإن خرج من أذنه قيح أو صديد ينظر إن خرج بدون الوجع لا ينقض وضوءه وإن خرج مع الوجع ينتقض وضوءه لأنه إذا خرج مع الوجع فالظاهر أنه خرج من الجرح، هكذا حكى فتوى شمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالى، كذا في المحيط. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰-۱۱)، ط: رشيدية) =

☆ اگر کان سے درد کے ساتھ پانی نکلتا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ [۱]

## کان اور رخسار کے درمیانی حصہ کا حکم

کان اور رخسار کے درمیان والا حصہ چہرے کے حکم میں داخل ہے وضو میں جس طرح چہرے کا دھونا فرض ہے اسی طرح اس جگہ کا دھونا بھی فرض ہے۔ [۲]

## کان بہتا ہے

اگر کان بہتے ہوں اور کان میں انگلی ڈالنے سے انگلی کو پانی لگ جائے تو وضو

---

= ⇐ البحر الرائق، کتاب الطهارة ،(۱/۳۳-۳۲) ،ط: سعید
⇐ تبیین الحقائق، کتاب الطهارة ،(۱/۴۹) ،ط: سعید.
⇐ انظر ایضا الحاشیة السابقة.
(۱) الحنفیة قالوا: إن مایسیل من البدن غیر القیح والصدید ، إن کان لعلة ولو بلا ألم فنجس وإلا فطاهر ، وهذا یشمل النفط ، وماء السرة وماء الأذن . ( کتاب الفقه علی المذاهب الأربعة: کتاب الطهارة ، مبحث الأعیان النجسة وتعریف النجاسة ،(۱/۱۵) ، ط: مکتبة الحقیقة )
⇐ الدم والقیح والصدید وماء الجرح .......... والعین والأذن لعلة سواء علی الأصح.
الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس،(۱۰-۱۱)،ط:رشیدیة
⇐ شامی، کتاب الطهارة،مطلب فی ندب مراعاة الخلاف .......... إلخ،(۱/۱۴۸)،ط:سعید.
(۲) فیجب غسل المیاقی...... (ومابین العذار والأذن) لدخوله فی الحد و به یفتی.
و فی الرد:(قوله ومابین العذار والاذن) ای مابینهما من البیاض (قوله:وبه یفتی) و هو ظاهر المذهب وهو الصحیح وعلیه اکثر المشایخ. (الدر المختار مع الرد، کتاب الطهارة،مطلب فی معنی الاشتقاق وتقسیمه ..... إلخ (ص: ۹۷)، ط:سعید)
⇐ واما البیاض الذی بین العذار وبین شحمة الاذن فقد ذکر شمس الائمة الحلوانی انه ظاهر المذهب. ان علیه أن یبل ذلک الموضع ..... وذکر الطحاوی غسل ذلک الموضع (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب الطهارة، الفصل الأول ،(۱/۸۹)، ط:ادارة القرآن)
⇐ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول ، الفصل الأول، (۱/۳)، ط:رشیدیة.

ٹوٹ جائے گا کیونکہ وہ پانی ناپاک ہے۔ [1]

## کانچ

اگر کسی کے پاخانے کے مقام کا کوئی جزء باہر نکل آئے جس کو عرف میں ''کانچ'' نکلنا کہتے ہیں، تو اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے خواہ وہ خود بخود اندر چلا جائے یا کسی لکڑی، کپڑے یا ہاتھ وغیرہ کے ذریعہ اندر پہونچایا جائے بہر صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔ [2]

مزید ''بواسیر'' کا عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۳۱/۱)

## کان کا میل

کان کا میل نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ [3]

---

(۱) الحنفية قالوا: إن ما يسيل من البدن غير القيح والصديد، إن كان لعلة ولو بلا ألم فنجس وإلا طاهر، وهذا يشمل النفط، وماء السرة وماء الأذن. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مبحث الأعيان النجسة وتعريف النجاسة، (۱۵/۱)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ (وإذا خرج الدم من الرأس إلى أنفه أو إلى أذنه إن سال) ذلك الدم (إلى موضع يجب تطهيره عند الاغتسال) وهو ما جاوز قصبة الأنف وصماخ الأذن إلى خارج (نقض) الوضوء وإن سال إلى قصبة الأنف وداخل الصماخ ولم يتجاوز ولا ينقضه. (حلبي كبير فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۳۲)، ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

☆ بدائع الصنائع، كتاب الطهارة، فصل: وأما بيان ما ينقض الوضوء، (۲۶/۱)، ط: سعيد.

(۲) إذا خرج دبره إن عالجه بيده أو بخرقة حتى أدخله تنتقض طهارته لأنه يلتزق بيده شيء من النجاسة، وذكر الشيخ الإمام شمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالى أن بنفس خروج الدبر تنتقض وضوءه. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱۲۶/۱)، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۰/۱)، ط: رشيدية

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء (۱۳۶/۱)، ط: سعيد

(۳) فلأن الإنسان فإن ما يخرج منه على ثلثة أقسام: قسم منه طاهر و بخروجه لا ينتقض الوضوء =

## کان میں درد ہے

اگر کان میں درد اور تکلیف ہونے کی وجہ سے مواد یا پانی خارج ہو، اور ایسی جگہ تک آجائے جس کا وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا، اور نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔

اور اگر درد اور تکلیف کے بغیر کان سے پانی نکلے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۱)

## کان میں عطر کا پھایہ ہے

''عطر کا پھایہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۷٤)

## کانوں کا مسح

سر کے مسح کے بعد کانوں کا مسح کرنا سنت ہے، اور کانوں کے مسح کے لئے

---

= وإن أصاب شيئا لاينجسه وهو عشرة: وسخ الأذان، ودموع العين ..... الخ. (النتف في الفتاوى: كتاب الطهارة، مايخرج من الإنسان، (ص: ۲٦)، ط: سعيد)

⇦ تحفة الفقهاء: كتاب الطهارة، باب الحدث، (۱/۱۸)، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

⇦ البحر الرائق: كتاب الطهارة، (۱/۳۳)، ط: سعيد.

(۱) كل مايخرج من علة من أي موضع كان كالأذن والثدي والسرة ونحوها، فإنّه ناقض على الأصح. (حلبي كبير: فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۱۳۳)، ط: سهيل اكيڈمى لاهور)

⇦ وان خرج من اذنه قيح او صديد ينظر ان خرج بدون الوجع لا ينقض وضوءه وان خرج مع الوجع ينقض وضوءه لأنه اذا خرج مع الوجع فالظاهر انه خرج من الجرح، هكذا حكى فتوى شمس الأئمة الحلواني رحمه الله تعالى، كذا في المحيط.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۰ - ۱۱)، ط: رشيدية

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۳ - ۳۲)، ط: سعيد

⇦ تبيين الحقائق، كتاب الطهارة، (۱/٤٩)، ط: سعيد

⇦ وانظر أيضا تحت العنوان: "كان".

ہاتھوں کو دوبارہ پانی سے تر کرنے کی ضرورت نہیں ہے، سر کے مسح کے لئے ہاتھوں کو پانی سے جو تر کیا گیا تھا وہ کانوں کے مسح کے لئے بھی کافی ہے، ہاں اگر سر کے مسح کے بعد عمامہ یا ٹوپی یا ایسی چیز چھو لے جس سے ہاتھوں کی تری جاتی رہے تو پھر دوبارہ تر کرے۔[1]

## کانوں کا مسح ایک ساتھ کرنے پر قادر نہیں

اگر کسی آدمی کا ایک ہاتھ نہ ہونے یا ایک ہاتھ پر فالج ہونے کی وجہ سے ایک دفعہ میں ایک ساتھ دونوں کانوں پر مسح نہیں کرسکتا ہے تو پہلے داہنے کان کا مسح کرے پھر بائیں کان کا مسح کرے۔[2]

## کانوں کے مسح کا طریقہ

سر کے مسح کے بعد کانوں کا مسح کرنا سنت ہے، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ

---

(١) (ومسح كل رأسه مرة)...... (وأذنيه) معا ولو (بمائه) لكن لو مس عمامته فلا بد من ماء جديد. (الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (١/١٢١-١٢٢)، ط: سعيد

ط الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني، (١/٧)، ط: رشيدية

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٦)، ط: سعيد

(٢) ولو لم يكن له الا يد واحدة او باحدى يديه علة ولا يمكنه مسحهما معا يبدأ بالأذن اليمنى ثم باليسرى، كذا في الجوهرة النيرة.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (١/٨)، ط: رشيدية

ﷺ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/٢٨)، ط: سعيد

ﷺ ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في تتميم مندوبات الوضوء، (١/١٢٣)، ط: سعيد

ﷺ سوال: فقط داہنے ہاتھ سے بلا عذر وضو تمام کرے جائز ہے یا مکروہ؟

الجواب: اس کی کراہت کی نہ کوئی روایت نظر سے گزری نہ درایت اس کی موجب معلوم ہوتی ہے بلکہ بعضے اعضاء تو دونوں ہاتھ سے دھل بھی نہیں سکتے، جیسے یدین الی المرفقین اور بعضے اعضاء میں تعسر ہے جیسے رجلین اور روایت بھی اکتفاء کے جواز کی مؤید ہے۔ فی الدر المختار فی الآداب غسل رجلیہ بیسارہ وفی رد المحتار من شرح الشیخ اسمعیل قال یطرح الماء بیمینہ علی رجلیہ ویغسلهما بیسارہ۔ (امداد الفتاوی، کتاب الطہارۃ، (١/٦٤-٦٥)، ط: مکتبہ دار العلوم)

چھوٹی انگلی کو کان کے سوراخ میں ڈال کر حرکت دے، اور شہادت کی انگلی سے کان کے اندرونی حصے کو اور انگوٹھے سے ان کی پشت پر مسح کرے۔ (۱)

## کاہلی کی وجہ سے تیمم کرنا

''سستی کی بنا پر تیمم کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۴۱٤)

## کبوتر ٹینکی میں گر جائے

''پرندہ ٹینکی میں گر جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۱۷۸)

## کپڑا بیماری کی وجہ سے ناپاک ہو جائے

''نجاست لگ جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲/۲۷۷)

## کپڑا زمین پر مارا

''رومال زمین پر مارا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۳۷۳)

## کپڑوں کی حفاظت کرے

پیشاب، پاخانہ کرتے وقت کپڑوں کی پوری طور پر حفاظت کرنی چاہیئے تا کہ وہ نجاست اور ناپاک پانی سے آلودہ نہ ہوں۔ (۲)

(۱) (ومسح كل راسه مرة ... وأذنيه بمائه) أي بماء الرأس، وفي المجتبى: يمسحهما بالسبابتين داخلهما و بالإبهامين خارجهما وهو المختار كذا في المعراج وعن الحلواني و شيخ الإسلام: يدخل الخنصر في أذنيه ويحركهما. (البحر الرائق: (۱/۲٦) كتاب الطهارة، ط: سعيد)

(و) المحيط البرهاني: كتاب الطهارات، الفصل الأوّل في الوضوء، (۱/۱۷۷)، ط: إدارة القرآن.

(و) الفتاوىٰ التاتارخانية: كتاب الطهارة، الفصل الأوّل في الوضوء، (۱/۲۲٦)، ط: مكتبه فاروقيه.

(۲) اذا أراد دخول الخلاء يستحب له ان يدخل بثوب غير ثوبه الذي يصلي فيه ان كان له ذلك و الا فيجتهد في حفظ ثوبه عن اصابة النجاسة و الماء المستعمل. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۵۰)، ط: رشيدية) =

## کپڑے پر تیمم کرنا

اگر کپڑے پر گرد وغبار نہیں ہے تو تیمم کرنا درست نہیں اور اگر کپڑے پر گرد وغبار ہے تو اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔ (۱)

## کپڑے سے قرآن مجید کو چھونا

"قرآن مجید کو کپڑے سے چھونا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۱۱۲)

## کتا مر گیا

☆ اگر کنویں میں کتا گر کر مر گیا تو اس کو نکالنے کے بعد سارا پانی نکالنا ضروری ہے۔ (۲)

---

= البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۲۳/۱)، ط:سعید.

حلبی کبیر، آداب الوضوء، (ص: ۳۱) ط:سهیل اکیڈمی.

(۱) (ولایجوز) عندنا (بما لیس من جنس الأرض کالذهب والفضة والحدید ...... وکالحنطة وسائر الحبوبات والأطعمة) من الفواكه وغیرها وأنواع النباتات مما یترمد بالنّار إذا لم یکن علیها غبار. (حلبی کبیر: (ص: ٧٦) فصل في التیمم، ط: سهیل اکیڈمی)

وکذا یجوز بالغبار مع القدرة علی الصعید عند أبي حنیفة ومحمد رحمهما الله تعالیٰ، لأنّه تراب رقیق. (الهدایة: کتاب الطهارات، باب التیمم، (۵۱/۱)، ط: المصباح)

ولو أنّ الحنطة أو الشيء الّذي لایجوز علیه التیمم إذا کان علیه التراب فضرب یده علیه وتیمّم ینظر، إن کان یستبین أثره بمده علیه جاز وإلّا فلا. (شامی: کتاب الطهارة، باب التیمم، مطلب في البحر عن المبتغي بالغین المعجمة، (۲۴۰/۱)، ط: سعید)

البحر الرائق: کتاب الطهارة، باب التیمم، (۱۴۸/۱)، ط: سعید.

= ولنا عدم الکراهیة بالماء المسخن بالنار فلما اخرجه الدار قطنی والبیهقی عن علی بن غراب عن هشام بن سعید بن زید بن اسلم عن ابیه عن عمر انه کان یسخن له الماء فی قمقمة فیغتسل به، قال الدار قطنی: اسناده صحیح ..... عن ایوب عن نافع ان ابن عمر کان یتوضا بالماء الحمیم، وعن ابن عباس، رواه ابو بکر بن ابی شیبة فی مصنفه ..... قال ابن عباس: انا نتوضا بالحمیم (السعایة: (۱/۳۳۷) کتاب المیاه، الکراهة فی کراهة الماء المشمس، ط: سعید)

(۲) (من عجز عن استعمال الماء لبعده میلا او لمرض او برد) یهلک الجنب او یمرضه ولو فی المصر اذا لم تکن له اجرة حمام ولا ما یدفئه ..... (..... تیمم).

وفی الرد: (قوله: ولا ما یدفئه)..... قال فی البحر: فصار الاصل انه متی قدر علی الاغتسال بوجه=

# گرمی دانہ

گرمی کے موسم میں اکثر گرمی دانے نکل آتے ہیں اور کھجلی دینے سے ان میں سے پانی نکلتا ہے، اگر دانہ ٹوٹنے سے پانی از خود نہیں بہا، بلکہ ہاتھ یا کپڑا لگنے سے پھیل گیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

اور اگر پانی زخم سے ابھر کر اوپر آ گیا اور دانہ کے سوراخ سے زائد جگہ میں پھیل گیا، مگر اوپر ابھرنے کے بعد نیچے نہیں اترا تو اس سے وضو ٹوٹنے میں اختلاف ہے، راجح قول یہ ہے کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۱)

---

= من الوجود لا يباح له التيمم اجماعا. (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم ۱/ ۲۳۲-۲۳۳، ط: سعيد)

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول (۱/ ۲۸)، ط: رشيدية

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم (۱/ ۱۲۱)، ط: سعيد

(والمخرج) بضم الميم (والخارج) بفتحها (سيان) في حكم النقض على المختار كما في الزاهدي قال: لأن في الإخراج خروجا فصار كالفصد وفي الفتح عن الكافي أنه الأصح واعتمده القهستاني، وفي المجتبى وجامع الفتاوى أنه الأشبه ومعناه أنه الأشبه بالمنصوص رواية والراجح دراية فيكون الفتوى عليه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة ۱/ ۱۳۶-۱۳۷، ط: سعيد)

= الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني (۱/ ۱۲۳)، ط: ادارة القرآن

= البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/ ۳۳)، ط: سعيد

= ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة ...

وفي الرد: (قوله: عين السيلان) اختلف في تفسيره ففي المحيط عن أبي يوسف أن يعلو وينحدر وعن محمد إذا انتفخ على رأس الجرح وصار أكبر من رأسه نقض والصحيح لا ينقض. قال في الفتح بعد نقله ذلك وفي الدراية جعل قول محمد أصح ومختار السرخسي الأول وهو الأولى اهـ قلت وكذا صححه قاضي خان وغيره وفي البحر تحريف نبه عليه محشيه. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، ۱/ ۱۳۴-۱۳۵، ط: سعيد)

: المحيط البرهاني، كتاب الطهارات، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء ۱/ ۲۰۰، ط: سعيد.

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/ ۱۰)، ط: رشيدية =

# گرمی کے موسم میں ڈھیلہ کیسے استعمال کرے

"ڈھیلا استعمال کرنے کا طریقہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۵۸)

# گلوکوز چڑھوانا

اگر گلوکوز چڑھانے سے خون یا پیپ وغیرہ کچھ بدن سے نکلے گا تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر خون وغیرہ نہیں نکلے گا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ بدن سے نجاست نکلنے سے وضو ٹوٹتا ہے، اور اگر نجاست نہیں نکلی تو وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۱)

---

== ونظيره ما ليس فيه قوة السيلان من الخارج من الجسد فإنه ساقط الاعتبار وإن كثر وعم البدن. وقد صرح في الحلية بعين ما قلنا فقال: ما ليس بكثير من النجاسات ما هو ساقط الاعتبار لا يجب غسله. وعليه مشى الحاوي القدسي أن ما أصاب من رشاش البول مثل رؤوس الإبر ونحوه والدم على ثوب القصاب ومالا ينقض الوضوء من بلة الجرح لو أصابه عفو عنه وإن كثر.

(فتاوى شامي، (۱/۳۲۳) كتاب الطهارة، باب الأنجاس، ط: سعيد)

وصا ما يخرج من غير السبيلين ويسيل إلى ما يطهر من الدم والقيح والصديد وماء الحلق.

فتاوى الهندية كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۰) ط: رشيدية

= والبحر، كتاب الطهارة (۱/۱۳۳) ط: سعيد

= البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۳۱) ط: سعيد

= ينقض الوضوء نجاسة سائلة من غيرهما: أي السبيلين لقوله عليه الصلاة والسلام: الوضوء من كل دم سائل. (مراقي الفلاح) والمراد أن تتجاوزه ولو بالعصر وما نحله أن يتجاوز لو لا المسح كما لو مسحت علقة امتلأت بحيث لو شقت لسال منها الدم كذا في الحلبي. (حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۸۷) ط: قديمي)

= ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة لما قالوا لو مسح الدم كلما خرج ولو تركه لسال نقض وإلا لا. (الدر المختار مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۵) ط: سعيد)

= لو أحسن ما في النهر عن بعض المتأخرين من أن المراد السيلان ولو بالقوة، أي قوة دم الفصد ونحوه منتقل إلى ما يلحقه حكم التطهير حكمًا. (شامي: كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱/۱۳۴) ط: سعيد)

## گلے کے مسح کا حکم

وضو کے دوران گردن کا مسح کرنا مستحب ہے، لیکن گلے کا مسح کرنا بدعت ہے کیونکہ گلے کا مسح ثابت نہیں ہے۔(۱)

## گناہ دھل جاتے ہیں

وضو کرنے سے وضو کے تمام اعضاء سے گناہ دھل جاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ صنابحی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مومن بندہ وضو کرتا ہے، کلی کرتا ہے، تو اس کے منہ کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب ناک میں پانی ڈالتا ہے تو اس کے ناک سے گناہ جھڑ جاتے ہیں، اور جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرہ کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ آنکھ کی پلکوں کے گناہ بھی دھل جاتے ہیں، اور جب ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے گناہ یہاں تک کہ ناخن کے نیچے کے گناہ بھی دھل جاتے ہیں، پھر جب سر کا مسح کرتا ہے تو سر کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے کانوں کے گناہ، پھر جب اپنے دونوں پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے دونوں پیروں کے گناہ دھل جاتے ہیں یہاں تک کہ پیروں کے ناخن کے، پھر اس کا مسجد کی طرف چلنا اور نماز پڑھنا اس کے علاوہ زائد (گناہ کی معافی کے بعد بلندی درجات کا باعث) ہوتا ہے۔(۲)

---

(۱) لقدم تخریجه تحت العنوان "گردن کا مسح"

(۲) عن عبد الله الصنابحي رضي الله عنه انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضأ العبد المؤمن فتمضمض خرجت الخطايا من فيه، فإذا استنثر خرجت الخطايا من انفه فإذا غسل وجهه خرجت الخطايا من وجهه حتى تحت أظفار يديه، فإذا مسح برأسه خرجت الخطايا من رأسه حتى تخرج من اذنيه، فإذا غسل رجليه خرجت الخطايا من رجليه حتى تخرج من تحت أظفار رجليه ثم كان مشيه إلى المسجد وصلاته نافلة له. (سنن النسائي: (۱/۲۹) كتاب الطهارة، باب مسح الأذنين مع الرأس .... الخ، ط: قديمي) =

حضرت عمرو بن عبسہ کی روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ جب وضو کرتا ہے، اپنا ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب اپنا چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب بازو کو دھوتا ہے اور سر کا مسح کرتا ہے تو بازو اور سر کے گناہ دھل جاتے ہیں اور جب اپنے دونوں پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے پیروں کے گناہ دھل جاتے ہیں۔

## گناہ دھونے والی چیز

"سردی میں وضو کا ثواب" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/٤٠٤)

## گناہ کا کام

گناہوں کا کام کرنا گناہ ہے، لیکن اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، البتہ مکروہ ضرور ہوجاتا ہے اس لئے دوبارہ وضو کر لینا مستحب ہے۔[1]

---

سنن ابن ماجه : (ص: ۲۴) ابواب الطهارة ، ثواب الطهور ، ط: قديمي .
مشكاة المصابيح : (ص: ۳۹) كتاب الطهارة ، الفصل الثالث ، ط: قديمي .
عن عمرو بن عبسه قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : أن العبد إذا توضأ فغسل يديه خرجت خطاياه من يديه ، فإذا غسل وجهه خرجت خطاياه من وجهه ، فإذا غسل ذراعيه ومسح برأسه خرجت خطاياه من ذراعيه ورأسه ، فإذا غسل رجليه خرجت خطاياه من رجليه . (سنن ابن ماجه : (۲۵) ابواب الطهارة ، ثواب الطهور ، ط: قديمي )
المستدرك على الصحيحين : (۱/۲۲۲) رقم الحديث : ۴۵۳، كتاب الطهارة ، ط: دار الكتب العلمية ، بيروت .
صحيح ابن خزيمة : (۱/۱۲۸) رقم الحديث : ۲۶۰ ، كتاب الوضوء ، باب ذكر دليل انّ النبي صلى الله عليه وسلم قد كان يأمر بالوضوء قبل نزول سورة المائدة ، ط: المكتب الإسلامي بيروت.
(۱) مندوب في نيف وثلاثين موضعا ذكرتها في الخزائن منها بعد كذب وغيبة ... وبعد كل خطيئة (الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة .(۱/ ۹۰-۸۹)، ط:سعيد )
الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثالث، (۱/ ۹)، ط:رشيدية
البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۲)، ط:سعيد

# گناہ معاف

"وضو سے گناہ معاف" عنوان کے تحت دیکھیں ۔ (۲/۳۰۸)

# گناہ نکل جاتے ہیں

وضو کرنے کی وجہ سے تمام اعضاءِ وضو کے گناہ نکل جاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مسلمان بندہ یا مومن بندہ وضو کرتا ہے اور اپنے چہرہ کو دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ جیسے آنکھ سے دیکھا ہوگا، پانی کے قطرے کے ساتھ یا آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، اور جب وہ اپنے دونوں ہاتھوں کو دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ کے تمام گناہ جسے ہاتھوں نے کیا ہوگا پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، اور وہ جب اپنے پیروں کو دھوتا ہے تو اس کے تمام گناہ جس کی طرف اس کا پیر چلا ہوگا پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ نکل جاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ گناہوں سے بالکل پاک صاف ہو جاتا ہے۔[1]

# گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے

"گناہ نکل جاتے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں ۔ (۲/۱۷۰)

---

(1) عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا توضأ العبد المسلم أو المؤمن فغسل وجهه خرج من وجهه كل خطيئة نظر إليها بعينيه مع الماء أو مع آخر قطر الماء، فإذا غسل يديه خرج من يديه كل خطيئة كان بطشتها يداه مع الماء أو مع آخر قطر الماء، فإذا غسل رجليه خرجت كل خطيئة مشتها رجلاه مع الماء أو مع آخر قطر الماء حتى يخرج نقيا من الذنوب.

(صحيح مسلم: (١/١٢٥) كتاب الطهارة، باب خروج الخطايا مع ماء الوضوء، ط: قديمي)

مشكاة المصابيح: (ص: ٣٨) كتاب الطهارة، الفصل الأول، ط: قديمي.

كنز العمال: (٩/٢٨٥)، رقم الحديث: ٢٦٠٣٢، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني: في الوضوء، الفرع الثاني: في فضائل الوضوء، ط: مؤسسة الرسالة.

# گناہوں کی معافی کے طریقے

"وضو کے ذریعہ کون سے گناہ معاف ہوتے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔

# گنجا

"پیشانی" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۹-۲)

# گندگی خارج ہونے کے بعد

گندگی مثلاً پیشاب، پاخانہ، مذی اور ودی وغیرہ خارج ہونے کے بعد، پیشاب پاخانہ کے مقامات کو آلودہ رہنے دینا اور صرف وضو کر لینا طہارت حاصل کرنے کے لئے کافی نہیں ہے، بلکہ جہاں جہاں سے گندگی خارج ہوئی ہے اس جگہ کو خشک اور پاک کیا جائے۔[۱]

# گندی نالیوں کے پانی کو سائنسی طریقے سے صاف کیا

اگر ناپاک اور گندی نالیوں کے پانی کو سائنسی طریقے سے صاف کیا تو صاف ہو جائے گا لیکن پاک نہیں ہوگا، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز نہیں ہوگا۔[۲]

---

[۱] (ويجب) أي يفرض (غسله) إن جاوز المخرج نجس) مانع ويعتبر القدر المانع للصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لأن ما على المخرج ساقط شرعا وإن كثر ولهذا لا تكره الصلاة معه (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل في الاستنجاء (۳۳۹/۱)، ط: سعيد)

الفتاوى الهندية كتاب الطهارة الباب السابع، الفصل الثالث (۴۸/۱)، ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الأنجاس (۲۴۲/۱)، ط: سعيد

[۲] والدليل على تحريم استعمال الماء الذي فيه جزء من النجاسة وإن لم يظهر طعمه أو لونه أو ريحه، قول الله تعالى: ويحرم عليهم الخبائث، والنجاسات من الخبائث، لأنها محرمة (شرح مختصر الطحاوي: كتاب الطهارة، باب تكون به الطهارة، مسألة: النجاسة في الماء قليل والكثير (۳۳۹/۱)، ط: دار السراج المدينة المنورة)

البحر الرائق: كتاب الطهارة (۷۸/۱، ۷۹)، ط: سعيد۔ =

# گوبر سے استنجاء منع ہونے کی وجہ

گوبر اور ہڈیوں سے استنجاء کرنے سے اس لئے منع فرمایا ہے کہ ان میں اکثر تکلیف پہنچانے والے موذی جانور سانپ، بچھو وغیرہ اور بعض قسم کے کاٹنے والے کیڑے بیٹھے رہتے ہیں۔[1]

= (و) يطهر (زيت) تنجس (بجعله صابونًا) به يفتى للبلوى، كتنور رش بماء نجس لا بأس بالخبز فيه. قوله: (ويطهر زيت الخ) قد ذكر هذه المسألة العلامة قاسم في فتاواه، وكذا ما سيأتي متنًا وشرحًا من مسائل التطهير بانقلاب العين ..... ثم هذه المسألة قد فرعوها على قول محمد بالطهارة بانقلاب العين الذي عليه الفتوى واختاره أكثر المشايخ خلافًا لأبي يوسف كما في شرح المنية والفتح وغيرهما. وعبارة المجتبى: جعل الدهن النجس في صابون يفتى بطهارته، لأنه تغير والتغير يطهر عند محمد و يفتى به للبلوى اهـ. وظاهره أنّ دهن الميتة كذلك لتعبيره بالنجس دون المتنجس إلا أن يقال هو خاص بالنجس، لأنّ العادة في الصابون وضع الزيت دون بقية الأدهان تأمل، ثم رأيت في شرح المنية ما يؤيد الأوّل حيث قال: وعليه يتفرع ما لو وقع إنسان أو كلب في قدر الصابون فصار صابونًا يكون طاهرًا لتبدل الحقيقة اهـ. ثم اعلم أنّ العلّة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة وأنّه يفتى به للبلوى كما علم ممّا مر، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون، فيدخل فيه كل ما كان فيه تغير وانقلاب حقيقة وكان فيه بلوى عامة، ---- لكن الدبس ليس فيه انقلاب حقيقة، لأنّه عصير جمد بالطبخ، وكذا السمسم إذا درس واختلط دهنه بأجزائه ففيه تغير وصف فقط كلبن صار جبنًا، وبر صار طحينًا، وطحين صار خبزًا بخلاف نحو خمر صار خلاً وحمار وقع في مملحة فصار ملحًا، وكذا روى خمر صار طرطيرًا وعذرة صارت رمادًا أو حماة فإنّ ذلك كله انقلاب حقيقة إلى حقيقة أخرى لا مجرد انقلاب وصف. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۳۱۵، ۳۱۶)، ط: سعيد)

⇦ وخرج عن هذه القضية الماء النجس لقوله تعالىٰ ﴿ولكن يريد ليطهّركم﴾ والنجس لا يفيد الطهارة. (أصول الشاشي: البحث الأوّل في كتاب الله، فصل في المطلق والمقيد، (ص: ۲۴، ۲۵)، ط: بشرى)

(۱) والخامس: أن يتوقى البول في ثقب أو سرب من آداب الاستجاء لئلا يخرج عليه من حشرات الأرض ما يؤذيه أو لئلا يؤذي حيوانًا فيه. (الحاوي الكبير: كتاب الطهارة، باب الاستطابة، (۱/ ۲۶۵)، ط: دار الفكر)

⇦ المصالح العقلية: باب نواقض الوضوء والتيمم، عنوان: گوبر اور ہڈیوں سے منع استنجاء کا راز، (ص: ۳۱)، ط: دار الاشاعت۔

# گویا آج ہی پیدا ہوا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص وضو سے فارغ ہونے کے بعد یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے، وہ اٹھے گا نہیں کہ اس سے گناہ مٹ جائیں گے اور ایسا ہو جائے گا جیسے اس کی ماں نے آج ہی جنا "أشهد أن لا إله إلا الله"۔ (۱)

# گھاس

اگر سبز یا خشک گھاس پر گرد و غبار نہیں ہے تو اس پر تیمم کرنا درست نہیں ہے اور اگر گھاس پر گرد و غبار ہے تو اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔ (۲)

---

(۱) من قال حين يفرغ من وضوئه: اشهد أن لا إله إلا الله ثلاث مرات لم يقم حتى تمحى عنه ذنوبه حتى يصير كما ولدته أمه. ابن السني عن عثمان. (كنز العمال: (۲۹۸/۹) رقم الحديث: ۲۶۰۸۲، حرف الطاء، كتاب الطهارة من قسم الأقوال، الباب الثاني في الوضوء، الفصل الثاني في آداب الوضوء، التسمية والأذكار، ط: مؤسسة الرسالة)

☜ عمل اليوم والليلة لابن السني: (ص: ۳۰) رقم الحديث: ۲۹، باب مايقول إذا فرغ من وضوئه، ط: دار القبلة للثقافة.

(۲) (ولايجوز عندنا بما ليس من جنس الأرض ...... كالذهب والفضة ...... وكالحنطة وسائر الحبوب والأطعمة) من الفواكه وغيرها وأنواع النباتات مما يترمد بالنار إذا لم يكن عليها غبار (وإن كان على هذه الأشياء المذكورة غبار يجوز التيمم بغبارها). (حلبي كبير: فصل في التيمم، (ص: ۷۶)، ط: سهيل اكيڈمی لاهور)

☜ ولو وضع يديه على حنطة او شعير او غير ذلک من الحبوب فلصق بيديه غبار فان بان اثره جاز به التيمم، كذا في السراج الوهاج.
(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۲۷/۱)، ط: رشيدية)

☜ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۴۰/۱)، ط: سعيد

☜ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۸/۱)، ط: سعيد

## گھائی

اگر انگلیوں کی گھائی (دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ) میں خلال کے بغیر پانی نہ پہونچے تو خلال کرنا فرض ہے۔[1]

## گھٹنا کھل گیا

وضو کے دوران گھٹنے کھل جانے سے وضو میں کوئی نقص نہیں آتا،[2] البتہ دوسرے کے سامنے بلا ضرورت گھٹنے کھولنا سخت گناہ ہے۔[3]

---

(۱) وهذا بعد دخول الماء خلالها فلو منضمة فرض

و في الرد: قوله (وهذا) أي كون التخليل سنة، قوله (فرض) أي التخليل لأنه حينئذ لا يمكن يصال الماء إلا به فقيم. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة (۱۱۸/۱) ط: سعيد)

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الثاني (۷/۱) ط: رشيدية

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الأول، نوع منه في بيان سنن الوضوء و آدابه (۱۰۹/۱) ط: ادارة القرآن

(۲) (وينقضه خروج نجس منه) أي وينقض الوضوء خروج نجس، فدخل تحت هذه الكلمة جميع النواقض الحقيقية. (تبيين الحقائق: كتاب الطهارة (۷/۱) ط: امدادیه ملتان)

⇐ والحاصل أن المعهود يعلل بالدخول والوضوء بالخروج. (شامي: كتاب الطهارة، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، (۱۳۹/۱)، ط: سعيد)

⇐ (سوال ۵۶) ستر کھلنے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

(جواب) نہیں ٹوٹتا

فتاوی دار العلوم دیوبند، کتاب الطہارۃ نواقض وضو (۱/۱۰۷-۱۰۶) ط: دار الاشاعت

⇐ احسن الفتاوی، کتاب الطہارۃ (۲۳/۲) ط: سعید

(۳) عن علي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكشف فخذك ولا تنظر إلى فخذ حي ولا ميت. (نصب الراية، كتاب الكراهية، فصل في اللبس، رقم الحديث: ۷۰۱۹، (۲۴۴/۴)، ط: المكتبة المكية، جدة)

⇐ وينظر الرجل من الرجل سوى ما بين سرته إلى ما تحت ركبته.

بدائع الصنائع، كتاب الحظر والإباحة (۱۲۲/۵) ط: سعيد

# گھر سے وضو کر کے آنا افضل ہے

☆ گھر سے وضو کر کے مسجد میں آنا افضل ہے، احادیث میں اس کی فضیلت آئی ہے، اور اس میں مسجد اور جماعت کا احترام بھی ہے، اگر کوئی شخص کسی دربار میں حاضر ہونا چاہے تو اس کی عظمت کا تقاضہ ہے کہ گھر سے صاف ستھرا ہو کر چلے، اور دربار میں پہونچ کر پانی تلاش کرنا عظمت کے خلاف ہے، جیسا کہ حرم میں داخل ہونے والے کے لئے میقات سے احرام باندھنے کا حکم بیت اللہ کی عظمت کا اظہار کرنے کے لئے ہے۔

☆ موجودہ دور میں بھی جو شخص مکان، دکان اور آفس سے وضو کر کے مسجد میں آئے گا اس کو ثواب زیادہ ملے گا، لیکن مسجد کے لئے وضوخانہ اور غسل خانہ وغیرہ بنانا اور بنا دینا ثواب کا کام ہے، اور سنت کے مطابق ہے۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص فرض ادا کرنے کے لئے وضو کر کے اپنے گھر سے نکلتا ہے (اور مسجد کو جاتا ہے) تو اس کو اسی طرح ثواب ملتا ہے جس طرح حج کرنے والے، احرام باندھنے والے کو ثواب ملتا ہے۔

اس سے معلوم ہوا گویا وضو احرام کے مشابہ اور نماز حج کے مشابہ ہے، حاجی جب حج کا احرام باندھ کر گھر سے نکلتا ہے تو حج سے فارغ ہو کر گھر واپس آنے تک برابر اس کو ثواب ملتا رہتا ہے، اسی طرح نمازی وضو کر کے جب نماز کے لئے مسجد کو جانے کے واسطے گھر سے نکلتا ہے تو نماز سے فارغ ہو کر گھر آنے تک اُسے برابر ثواب ملتا رہتا ہے۔

فرض نماز پڑھنے والے کو حج کرنے والے کے ساتھ اور نفل یعنی اشراق اور

چاشت وغیرہ پڑھنے والے کو عمرہ کرنے والے کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ (۱)

(۱) عن عثمان بن عفان قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من توضأ للصلاة فأسبغ الوضوء ثم مشى الى الصلاة المكتوبة فصلاها مع الناس أو مع الجماعة أو في المسجد غفر الله له ذنوبه. (الصحيح لمسلم، كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء والصلاة عقبه (۱/۱۲۲)، ط: قديمي)

(۲) وعنه (أي عن أبي امامة الباهلي) قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من خرج من بيته متطهرًا إلى صلاة مكتوبة فأجره كأجر الحاج المحرم، ومن خرج إلى تسبيح الضحى لا ينصبه إلا إياه فأجره كأجر المعتمر، وصلاة على إثر صلاة لا لغو بينهما كتاب في عليين. رواه أحمد وأبوداود. (مشكاة المصابيح: كتاب الصلاة، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني، (ص: ۷۰)، ط: قديمي)

(۳) سنن أبي داود: كتاب الصلاة، باب ماجاء في فضل المشي إلى الصلاة، (۱/۹۳)، ط: رحمانيه.

(۴) (قوله: كأجر الحاج) أو مثل أجره فقال زين العرب: أي كامل أجره، وقيل: كأجره من حيث إنه يكتب له بكل خطوة أجر كالحاج، وإن تغاير الأجران كثرة و قلة أو كمية وكيفية، أو من حيث إنه يستوفي أجر المصلين من وقت الخروج إلى أن يرجع، وإن لم يصل إلا في بعض تلك الأوقات كالحاج فإنه يستوفي أجر الحاج إلى أن يرجع وإن لم يحج إلا في عرفة. (قوله: المحرم) شبه بالحاج المحرم لكون التطهر من الصلاة بمنزلة الإحرام من الحج لعدم جوازهما بدونهما، ثم إن الحاج إذا كان محرمًا كان ثوابه أتم، فكذلك الخارج إلى الصلاة إذا كان متطهرًا كان ثوابه أفضل ---- (قوله: ومن خرج إلى تسبيح الضحى) أي صلاة الضحى ---- وقال ابن حجر: ومن هذا أخذ أئمتنا قولهم: السنة في الضحى فعلها في المسجد. ويكون من جملة المستثنيات من خبر: أفضل صلاة المرء في بيته إلا المكتوبة اهـ. وفيه أنه على فرض صحة حديث المتن يدل على جوازه لا على أفضليته، أو يحمل على من لايكون له مسكن أو في مسكنه شاغل. ونحوه على أنه ليس للمسجد ذكر في الحديث أصلاً، فالمعنى من خرج من بيته أو سوقه أو شغله متوجهًا إلى صلاة الضحى تاركًا أشغال الدنيا. (مرقاة المفاتيح: كتاب الصلاة، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني، (۲/۳۰۳)، ط: رشيديه)

(۵) عبد الرزاق عن ابن جريج قال: سألت عطاء عن الوضوء الذي بباب المسجد فقال: لا بأس به كان على عهد ابن عباس وهو جعله، وقد علم أنه يتوضأ منه الرجال، والنساء الأسود والأحمر وكان لايرى به بأسًا، ولو كان به بأس لنهى عنه، قال: أكنت متوضئًا منه؟ قال: نعم. (مصنف عبد الرزاق: كتاب الطهارة، باب الوضوء عن المطاهر، (۱/۷۳)، ط: إدارة القرآن) =

# گھر سے وضو کر کے مسجد جانے کا ثواب

''باوضو گھر سے مسجد جانے پر حج کا ثواب'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۶/۱)

# گیس

''ریح'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۵/۱)

# گیس خارج ہو

''ریح خارج ہو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۶/۱)

# گیلی مٹی

اگر پاک گیلی مٹی پر پانی غالب نہیں ہے تو اس سے تیمم کرنا جائز ہے، مگر گیلی مٹی سے اس وقت تیمم کرنا چاہیے جب وقت فوت ہوجانے کا خوف ہوتا کہ بلاضرورت بدشکل بننے کی نوبت نہ آئے۔[1]

---

= حدثنا وكيع قال : حدثنا الأعمش عن إسماعيل بن رجاء عن أبيه قال : رأيت البراء بن عازب بال ثم جاء إلى مطهرة المسجد فتوضأ منها . (مصنف لابن أبي شيبة : رقم الحديث : ۱۳۷۱ ، كتاب الطهارات ، في الوضوء من المطاهر التي توضع للمسجد ،(۱/ ۱۲۱) ، ط: مكتبة الرشد )

= وفي الخلاصة وغيرها : ويكره الوضوء والمضمضة في المسجد إلا أن يكون موضع فيه اتخذ للوضوء ولا يصلى فيه . ( البحر الرائق : كتاب الطهارة ، فصل لما فرغ من بيان الكراهة في الصلاة ،(۲/ ۳۳) ،ط: سعيد )

= عمدة القاري : كتاب الوضوء ، باب ترك النبي صلى الله عليه وسلم والناس الأعرابي حتى فرغ من بوله في المسجد ،(۳/ ۱۲۷)، ط: دار إحياء التراث العربي .

(۱) ولو كان المسافر في طين و ردغة لا يجد ماء ولا صعيدا وليس في ثوبه و سرجه غبار يلطخ ثوبه أو بعض جسده بالطين فإذا جف تيمم به ولا ينبغي أن يتيمم ما لم يخف ذهاب الوقت لأن فيه تلطيخ الوجه من غير ضرورة فيصير بمعنى المثلة وإن تيمم به أجزاه عند أبي حنيفة و محمد رحمهما الله تعالى لأن الطين من أجزاء الأرض وما فيه من الماء مستهلك هكذا في البدائع. =

# گیلے پاؤں گزرنے کا حکم

"پاؤں گیلے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۷۰/۱)

# گیند کنویں میں گر جائے

☆اگر کنواں چاروں طرف سے چالیس ہاتھ یا اس سے زیادہ ہے تو وہ ناپاک چیز گرنے سے ناپاک نہیں ہوگا۔

☆اور اگر کنویں کے چاروں طرف چالیس ہاتھ سے کم ہے اور اس میں گیند گر جائے اور اس گیند کا ناپاک ہونا یقینی طور پر معلوم نہ ہو، یا اس میں نجاست لگی ہوئی تھی کسی نے دیکھا ہی نہیں، تو صرف شک کی بناء پر ناپاک ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔

☆اور اگر گیند میں نجاست لگی ہوئی تھی، یا اس کا ناپاک ہونا یقینی تھا تو پانی ناپاک ہو جائے گا، اس سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہوگا۔ (۱)

---

= وإن صار الطين مغلوبا بالماء فلا يجوز به التيمم. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل، (۲۷/۱)، ط: رشيدية)

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۴۸/۱)، ط: سعيد

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب الكراهة حيث أطلقت فالمراد منها التحريم، (۲۴۰/۱)، ط: سعيد

(۱) ولو وقع في البئر خرقة أو خشبة نجسة ينزح كل الماء. (الخانية على هامش الهندية: كتاب الطهارة، فصل فيما يقع في البئر، (۹/۱)، ط: رشيدية)

☆ (إذا وقعت نجاسة) ليست بحيوان ولو مخففة أو قطرة بول أو دم أو ذنب فارة لم يشمع فلو شمع ففيه ما في الفارة (في بئر دون القدر الكثير) على ما مر ولا عبرة للعمق على المعتمد (ينزح كل مائها) الذي كان فيها وقت الوقوع ذكره ابن الكمال (بعد إخراجه).

وفي الرد: (قوله: على ما مر) أي من أن المعتبر فيه أكبر رأي المبتلى به أو ما كان عشرا في عشر. الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، فصل في البئر، (۲۱۲/۱-۲۱۱)، ط: سعيد

☆ والمراد بالبئر ههنا التي لم تكن عشرا في عشر أما إذا كانت عشرا في عشر لا تنجس بوقوع نجس إلا بالتغير. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱۱۰/۱)، ط: سعيد) =

..........................................

---

؎ الفتاوی الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/ ۱۹)، ط: رشيدية

؎ قوله: اليقين لايزول بالشک ...... ودليلها ما رواه مسلم عن ابي هريرة رضي الله عنه مرفوعًا «إذا وجد احدكم في بطنه شيئًا فاشكل عليه أخرج منه شيء ام لا فلايخرجن من المسجد حتى يسمع صوتًا او يجد ريحًا». قال الحموي: قيل هذه القاعدة تدخل في جميع ابواب الفقه والمسائل المخرجة عليها تبلغ أرباع الفقه وأكثر. (الأشباه مع حاشية الحموي: القاعدة الثالثة: اليقين لايزول بالشک، (۱/ ۱۹۳، ۱۹۴)، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

﴿......ل......﴾

## لاکٹ

ایسے لاکٹ جن پر لفظ ''اللہ'' لکھا ہوا ہو پہن کر بیت الخلاء میں جانا ناجائز ہے، اس لئے بیت الخلاء میں جانے سے پہلے ان کو اتار دیں۔ (۱)

## لال بیگ

''مچھر'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۸۹/۲)

## لعنت کی تین چیزیں

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! لعنت کی تین چیزوں سے بچو:

① پانی کے گھاٹ پر پاخانہ کرنا، ② یا راستہ کے سرے پر پاخانہ پیشاب کرنا ③ یا اس سایہ کی جگہ پر پاخانہ پیشاب کرنا جو آرام کے لئے ہو۔ (۲)

---

(۱) و یکره أن یدخل الخلاء ومعه خاتم مکتوب علیه اسم الله تعالی أو شيء من القرآن. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، باب الانجاس، (۲۲۳/۱)، ط: سعید)

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱)، ط: رشیدیه

☆ ردالمحتار کتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (۳۴۵/۱)، ط: سعید

(۲) ...... عن معاذ بن جبل قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتقوا الملاعن الثلاثة، البراز في الموارد و قارعة الطریق و الظل.

سنن أبي داود، کتاب الطهارة، باب المواضع التي نهي عن البول فیها، (۱۵/۱)، ط: رحمانیه

☆ سنن ابن ماجه: أبواب الطهارة وسننها، باب النهي عن الخلاء علی قارعة الطریق، (ص: ۲۸)، ط: قدیمی.

☆ مشکاة المصابیح: کتاب الطهارة، باب آداب الخلاء، الفصل الثاني، (ص: ۴۳)، ط: قدیمی)

# لکڑی

وضو نہ ہونے کی صورت میں لکڑی وغیرہ سے قرآن مجید کو چھونا مکروہ نہیں ہے۔(۱)

# لکڑی پر تیمم کرنا

اگر لکڑی پر گرد و غبار نہیں ہے تو اس پر تیمم کرنا درست نہیں ہے، اور اگر لکڑی کے اوپر گرد و غبار ہو تو اس پر تیمم کرنا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) یجوز للمحدث الذي يقرأ القرآن من المصحف تقليب الاوراق بقلم أو عود أو سكين. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض، (۲۰۲/۱)، ط:سعيد)

﴿ لايجوز لهما وللجنب والمحدث مس المصحف الا بغلاف متجاف عنه كالخريطة والجلد الغير المشرز. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع، (۳۹/۱)، ط:رشيدية)

﴿ ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب:يطلق الدعاء على ما يشمل الثناء، (۱۷۲/۱)، ط:سعيد

(۲) ولايجوز عندنا بما ليس من جنس الأرض ...... كالذهب والفضة ...... وكالحنطة وسائر الحبوب والأطعمة) من الفواكه وغيرها وأنواع النباتات مما يترمد بالنار إذا لم يكن عليها غبار فلو كان على هذه الأشياء المذكورة غبار يجوز التيمم بغبارها. (حلبي كبير: فصل في التيمم (ص: ۷۶)، ط: سهيل اكيڈمي لاهور)

﴿ تيمم بطاهر من جنس الارض، كذا في محيط السرخسي. كل ما يحترق فيصير رمادا كالحطب والحشيش ونحوهما أو ما ينطبع ويلين كالحديد والصفر والنحاس والزجاج وعين الذهب والفضة ونحوها فليس من جنس الارض.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۶/۱)، ط:رشيدية

﴿ وصورة التيمم بالغبار أن يضرب بيده ثوبا أو لبدا أو وسادة أو ما اشبهها من الأعيان الطاهرة التي عليها غبار فاذا وقع الغبار على يديه تيمم. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الخامس، نوع آخر فيما يجوز به التيمم، (۲۴۰/۱)، ط:ادارة القرآن)

﴿ ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۳۱/۱)، ط:سعيد

﴿ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۲۷/۱)، ط:رشيدية

## لنگی میں پیشاب نکل جائے

''پاجامہ میں پیشاب نکل جائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(١٤٦/١)

## لوگوں کے سامنے مسواک کرے تو

''مسواک مجلس میں کرے تو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(٢٢٦/٢)

## لیٹ کر پاخانہ پیشاب کرنا

بلا عذر لیٹ کر پیشاب پاخانہ کرنا بری بات ہے۔[1]

## لیکوریا

☆ بیماری کی وجہ سے رینٹ کی طرح لیس دار پانی عورتوں کے آگے کے راستے سے نکلتا ہے، اس کو ''لیکوریا'' کہتے ہیں، یہ پانی ناپاک ہے۔

ایسا پانی نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔[2]

---

(١) (وكذا يكره) ...... (وان يبول قائما او مضطجعا او مجردا من ثوبه بلا عذر ---) (الدر المختار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، (١/ ٣٤٢-٣٤٣)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (١/ ٥٠)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، قبيل كتاب الصلاة، (١/ ٢٤٣)، ط: سعيد

(٢) ومنها ودي ...... وهو ماء أبيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول وقد يسبقه. (مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: كتاب الطهارة، فصل عشرة اشياء لا يغتسل منها، (ص: ١٠١)، ط: قديمي)

☆ اي برطوبة الفرج فيكون مفرعا على قولهما بنجاستها اما عنده فهي طاهرة كسائر رطوبات البدن، جوهرة.

وفي الرد: ومن وراء باطن الفرج فانه نجس قطعا ككل خارج من الباطن كالماء الخارج مع الولد أو قبله. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (١/ ٣١٣)، ط: سعيد)

☆ تحفة المحتاج في شرح المنهاج، كتاب احكام الطهارة، باب النجاسة وازالتها، (١/ ٣٠١) ط: دار إحياء التراث العربي.

☆ إعانة الطالبين، باب الصلاة، (١/ ١٠٤)، ط: دار الفكر. =

☆ لیکوریا کی بیماری میں رحم سے جو سفید رطوبت خارج ہوتی ہے، وہ ناپاک ہے مذی کی طرح نجاست غلیظہ ہے۔ (۱)

☆ یہ رطوبت کپڑے میں لگنے کی وجہ سے کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔ (۲)

☆ باوضو ہونے کی صورت میں یہ رطوبت خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۳)

☆ اگر یہ رطوبت ہر وقت خارج ہوتی رہتی ہے، اور اتنا وقفہ بھی نہیں ملتا کہ اس میں وضو کے ساتھ چار رکعت نماز ادا کی جا سکے، تو پھر یہ عورت ''معذور'' کے حکم میں ہے، ایسی عورت کا حکم یہ ہے کہ ہر نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کرے اور اس سے فرض، واجب، سنت اور نوافل میں سے جتنی نمازیں چاہے پڑھتی رہے، پھر جب دوسری نماز کا وقت داخل ہو تو دوبارہ نیا وضو کرے۔ (۴)

☆ اور اگر یہ رطوبت ہر وقت مسلسل خارج نہیں ہوتی، تو نماز کے دوران

---

= ومنها ما يخرج من السبيلين من البول والغائط والريح الخارجة من الدبر والودي والمذي والمني والدودة والحصاة.

(الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۹)، ط: رشيدية)

(۱) ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۳۴)، ط: سعيد

(۲) البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۹)، ط: سعيد

(۱-۳) "لیکوریا" عنوان کے پہلے اشارے کے تحت کی گئی تخریج ملاحظہ ہو۔

(۲) إذا أصابت النجاسة الغليظة الثوب أو البدن أكثر من قدر الدرهم الذي هو مثل الكف لايجوز وقدر الدرهم لايضره. (الفتاوى السراجية: كتاب الصلاة، باب الصلاة بالنجاسة (ص: ۱۲)، ط: مطبوعه نول كشور)

(۳) النجاسة إن كانت غليظة وهي أكثر من قدر الدرهم فغسلها فريضة والصلاة بها باطلة وإن كانت مقدار درهم فغسلها واجب والصلاة معها جائزة. (الفتاوى الهندية: كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، (۱/۵۸)، ط: رشيدية)

(۳) تحفة الفقهاء: كتاب الطهارة، باب النجاسات، (۱/۶۴)، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

(۴) المستحاضة ومن به سلس البول أو استطلاق البطن أو انفلات الريح أو رعاف دائم أو جرح =

خارج ہونے سے نماز نہیں ہوگی اور وضو بھی دوبارہ کرنا لازم ہوگا۔[(۱)]

☆ اکثر عورتوں کے رحم سے سفید رطوبت ہمیشہ بہتی رہتی ہے، وہ خواہ کسی وجہ سے ہو، اس کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ وہ ناپاک ہے، ایسی عورتوں کو چاہئے کہ نماز سے پہلے شرمگاہ کے اندر اسفنج یعنی پانی اور رطوبت جذب کرنے والی کوئی چیز رکھ دیں، تاکہ یہ رطوبت جذب کرتا رہے، جب تک اسفنج کے اس حصہ پر رطوبت نہیں آئے گی جو شرمگاہ کے گول سوراخ سے باہر ہے، اس وقت تک وضو نہیں ٹوٹے گا نماز ہو جائے گی۔[(۲)]

☆ اگر یہ رطوبت ہر وقت بہتی رہتی ہے، تو وہ عورت معذور ہے، نیا وقت داخل ہونے کے بعد نیا وضو کرے۔[(۳)]

---

= لا يرقأ يتوضئون لوقت كل صلاة ويصلون بذلك الوضوء في الوقت ما شاءوا من الفرائض والنوافل هكذا في البحر الرائق. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۴۱)، ط: رشيدية)

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة باب الحيض (۱/۲۱۵)، ط: سعيد

ت حاشية الطحطاوي على الدر، كتاب الطهارة، باب الحيض (۱/۱۵۵)، ط: رشيدية

(۱) انظر رقم الحاشية: (۲،۱)

(۲) "لیکوریا" عنوان کے پہلے اشارے کے تحت کی گئی تخریج ملاحظہ ہو۔

(۳) (كما) ينقض (لو حشا احليله بقطنة وابتل الطرف الظاهر) هذا لو القطنة عالية أو محاذية لرأس الاحليل وان متسفلة عنه لا ينقض. وكذا الحكم في الدبر والفرج الداخل (وان ابتل الطرف (الداخل لا) ينقض ولو سقطت فان رطبة انتقض والا لا.

رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في ندب مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه (۱/۱۴۹-۱۴۸)، ط: سعيد

ت البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۳۰)، ط: سعيد

ت الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني في بيان ما يوجب الوضوء، (۱/۱۲۱)، ط: ادارة القرآن

ت انظر: الحاشية السابقة رقم: ۳.

## م

# مباح پانی

اگر کسی جگہ پر اتفاق سے جنبی (جس پر غسل واجب ہے)، حائضہ عورت، بے وضو شخص اور میت جمع ہو جائیں، اور مباح پانی موجود ہو، لیکن وہ ان میں سے کسی ایک کے لئے کافی ہو، تو اس مباح پانی کو استعمال کرنے کا زیادہ حق دار جنبی ہوگا، حائضہ عورت، بے وضو شخص اور میت کے غسل پر اس کو ترجیح حاصل ہوگی، اس کی وجہ یہ ہے کہ جنابت کی ناپاکی زیادہ اہم ہے، لہذا اس کا دور کرنا بھی اتنا ہی اہم ہوگا۔

اور اگر وہ پانی ان میں سے کسی ایک کی ملکیت ہے، تو وہ مالک سب سے مقدم ہوگا، یعنی سب سے پہلے اس کو استعمال کرنے کا حق ہوگا۔

اور اگر وہ پانی تینوں میں مشترک ہے، تو مناسب یہ ہے کہ اسے میت کے غسل میں خرچ کیا جائے۔[1]

---

(1) الجنب اولى بمباح من حائض او محدث و ميت و لو لأحدهم فهو اولى و لو مشتركا ينبغي صرفه للميت.

وفي الرد: (قوله: الجنب اولى بمباح الخ) هذا بالاجماع تاتارخانية: اي ويتيمم الميت ليصلى عليه وكذا المراة و المحدث و يقتديان به لأن الجنابة اغلظ من الحدث والمراة لا تصلح لهما — (قوله: فهو اولى) لانه احق بملكه سراج (قوله: ينبغي صرفه للميت) اي ينبغي لكل منهم ان يصرف نصيبه للميت حيث كان كل واحد لا يكفيه نصيبه ولا يمكن الجنب ولا غيره ان يستقل بالكل لانه مشغول بحصة الميت وكون الجنابة اغلظ لا يبيح استعمال حصة الميت فلم يكن الجنب اولى بخلاف ما لو كان الماء مباحا فانه حيث امكن به رفع الجنابة كان اولى، فافهم.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۵۳-۲۵۲)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الثالث، (۱/ ۳۰)، ط: رشيدية

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۴۳)، ط: سعيد.

## متعدد نمازیں ایک وضو سے پڑھنا

"ایک وضو سے متعدد نمازیں پڑھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۰۸)

## مٹی پاک ہو

☆ تیمم صحیح ہونے کے لئے مٹی پاک ہونا ضروری ہے ناپاک مٹی سے تیمم کرنا صحیح نہیں ہے۔[۱]

☆ اگر ناپاک زمین خشک ہوجائے تو خود پاک ہوجائے گی، مگر دوسروں کو پاک کرنے والی نہیں ہوگی، ایسی زمین پر خشک ہونے کے بعد نماز پڑھنا تو جائز ہے، مگر اس سے تیمم کرنا درست نہیں ہے۔[۲]

## مٹی سے تیمم کو خاص کرنے کی وجہ

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ مٹی خود آلودہ ہے گندہ کرنے والی چیز ہے، ناپاکی اور میل کچیل کو دور نہیں کرتی ہے، اور بدن اور کپڑے کو پاک نہیں کرتی ہے، اس لئے مٹی سے تیمم کرنے کا حکم بظاہر عقل کے مطابق نہیں ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے

---

(۱) وشرطه ستة: النية و المسح ...... والصعيد و كونه مطهرا......

الدر المختار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۰)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۶)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۴۷)، ط: سعيد

(۲) الأرض اذا أصابتها النجاسة فيبست و ذهب أثرها لا يجوز التيمم بها.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الأول، (۱/۲۷)، ط: رشيدية

☆ وظاهر كلامهم أن الأرض التي جفت نجسة في حق التيمم طاهرة في حق الصلاة والحق أنها طاهرة في حق الكل و انما منع التيمم منها لفقد الطهورية كالماء المستعمل طاهر غير طهور.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۴۷)، ط: سعيد

☆ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/۳۱۱)، ط: سعيد

اس عالم (دنیا،مخلوق) کی ہر چیز کو مٹی اور پانی سے پیدا کیا ہے، ہماری پیدائش کی اصل بھی دونوں چیزیں ہیں، جن سے ہماری نشو ونما، ہماری تقویت اور غذا ہوتی ہے، اور اس کو ہم ہر وقت اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، کہ پیدائش کے وقت ہم کتنے چھوٹے تھے، اور آج کتنے بڑے ہیں، اور ہم کتنے کمزور تھے اور آج کتنے طاقت ور ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس مٹی اور پانی کو ہماری نشو ونما، اور طاقت کا ذریعہ بنایا ہے، تو ہمارے پاک اور صاف ستھرا ہونے کے لئے اور عبادت میں مدد لینے کے لئے بھی پانی اور مٹی کو مقرر کیا، وجہ یہ ہے کہ مٹی وہ اصل چیز ہے جس سے بنی آدم وغیرہ کی پیدائش ہوئی ہے، اور پانی ہر چیز کی زندگی کا باعث ہے۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس عالم (دنیا،مخلوق) کی تمام چیزوں کی پیدائش کی اصل یہی مٹی اور پانی ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ نے اس عالم کو مرکب کیا ہے، جس طرح ہماری ابتدائی پیدائش، طاقت وقوت اور نشو ونما مٹی اور پانی سے ہوئی ہے، بالکل اسی طرح جسمانی اور روحانی پاکی کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے انہی چیزوں کو مقرر کیا ہے۔

☆ عام طور پر ناپاکی اور گندگی کو زائل کرنے کے لئے پانی زیادہ استعمال کیا جاتا ہے، جبکہ مرض کی حالت میں یا پانی نہ ملنے کے عذر ہونے کی حالت میں طہارت اور پاکی کے لئے اللہ تعالیٰ نے پانی کا ساتھی اور ہمسر مٹی کو بنایا ہے، اور یہ دوسری چیزوں کی نسبت سے زیادہ بہتر ہے، کیونکہ یہ ہر جگہ دستیاب ہے۔

☆ تیمم کرنے کے لئے زمین اس واسطے خاص کی گئی ہے کہ زمین کہیں بھی غائب نہیں ہوتی ہے ہر جگہ زمین موجود ہے، ایسی چیز مقرر کر کے لوگوں کی پریشانی کو دور کرنا آسان ہے۔

☆ منہ پر مٹی ملنا کسر نفسی، انکساری اور عاجزی پر دلالت کرتا ہے، اور یہ چیز

اللہ کو بہت پسند ہے،، لہذا تیمم کے لئے مٹی استعمال کرنے میں یہ خاکساری، عاجزی اور ذلت پائی جاتی ہے، ذلت اور عاجزی کی حالت گناہوں کی مغفرت طلب کرنے کے لئے زیادہ مناسب ہے، اسی وجہ سے سجدہ کرتے وقت اپنے منہ کو مٹی سے نہ بچانا پسندیدہ اور مستحب ہے۔(۱)

---

(۱) وممّا يظن انّه على خلاف القياس باب التيمم ، قالوا : إنّه على خلاف القياس من وجهين : احدهما : انّ التراب ملوث لايزيل درنا ولا وسخا ولايطهر البدن كما لايطهر الثوب. والثاني : انّه شرع في العضوين من اعضاء الوضوء دون بقيتها ، وهذا خروج عن القياس الصحيح . ولعمر الله إنّه خروج عن القياس الباطل المضاد للدين ، وهو على وفق القياس الصحيح ، فإنّ الله سبحانه جعل من الماء كل شئ حيّ، وخلقنا من التراب ، فلنا مادتان : الماء والتراب ، فجعل منهما نشأتنا وأقواتنا ، وبهما تطهرنا وتعبدنا ، فالتراب اصل ما خلق منه النّاس ، والماء حياة كل شئ ، وهما الأصل في الطبائع الّتي ركب الله عليهما هذا العالم وجعل قوامه بهما ، وكان أصل ما يقع به تطهير الأشياء من الأدناس والأقذار هو الماء في الأمر المعتاد ، فلم يجز العدول عنه إلاّ في حال العدم والعذر بمرض او نحوه ، وكان النقل عنه إلى شقيقه واخيه اولىٰ من غيره ، وإن لوث ظاهرًا فإنّه يطهر باطنًا ثم يقوى طهارة الباطن فيزيل دنس الظاهر او يخففه ، وهذا امر يشهده من له بصر نافذ بحقائق الأعمال وارتباط الظاهر بالباطن وتأثر كل منهما بالآخر وانفعاله عنه ـــ واما كونه في عضوين ففي غاية الموافقة للقياس والحكمة ، فإن وضع التراب على الرؤوس مكروه في العادات وإنّما يفعل عند المصائب والنوائب ، والرجلان محل ملابسة التراب في أغلب الأحوال ، وفي تتريب الوجه من الخضوع والتعظيم لله والذلّ له والإنكسار لله ما هو من أحب العبادات إليه وانفعها للعبد ، ولذلك يستحب للساجد ان يترّب وجه لله ، وأن لا يقصد وقاية وجهه من التراب . (إعلام الموقعين : فصل ليس في الشريعة شئ على خلاف القياس ، فصل : التيمم جار على وفق القياس ۲/ ۳۰۰/۱) ، ط: دار الكتب العلمية بيروت )

⇐ القول: انما خص الأرض لأنها لا تكاد تفقد فهي احق ما يرفع به الحرج و لأنها طهور في بعض الأشياء كالخف والسيف بدلا عن الغسل بالماء و لأن فيه تذللا بمنزلة تعفير الوجه في التراب وهو يناسب طلب العفو.

حجة الله البالغة، القسم الثاني في بيان أسرار ما جاء عن النبي ﷺ تفصيلا، التيمم، الأرض خصت بالتيمم ۲(ص:۲۰٦)، ط:قديمي

⇐ المصالح العقلية باب التيمم ۲(ص:۳۲)،ط: دار الإشاعت.

## مٹی کو پانی کا قائم مقام کیوں بنایا گیا؟

''تیمم میں مصلحت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۶/۱)

## مٹی گیلی ہے

''گیلی مٹی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۷/۱)

## مٹی ہاتھوں پر لگ گئی

''ہاتھوں پر مٹی لگ گئی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۹۷/۲)

## مجلس میں مسواک کرے تو

''مسواک مجلس میں کرے تو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۲۶/۲)

## مجمع کے قریب پیشاب کرنا

کسی مجمع کے قریب پیشاب پاخانہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔[1]

## مجنون

☆ مجنون پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا۔

چنانچہ اگر مجنون نے وضو کیا پھر اس کے تھوڑی دیر بعد جنون ختم ہوگیا، تو اس وضو سے نماز درست نہیں ہوگی۔[2]

(۱) اللم لتخریجه تحت العنوان ''قافلہ کے قریب پیشاب کرنا''

(۲) واما شروط وجوبه و صحته معا فمنها العقل فلا يجب الوضوء على مجنون و لا مصروع ولا معتوه ولا مغمى عليه وإن توضأ واحد من هؤلاء فإن وضوءه لا يصح بحيث لو توضأ المعتوه ثم بعد لحظة برئ من مرضه هذا فإنه لا تصح صلاته بهذا الوضوء، ومثله المجنون.

الفقه على المذاهب الاربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، شروط الوضوء، (۵۱/۱)، ط: احياء التراث العربي =

☆ مجنون/پاگل کو جنون ختم ہونے کے بعد غسل کرنا مستحب ہے۔ (۱)

## مچھر

☆ مچھر نے خون پیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ اس میں بہنے والا خون نہیں ہوتا۔ (۲)

☆ اگر مکھی، مچھر، لال بیگ، بچھو اور شہد کی مکھی وغیرہ جن میں بہتا ہوا خون نہیں ہے، وہ پانی میں گر کر مرجائیں، یا باہر مر کر پانی میں گر جائیں تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ (۳)

---

= ⇐ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة (۱/۸۸)، ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۹)، ط: سعيد

(۱) ومن المندوب على ما ذكره بعض المشايخ رحمهم الله تعالى الاغتسال لدخول مكة — والمجنون اذا افاق.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث (۱/۱٦)، ط: رشيدية

⇐ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، (۱/۱۷۰)، ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/٦٦)، ط: سعيد

(۲) (وكذا ينقضه علقة مصت عضوا وامتلأت من الدم ومثلها القراد ان) كان (كبيرا) لانه حينئذ (يخرج منه دم مسفوح) سائل (والا) لكن العلقة والقراد كذلك (لا) ينقض (كبعوض و ذباب) وفي الرد: (قوله: وامتلأت) كذا في الخانية، وقال: لأنها لو شقت يخرج منها دم سائل.

(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب نواقض الوضوء (۱/۱۳۹)، ط: سعيد)

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۲۹)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس (۱/۱۱-۱۰)، ط: رشيدية

(۳) وموت ما ليس له نفس سائلة في الماء لا ينجسه كالبق والذباب و الزنابير و العقارب و نحوها. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل (۱/۲۴)، ط: رشيدية)

⇐ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه (۱/۱۸۳)، ط: سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة (۱/۸۸)، ط: سعيد

# مچھر کا پاخانہ

مکھی کا پاخانہ" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۴۵)

# مخرج نجاست

اگر نجاست مخرج کے عین اوپر ہو تو اس کو زائل کرنا سنت مؤکدہ ہے، اور یہ نجاست معمول کے مطابق نکلنے والی ہو، جیسے پیشاب، پاخانہ، یا معمول کے مطابق نکلنے والی نہ ہو، جیسے مذی، ودی اور خون وغیرہ، خواہ اس کو پانی سے زائل کیا جائے یا کسی اور طریقہ سے، اس کو استنجاء اور "استجمار" کہتے ہیں، لیکن اگر نجاست نکلنے کی جگہ سے اوپر نیچے دائیں بائیں تجاوز کر جائے تو اس کو زائل کرنا فرض ہے اور اس کو استنجاء نہیں کہتے بلکہ ازالۂ نجاست کہتے ہیں۔ [1]

# مُد

## ☆ حدیث شریف میں وضو اور غسل میں استعمال ہونے والے پانی کی مقدار

[1] الحاصل أنّ الحنفية يقولون أنّ إزالة ما على نفس المخرج سواء كان معتادًا كبول و غائط أو غير معتاد كمذي و ودي ودم ونحو ذلك سنة مؤكدة سواء أزيل بالماء أو بغيره ، ويقال لهذا استنجاء أو استجمار أو استطابة أمّا ما زاد على نفس المخرج ، فإن إزالته فرض ، ولا يسمى استنجاء ، بل هو من باب إزالة النجاسة . ( كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ، مبحث الاستنجاء ، حكم الاستنجاء ،( ۹۵/۱ )، ط: مكتبة حقيقة )

= حاشية الشلبي على التبيين : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،( ۷۶/۱)، ط: امدادیه ملتان .

= (ويجب) أي يفرض غسله (ان جاوز المخرج نجس) مائع ويعتبر القدر المانع لصلاة (فيما وراء موضع الاستنجاء) لان ما على المخرج ساقط شرعا وان كثر و لهذا لا تكره الصلاة معه. الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة، باب الانجاس، فصل في الاستنجاء ، (۳۳۸/۱-۳۳۹)، ط:سعيد)

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث ،( ۴۸/۱ )،ط:رشيدية

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الانجاس ،( ۲۴۲/۱)، ط: سعيد

کے بارے میں "مُد" اور "صاع" کا ذکر آیا ہے، یہ تحدید کے لئے نہیں ہے اس پر پانی
زیادتی جائز ہے، اور اسراف کرنا مکروہ ہے۔

☆☆ دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ حدیث شریف میں وضو اور غسل کے لئے
"مُد" اور "صاع" کی مقدار پانی کا جو ذکر ہے وہ واجب نہیں ہے، البتہ مسنون
ہے کہ اس مقدار سے کم نہ ہو (وضو میں تقریباً ایک کلو اور غسل میں چار پانچ کلو پانی)
اگر کسی کا وضو یا غسل پانی کی مذکورہ مقدار سے کم میں ہو جاتا ہے۔ یا مذکورہ مقدار سے
زیادہ لینا پڑتا ہے تو بھی وضو اور غسل ہو جائے گا۔ (۱)

## مدہوش

مدہوش پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا، چنانچہ

(۱) حدثنا أبو نعيم قال حدثنا مسعر قال حدثني ابن جبير قال سمعت أنسا يقول كان النبي صلى الله عليه وسلم يغسل أو كان يغتسل بالصاع إلى خمسة أمداد ويتوضأ بالمد. (صحيح البخاري، كتاب الوضوء، باب الوضوء بالمد (۱/ ۳۳)، ط: قديمي)

☆ حدثنا محمد بن كثير، قال حدثنا همام، عن قتادة، عن صفية بنت شيبة، عن عائشة، أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يغتسل بالصاع، ويتوضأ بالمد.. (سنن أبي داود، كتاب الطهارة باب ما يجزئ من الماء في الوضوء، (۱/ ۲۳)، ط: رحمانيه)

☆ يستنبط منه حكمان، الأول: أنه عليه الصلاة والسلام كان يغتسل بالصاع فيقتصر عليه وربما يزيد عليه إلى خمسة أمداد فدل ذلك أن ماء الغسل غير مقدر بل يكفي فيه القليل والكثير إذا أسبغ وعم ولهذا قال الشافعي وقد يرفق الفقيه بالقليل فيكفي ويخرق الأخرق فلا يكفي ولكن المستحب أن لا ينقص في الغسل والوضوء عما ذكر في الحديث. (عمدة القاري، كتاب الوضوء، باب الوضوء بالمد (۳/ ۱۴۱)، ط: دار الكتب العلمية)

☆ قوله (وقيل المقصود الخ) الأصوب حذف قيل لما في الحلية أنه نقل غير واحد إجماع المسلمين على أن ما يجزئ في الوضوء والغسل غير مقدر بمقدار وما في ظاهر الرواية من أن أدنى ما يكفي في الغسل صاع وفي الوضوء مد للحديث المتفق عليه كان صلى الله عليه وسلم يتوضأ بالمد ويغتسل بالصاع إلى خمسة أمداد ليس بتقدير لازم بل هو بيان أدنى القدر المسنون اهـ قال في البحر حتى إن من أسبغ بدون ذلك أجزأه وإن لم يكفه زاد عليه لأن طباع الناس وأحوالهم مختلفة كذا في البدائع اهـ وبه جزم في الإمداد وغيره. (رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في تحرير الصاع والمد والرطل، (۱/ ۱۵۸ - ۱۵۹)، ط: سعيد)

اگر اس نے وضو کرلیا پھر اس کے بعد وہ ہوش میں آ گیا تو اس وضو سے نماز درست نہیں ہوگی۔[1]

## مذی

☆ شہوت کے جوش کے وقت مرد و عورت کے آگے کے راستے سے جو پانی نکلتا ہے اس کو "مذی" کہتے ہیں۔

☆ "مذی" نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

☆ مرد کے عورت کو ہاتھ لگانے سے، یا یوں ہی خیال کرنے سے اگر مرد یا عورت کے آگے کے راستے سے پانی (مذی) نکل آئے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[2]

## مذی نکلنے کے بعد

"گندگی خارج ہونے کے بعد" عنوان کے تحت دیکھیں۔

## مراقبہ کی حالت میں سونا

مراقبہ کی حالت میں کسی چیز سے سہارا لئے بغیر چارزانو بیٹھ کر سونے سے وضو

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان "مجنون"

(۲) وودي ...... وهو ماء أبيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول، وقد يسبقه. (قوله: وهو ماء أبيض كدر ثخين) يشبه المني في الثخانة و يخالفه في الكدرة ...... وينقض الوضوء. (حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، فصل عشرة أشياء لا يغتسل منها، (ص: ۱۰۰، ۱۰۱)، ط: قديمی)

☆ المذي ينقض الوضوء و كذا الودي ...... والمذي رقيق يضرب الى البياض يخرج خروجه عند ملاعبة مع أهله بالشهوة.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۰)، ط: رشيدية

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/۱۶۵)، ط: سعيد

☆ البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۱/۶۱)، ط: سعيد

نہیں ٹوٹتا۔[۱]

## مرتد ہوگیا

اگر کسی مسلمان نے مجبوری میں تیمم کیا، پھر اس کے بعد وہ دین اسلام سے پھر کر مرتد ہوگیا (نعوذ باللہ) پھر اللہ تعالیٰ نے توفیق دی دوبارہ مسلمان ہوگیا، تو اگر اس درمیان میں وضو نہیں ٹوٹا تو مرتد ہونے سے پہلے اسلام کی حالت میں جو تیمم کیا تھا اس سے نماز پڑھ سکتا ہے۔[۲]

## مردہ جانور

اگر کسی نے مردہ جانور کے ساتھ برا کام کیا لیکن مذی یا منی خارج نہیں ہوئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا، لیکن مردہ جانور کے ساتھ بھی ایسی حرکت کرنا سخت گناہ ہے۔[۳]

---

(۱) وان نام متربعا لا ينتقض الوضوء. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۲/۱)، ط: رشيدية)

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱۴۲/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۳۷/۱)، ط: سعيد

(۲) لو تيمم المسلم ثم ارتد عن الاسلام والعياذ بالله ثم اسلم جاز له ان يصلي بذلك التيمم.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱۵۱/۱)، ط: سعيد

☆ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، باب التيمم، مطلب حكم النية في التيمم، (۷۱/۱)، ط: لدهي

☆ الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۲۵٦/۱)، ط: سعيد

(۳) (و) لا عند (وطء بهيمة او ميتة او صغيرة غير مشتهاة)......(بلا انزال) لقصور الشهوة لما يحال عليه.

الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱٦٦/۱)، ط: سعيد

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۵۸/۱)، ط: سعيد

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الثاني، الفصل الثالث، (۱۵/۱)، ط: رشيدية

☆ وانظر ايضا تحت العنوان: "مذى"

## مرزائی کے گھر سے پانی لے کر وضو کرنا

ضرورت کے وقت مرزائی کے گھر سے پانی لے کر وضو اور غسل کرنا جائز ہے، نماز ہو جائے گی، لیکن ان کے گھر کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔[1]

## مرض بڑھ جانے کے اندیشے کا اعتبار کب ہوگا؟

"ضرر کا اعتبار کب ہوگا؟" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/٦٤)

## مرض بڑھنے کا اندیشہ نہ ہو تو تیمم نہ کرے

معمولی امراض، نزلہ، زکام، بخار وغیرہ میں جب تک مرض بڑھ جانے کا اندیشہ نہ ہو تیمم کرنا جائز نہیں ہے، اور اگر گرم پانی نقصان نہیں کرتا، اور جسم پر گرم پانی ڈال بھی سکتا ہے، اور گرم پانی کا انتظام بھی ہے تو بھی تیمم کرنا جائز نہیں ہے۔[1]

---

(۱) (الطهارة من الاحداث جائزة بماء السماء والاودية والعيون والآبار والبحار) لقوله تعالى وانزلنا من السماء ماء طهورا وقوله عليه السلام الماء طهور لا ينجسه شيئ الا ما غير لونه او طعمه او ريحه وقوله عليه السلام في البحر هو الطهور ماؤه والحل ميته ومطلق الاسم ينطلق على هذه المياه. (الهداية مع فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز، (۱/٦١-٦٠)، ط: رشيدية)

ﺣ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/٦٦)، ط: سعيد

ﻫ رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، (۱/۱۷۹)، ط: سعيد

ﺣ وفي التاتارخانية قبيل الاضحية عن جامع البيان لأبي يوسف: من اشترى لحمًا فعلم انه مجوسي واراد الرد، فقال: ذبحه مسلم يكره أكله اهـ. ومفاده انّ مجرّد كون البائع مجوسيًا يثبت الحرمة لأنّه بعد إخباره بالحل بقوله: ذبحه مسلم كره أكله فكيف بدونه تأمل. (شامي: كتاب الحظر والإباحة، (٦/٣٤٤)، ط: سعيد)

ﺣ الفتاوى الهندية: كتاب الكراهية، الباب الأوّل، الفصل الأوّل، (٥/٣٠٩)، ط: رشيديه.

ﻫ الفتاوى التاتارخانية: كتاب الذبائح، الفصل الرابع في مايتعلّق بالتسمية على الذبح، (١٧/٤٠٢)، ط: مكتبه فاروقيه.

ﻫ احسن الفتاوى، كتاب الطهارة، باب المياه، (۲/۳٦)، ط: سعيد

(۱) ومنها عدم القدرة على الماء والأصل انه متى امكنه استعمال الماء من غير لحوق ضرر في=

# مرغی مرگئی

"کنواں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱٤۲/۲)

# مرگی زدہ

مرگی زدہ پر وضو واجب نہیں ہے، اگر وہ وضو کرے گا تو وضو صحیح نہیں ہوگا، مرگی کا دورہ ختم ہونے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے دوبارہ وضو کرنا لازم ہوگا۔[1]

# مروجہ موزے

قسم کے سوتی، اونی یا نائیلون کے موزے آج کل رائج ہیں ان پر مسح کرنا جائز نہیں ہے، امت مسلمہ کے تمام مستند فقہاء کرام اور مجتہدین عظام کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ باریک موزے جن سے پانی چھن جاتا ہے، یا وہ کسی چیز سے باندھے بغیر پنڈلی پر کھڑے نہیں رہتے، یا ان میں میل دو میل مسلسل چلنا ممکن نہ ہو، تو ان پر مسح کرنا جائز نہیں، اور جوتوں پر بھی مسح کرنا درست نہیں، اور ہمارے زمانے میں جو سوتی، اونی اور نائیلون کے موزے رائج ہیں وہ باریک ہیں، اوران میں مذکورہ اوصاف نہیں پائے جاتے اس لئے ان پر مسح کرنا کسی حال میں بھی جائز نہیں ہے، جو

(۱) واما شروط وجوبه و صحته معا فمنها العقل فلا يجب الوضوء على مجنون و لا مصروع ولا معتوه ولا مغمى عليه وإن توضأ واحد من هؤلاء فإن وضوءه لايصح بحيث لو توضأ المعتوه ثم بعد لحظة برئ من مرضه هذا فإنه لاتصح صلاته بهذا الوضوء، ومثله المجنون، أما المعتوه أو المصروع والمغمى عليه فإنه لايتصور وقوع الوضوء منهم. ولكن ذكر هذه الصورة لبيان أن الله سبحانه قد رفع عنهم التكليف في هذه الحالة من جميع الوجوه بحيث لو فرض ووقع منهم شيء من ذلك فإنه لايصح. (الفقه على المذاهب الاربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، شروط الوضوء، (۱/۵۱)، ط: احياء التراث العربي)
☆ الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب في اعتبارات المركب التام، (۱/۸۸)، ط: سعيد
☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۹)، ط: سعيد

شخص ایسا کرے گا اس کا وضو اور نماز صحیح نہیں ہوگی۔ (۱)

## مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کا قول معتبر ہے

" تیمم کے لئے مریض کی طبیعت یا ڈاکٹر کے قول کا اعتبار ہے" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۲۵۲/۱)

## مسّا

" بواسیر" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱۳۱/۱)

## مستحبات وضو

" وضو کے مستحبات" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۶۸/۲)

(١) وأمّا المسح على الجوارب فلايخلو : إمّا إن كان الجوارب رقيقًا غير منعل ، وفي هذا الوجه لايجوز المسح بلاخلاف ، وإمّا إن كان ثخينًا منعلاً ففي هذا الوجه يجوز المسح بلا خلاف ؛ لأنّه يمكن قطع السفر ، وتتابع المشي عليه ، فكان بمعنى الخف . والمراد من الثخين : أن يستمسك على الساق من غير أن يشد بشيء ، ولا يسقط فأمّا إذا كان لايستمسك ويسترخى ، فهذا ليس بثخين ولايجوز المسح عليه . ( المحيط البرهاني : كتاب الطهارات ، الفصل السادس في المسح على الخفين ، نوع آخر في بيان مايجوز عليه المسح من الخفاف وما بمعناه ، ومالا يجوز ، ( ١/٣٣٣ ) ، ط : إدارة القرآن )

(٢) ( أو جوربيه ) ولو من غزل أو شعر ( الثخينين ) بحيث يمشي فرسخًا ويثبت على الساق ولايرى ما تحته ولا يشف . ( الدر المختار مع الرد : كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ( ١/ ٢٦٩ ) ، ط : سعيد )

(٣) ( قوله : شرط مسحه ) أي مسح الخف المفهوم من الخفين . ( قوله : ثلاثة أمور ) زاد الشرنبلالي : لبسهما على طهارة ، وخلو كل منهما عن الخرق المانع ، واستمساكهما على الرجلين من غير شد ، ومنعهما وصول الماء إلى الرجل . ( شامي : كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ( ١/ ٢٦١ ) ، ط : سعيد )

(٤) البحر الرائق ، كتاب الطهارة ، باب المسح على الخفين ، ( ١/ ١٨٣ ) ، ط : سعيد

## مستحب ہے وضو کرنا ان موقعوں پر

"وضو کرنا مستحب ہے ان موقعوں پر" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۳۱/۲)

## مسجد کی چھت پر پیشاب کرنا

مسجد میں یا مسجد کی چھت پر پیشاب پاخانہ کرنا حرام ہے۔ [۱]

## مسجد کے فرش پر وضو کرنا

☆ مسجد کے فرش پر وضو کرنا درست نہیں ہے، ہاں اگر اس طرح وضو کرے کہ وضو کا مستعمل پانی مسجد میں نہ گرے تو جائز ہے۔

(نوٹ) مسجد کے فرش سے مراد وہ جگہ ہے جو نماز پڑھنے کے لئے متعین کر کے وقف کی گئی ہے۔

☆ اگر وضو کا پانی مسجد کے فرش پر گرنے کا احتمال ہے تو مسجد کے فرش سے علیحدہ جا کر وضو کرے۔ [۲]

---

(۱) قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم : ...... إنّ ہذہ المساجد لاتصلح من ہذا البول ولا القذر إنّما ہي لذکر اللّٰہ والصلاۃ وقراءۃ القرآن . (الصحیح لمسلم : کتاب الطہارۃ ، باب وجوب غسل البول الخ ،(۱۳۸/۱) ، ط: قدیمی )

☆ وکرہ تحریمًا (الوطء فوقہ ، والبول والتغوط ) ؛ لأنّہ مسجد إلی عنان السماء . ( الدر المختار مع الرد : کتاب الصلاۃ ، باب مایفسد الصلاۃ وما یکرہ فیہا ، (۶۵۶/۱)، ط: سعید )

جب کپڑے پر ناپاکی کی مقدار درہم کی مقدار سے بڑھ جائے، تو کپڑے کو دھوکر پاک کرکے نماز پڑھے، ورنہ اس ناپاک کپڑے کے ساتھ نماز نہیں ہوگی۔ (۲)

(۱) ومن حسن الحظ أن الشريعة الإسلامية قد أتت في كل ذلك بما يقره العقل، وتقتضيه صحة الأبدان، ويستلزمه نظام الاجتماع من نظافة لا بد منها، فالواقع أنّ الشريعة الإسلامية وإن كانت مهنا لاتسال عن علّة، ولا عن سبب، لأنّ هذه تكاليف خاصة بالإنسان وحده، لأنه عبادات ليس من حق الإنسان أن يتبرم بها، ولكنها مع هذا فقد جاءت بكل شئ معقول، وشرعت للنّاس العبادة الّتي تناسب أحوالهم الإجتماعية والصحية، وإلا فمن ذا الّذي يقول: إنّ النظافة من الأخبثين غير لازمة؟ ومن ذا الّذي يقول: إنّ الآداب التي سنعرفها غير نافعة للإنسان؟ فالشريعة الإسلامية كلها خير للمجتمع، وكلها إحسان إلى النّاس، وكلها قيود صالحة لايستطيع أحد أن ينال منها. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، مبحث آداب قضاء الحاجة، (۱/ ۹۷)، ط: مكتبة الحقيقة)

(۲) وقدر الدرهم وما دونه من النجس المغلظ كالدم والبول والخمر وخرء الدجاج وبول الحمار جازت الصلاة معه وإن زاد لم تجز. (الهداية: كتاب الطهارات، باب الأنجاس وتطهيرها، (۱/ ۷۳)، ط: المصباح)

ٹ (وعفا) الشارع (عن قدر درهم) وإن كره تحريما فيجب غسله ومادونه تنزيها فيسن وفوقه مبطل فيفرض...... (وهو مثقال) عشرون قيراطا (في) نجس (كثيف) له جرم (وعرض مقعر الكف) وهو داخل مفاصل أصابع اليد (في رقيق من مغلظة...... (رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۱/ ۳۱۶– ۳۱۸)، ط: سعيد) =

# ناخن

☆اگر ناخنوں میں کوئی چیز مثلاً مٹی یا آٹا جم جائے یا نیل پالش لگی ہوئی ہے، تو وضو کرنے سے پہلے اس کو نکالنا اور اُتارنا لازم ہے تاکہ ناخنوں کی جڑ تک پانی پہنچایا جاسکے، ورنہ وضو درست نہیں ہوگا۔ [۱]

☆اور وہ میل کچیل جو ناخنوں کے نیچے ہوتا ہے اگر وضو کے دوران اس میں پانی پہنچ جاتا ہے اور تر ہو جاتا ہے تو وضو صحیح ہو جائے گا، خواہ وضو کرنے والا شہری ہو یا دیہاتی دونوں کے حکم میں کوئی فرق نہیں ہے۔

☆اور اگر میل کچیل کی وجہ سے ناخنوں کے نیچے خشک رہ جائے گا تو اس کو دھونا لازم ہوگا ورنہ وضو صحیح نہیں ہوگا۔ [۲]

---

= ☜ الفتاوى التاترخانية ،كتاب الطهارة، الفصل السابع، النوع الثاني، (۲۹۸/۱)،ط:ادارة القرآن

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل السابع، (۳٦/۱)، ط:رشيديه

[۱] ( وشرط صحته ) أي الوضوء ( ثلاثة ) …… ( والثالث : زوال ما يمنع وصول الماء إلى الجسد ) لجرمه الحائل ( كشمع و شحم ) .

(قوله : كشمع و شحم ) و عجين و طين و ما ذكره بعضهم من عدم منع الطين ، والعجين محمول على القليل الرطب ، ويمنع جلد السمک والخبز الممضوغ الجاف ، والدرن اليابس في الأنف بخلاف الرطب .( حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة ، باب احكام الوضوء، (ص: ٦١ ، ٦٢ )، ط: قديمی )

☜ نعم ذكر الخلاف في شرح المنية في العجين و استظهر المنع لأن فيه لزوجة و صلابة تمنع نفوذ الماء.( ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في ابحاث الغسل، (۱۵۴/۱)، ط:سعيد)

☜ الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة،مطلب في فرائض الغسل، (۳۰/۱)، ط:قديمی

☜ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (۳/۱)، ط:رشيدية

[۲] ( وشرط صحته ) أي الوضوء ( ثلاثة ) …… ( والثالث : زوال ما يمنع وصول الماء إلى الجسد ) لجرمه الحائل ( كشمع و شحم ) .

(قوله : كشمع و شحم ) و عجين و طين و ما ذكره بعضهم من عدم منع الطين ، والعجين محمول على القليل الرطب ، ويمنع جلد السمک والخبز الممضوغ الجاف ، والدرن =

☆ ناخن لمبے رکھنا پسندیدہ کام نہیں ہے، کیونکہ ناخنوں کے نیچے جو بہت سی گندگی جم جاتی ہے، وہ مرض کا باعث ہوتی ہے،[1] تاہم روٹی پکانے والوں کو جن کے ناخن لمبے ہوں اور ان کے نیچے کچھ آٹا جم کر رہ جائے ان کے پیشے کے تقاضوں کے پیش نظر معاف قرار دیا جائے گا۔[2]

## ناخن پالش

''نیل پالش'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۹۳/۲)

---

= اليابس في الأنف بخلاف الرطب. (حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، باب احكام الوضوء، (ص: ٦١، ٦٢)، ط: قديمي)

⇐ و اذا كان في اظفاره درن او طين او عجين او المرأة تضع الحناء جاز في القروي والمدني و هو الصحيح وعليه الفتوى و لو لصق بأصل ظفره طين يابس و بقي قدر رأس ابرة من موضع الغسل لم يجز. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/١٣)، ط: سعيد)

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة مطلب في ابحاث الغسل، (١/١٥٤)، ط: سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (١/٤)، ط: رشيدية

(١) عن عائشة رضي الله عنها قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عشر من الفطرة ..... وقص الأظفار. (مشكاة المصابيح: كتاب الطهارة باب السواك، الفصل الأوّل، (ص: ٤٤)، ط: قديمي)

⇐ قال ابن العربي: وقص الأظفار سنة إجماعًا ولا نعلم قائلاً بوجوبه لذاته لكن إن منع الوسخ وصول الماء للبشرة وجبت إزالته للطهارة. (فيض القدير: تحت رقم الحديث: ٣٩٥٤، حرف الخاء، (٤/٣٥٥)، ط: المكتبة التجارية الكبرى)

⇐ (وقص الأظفار) جمع ظفر، والمراد مايزيد على مايلابس رأس الاصبع من الظفر، لأنّ الوسخ يجتمع فيه فيستقذر، وقد ينتهي إلى حد يمنع من وصول الماء إلى مايجب غسله في الطهارة. (مرعاة المفاتيح: كتاب الطهارة، باب السواك، الفصل الأوّل، (٢/٨٠)، ط: إدارة البحوث الإسلامية)

(٢) و الفتوى على الجواز من غير فصل بين المدني و القروي كذا في الذخيرة و كذا الخباز اذا كان وافر الأظفار كذا في الزاهدي نقلا عن الجامع الاصغر.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الأول، (١/٤)، ط: رشيدية

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (١/١٣)، ط: سعيد

⇐ الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة (١/١٥٤)، ط: سعيد

## ناخن پر آٹا جم گیا

اگر ناخن پر آٹا جم گیا ہے، تو جب تک اس کو دھوئے گا نہیں اور دور نہیں کرے گا وضو نہیں ہوگا۔ (۱)

## ناخن تراشنا

وضو کرنے کے بعد ناخن تراشنے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲)

## ناخن کاٹنے سے وضو نہیں ٹوٹتا

وضو کرنے کے بعد ناخن کاٹنے یا کٹانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، اس لئے ناخن کاٹنے کے بعد دوبارہ وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اتنی جگہ کو دوبارہ پانی سے تر کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ (۳)

## ناخن میں مٹی ہو

میل اور مٹی جو ناخنوں میں ہو، اس کو چھڑائے بغیر بھی وضو اور غسل ہو جائے گا، جبکہ اس کے نیچے پانی پہنچ جائے۔ (۴)

---

(۱) انظر رقم الحاشية: ۱ على نفس الصفحة.

(۲) (ولا يعاد الوضوء) بل ولا بل المحل (بحلق رأسه ولحيته كما لا يعاد) لاغسل للمحل ولا الوضوء (بحلق شاربه وحاجبه وقلم ظفره) وكشط جلده.
وفي الرد: (قوله: ولا بل المحل) عبر بالبل ليشمل المسح والغسل.
ردالمحتار، كتاب الطهارة، (۱/ ۱۰۱)، ط: سعيد

(۳) الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الاول، (۱/ ۹۳)، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الاول، (۱/ ۴)، ط: رشيدية

(۴) نفس المرجع السابق.
(۵) القلم تخريجه تحت العنوان "ناخن"

## ناخن میں میل ہو

☆ ناخن میں میل ہونے پر بھی وضو ہو جاتا ہے، جبکہ اس کے نیچے پانی پہنچ جائے، مگر ناخن بڑھانا فطرت کے خلاف ہے۔[۱]

## ناف

☆ اگر ناف سے پھوڑا پھنسی یا درد کی وجہ سے پانی نکلتا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[۲]

## ناقض تیمم پیش نہ آئے

تیمم کرنے کے بعد جب تک وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہ آئے تب تک ایک تیمم سے وقتی نماز، قضاء نماز، اور سنن ونوافل پڑھنا درست ہے۔[۳]

---

(۱) تقدم تخریجه تحت العنوان "ناخن"

(۲) (کما) لا ینقض (لو خرج من اذنه) ونحوها کعینه و ثدیه (قیح) و نحوه کصدید و ماء سرة و عین (لا بوجع وان) خرج (به) أي بوجع (نقض) لأنه دلیل الجرح. (الدر المختار مع ردالمحتار، کتاب الطهارة، (۱/۱۴۷)، ط: سعید)

: البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۳۲)، ط: سعید.

: حاشیة الطحطاوی علی المراقي، کتاب الطهارة، فصل في نواقض الوضوء، (ص: ۸۷) ط: قدیمی.

: ولو کان في عینیه رمد او عمش یسیل منهما الدموع قالوا یؤمر بالوضوء لوقت کل صلاة لاحتمال ان یکون صدیدا او قیحا اهـ وهذا التعلیل یقتضی انه امر استحباب فان الشک والاحتمال في کونه ناقضا لا یوجب الحکم بالنقض اذ الیقین لا یزول بالشک، نعم اذا علم من طریق غلبة الظن باخبار الاطباء او بعلامات تغلب علی ظن المبتلی یجب. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۳۳-۳۲)، ط: سعید)

(۳) الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱/۱۱)، ط: رشیدیه

، ویصلی بتیممه ماشاء من الفرائض والنوافل، وعند الشافعي رحمه الله یتیمم لکل فرض، لأنه طهارة ضروریة، ولنا أنه طهور حال عدم الماء فیعمل عمله ما بقي شرطه. (الهدایة: کتاب الطهارات، باب التیمم، (۱/۵۳)، ط: المصباح) =

# ناک

☆ناک کا حکم یہ ہے کہ اس کی تمام نمایاں سطح کو دھونا چاہئے کیونکہ وہ چہرے کا ایک حصہ ہے، اگر ذرا سا حصہ بھی خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو دھونے سے رہ گیا تو وضو نہیں ہوگا۔

☆دونوں نتھنوں کے درمیان جو پردہ ہے اس کا نچلا حصہ ناک میں شامل ہے۔

☆ناک کے اندرونی حصے کا دھونا فرض نہیں ہے، البتہ اگر چہرے پر زخم ہو اور گہرائی تک اس کا اثر ہو تو اس میں پانی پہنچانا واجب ہے بشرطیکہ زخم میں تکلیف نہ ہو۔(۱)

☆اگر وضو کے دوران ناک میں پانی نہیں ڈالا تو وضو ہو جائے گا مگر سنت

---

= (ليعمل عمله) أي ليعمل التراب عمل الماء (ما بقي شرط) أي شرط التراب في كون التراب طهورًا، والمراد بالشرط عدم الماء وعدم الحدث. (البناية شرح الهداية: كتاب الطهارات، باب التيمم، ما يباح بالتيمم، (۱/۵۵۶)، ط: دار الكتب العلمية)

= (ويصلي به) أي بالتيمم الواحد (ماشاء من فرض ونفل كالوضوء). (مجمع الأنهر: كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۶۳)، ط: دار الكتب العلمية)

= ويصلي بالتيمم الواحد ماشاء من الصلوات فرضا او نفلا.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/۳۰)، ط: رشيدية

= رد المحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۴۱)، ط: سعيد

= البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۵۶)، ط: سعيد

(۱) وأما الأنف فانه يجب غسل ظاهرها كلها لأنها من الوجه فاذا ترك جزءا منها و لو صغيرا فسد وضوءه و من الأنف القطعة الحاجزة بين طاقتيها من أسفلها أما غسل باطن الأنف فانه ليس بفرض عند الحنفية نعم اذا كان بالوجه جرح أحدث أثرا غائرا فانه يجب ايصال الماء اليه كما يجب ايصال الماء الى ما بين تكاميش الوجه و عبر عنها العامة بالكراميش فيقولون ان وجه فلان كرمش. (الفقه على المذاهب الأربعة مباحث الوضوء، فرائض الوضوء، (۱/۵۵)، ط: دار احياء التراث)

= (لا غسل باطن العينين) و الأنف و الفم

وفي الرد (قوله: والأنف والفم) معطوفان على العينين أي لا يجب غسل باطنهما أيضا.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، مطلب في معنى الاشتقاق، (۱/۹۷)، ط: سعيد

کے خلاف ہوگا۔[1]

☆ فرض غسل میں ناک میں ہڈی کے اندر پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے، بلکہ ہڈی جہاں سے شروع ہوتی ہے وہاں تک پانی پہنچانا فرض ہے، جو معمولی اہتمام سے سہولت کے ساتھ ہوسکتا ہے، پانی کو دماغ کی طرف سانس کے ذریعہ کھینچنے کی ضرورت نہیں صرف جس طرح دھونے کے دوران ناک میں پانی ڈالتے ہیں وہ کافی ہے۔[2]

☆ ناک کے راستہ سے اگر تیل یا کوئی مائع (لیکویڈ) پتلی چیز دماغ کی طرف چڑھ جائے اور وہ پھر باہر نکل آئے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، کیونکہ وہ پاک جگہ سے خارج ہوئی ہے۔[3]

---

(۱) الحنفية قالوا: فرائض الغسل ثلاثة: أحدها: المضمضة، ثانيها: الاستنشاق، ثالثها: غسل جميع البدن بالماء ...... وأمّا الاستنشاق فهو إيصال الماء إلى داخل الأنف بالكيفية الّتي تقدّمت في الوضوء. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، فرائض الغسل، (۱/۱۱٦)، ط: المكتبة الحقيقة)

☜ وحد المضمضة استيعاب الماء جميع الفم وحد الاستنشاق أن يصل الماء إلى المارن. (الفتاوىٰ الهندية: كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، (۱/٦)، ط: رشيديه)

(۲) (والاستنشاق) وهو لغة من النشق جذب الماء ونحوه بريح الأنف إليه واصطلاحًا: إيصال الماء إلى المارن وهو مالان من الأنف.

(قوله: واصطلاحًا الخ) أفاد أن الجذب بريح الأنف ليس شرطًا فيه شرعًا بخلافه لغة نهر. (حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، فصل في سنن الوضوء، (ص: ۲۹)، ط: قديمي)

(۳) ولو صب دهنًا في أذنه فمكث في دماغه ثم سال من أذنه أو من أنفه لاينقض الوضوء ..... وإن استعط فخرج السعوط من الفم وكان ملء الفم نقض وإن خرج من الأذنين لاينقض ..... ولو دخل الماء أذن رجل في الاغتسال ومكث ثم خرج من أنفه لا وضوء عليه. (الفتاوىٰ الهندية: كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الخامس في نواقض الوضوء، (۱/۱۰)، ط: رشيديه)

☜ المحيط البرهاني: كتاب الطهارات، الفصل الثاني في مايوجب الوضوء، (۱/۱۹۷)، ط: إدارة القرآن. =

☆اگر ناک میں صرف ریزش منجمد تھی اور صاف کرنے سے باہر نکلی تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا، اور اگر پیپ ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۱)

☆جو پانی ناک سے درد کے ساتھ نکلتا ہے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

: ولو استعط لم خرج من الأذن لاينقض الوضوء ، ولو وصل السعوط إلى الرأس و عاد لا وضوء فيه.( الفتاوىٰ التاتارخانية: كتاب الطهارة،الفصل الثاني في مايوجب الوضوء( ۲۴۷/۱ )، ط: مكتبه فاروقيه )

. الرجل اذا استنثر فخرج من أنفه علق قدر العدسة لا ينتقض الوضوء، كذا في الخلاصة. (فتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، ( ۱۱/۱ )، ط:رشيدية

: وفي المنية : انتثر فسقط من أنفه كتلة دم لم ينتقض اهـ أي لما تقدم من أن العلق خرج عن كونه دما باحتراقه وانجماده، شرح. ( ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في حكم كي الحمصة، (۱۳۹/۱)، ط:سعيد )

: الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني ، ( ۱۲۷/۱ )، ط:ادارة القرآن

: نعم إذا علم أنّه صديد أو قيح من طريق غلبة الظن بإخبار الأطباء ، أو علامة تغلب على ظن المبتلى يجب . ( حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة ، فصل في نواقض الوضوء ، (ص: ۸۸)، ط: قديمي )

: البحرالرائق : كتاب الطهارة ،( ۳۳/۱)، ط: سعيد .

: ( كما) لا ينقض (لو خرج من أذنه ) ونحوها كعينه و ثديه (قيح ) و نحوه كصديد و ماء سرة وعين (لا بوجع وإن ) خرج (به) أي بوجع (نقض) لأنه دليل الجرح.
الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة،مطلب في مراعاة الخلاف إذا لم يرتكب مكروه مذهبه، ( ۱۴۷/۱ )، ط:سعيد

: كل مايخرج من علة م ناي موضع كالأذن والثدي والسرة ونحوها ، فإنّه ناقض على الأصح لأنه صديد . (حلبي كبير : فصل في نواقض الوضوء ،(ص:۱۳۳ )، ط: سهيل اكيڈمي لاهور )

: البحر الرائق : كتاب الطهارة ،( ۳۲/۱ ) ، ط: سعيد .

: ولو كان في عينيه رمد اوعمش يسيل منهما الدموع قالوا يؤمر بالوضوء لوقت كل صلاة لاحتمال ان يكون صديدا او قيحا اهـ وهذا التعليل يقتضي انه امر استحباب فان الشک والاحتمال في كونه ناقضا لا يوجب الحكم بالنقض اذاليقين لا يزول بالشک، نعم اذا علم من طريق غلبة الظن باخبار الاطباء او بعلامات تغلب على ظن المبتلى يجب.( البحرالرائق، كتاب الطهارة،(۱/ ۳۳ - ۳۲)، ط: سعيد )

: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول ، الفصل الخامس ،( ۱۱/۱ )، ط: رشيديه

## ناک سے خون نکلا

اگر وضو کے بعد ناک سے خون نکلا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

## ناک سے خون نکلے

اگر ناک سے خون نکل کر نتھنے تک پہنچ گیا تو وضو ٹوٹ جائے گا اور اگر خون نکل کر نتھنے تک نہیں پہنچا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔[2]

## ناک صاف کرنا

پاخانہ، پیشاب کرتے وقت بلا ضرورت ناک صاف نہ کرے۔[3]

## ناک صاف کرنے کی حکمت

وضو میں ناک کو صاف کرنے کی حکمت یہ ہے کہ ہر مذہب وملت کے لوگ ناک کی بلغمی رطوبتوں کو دور کرنا اچھی نظر سے دیکھتے ہیں، اگر ناک کو اندر سے نہ دھویا جائے تو ناک میں جمے ہوئے بلغم سے دماغ میں برا اثر پہنچتا ہے، جو بعض اوقات ہلاکت کا باعث ہوتا ہے۔

---

(۱) و قد صرح في معراج الدراية و غيره بأنه اذا نزل الدم الى قصبة الأنف نقض.
البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۶۲/۱)، ط: رشيدية

(۲) ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱۳۵/۱)، ط: سعيد

(۳) الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، (۱۱/۱)، ط: رشيدية

(۴) نفس المرجع السابق.

(۵) ولا يمتخط. (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۴۳/۱)، ط: سعيد)

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، فصل الاستنجاء، مطلب في الفرق بين الاستبراء والاستنقاء والاستنجاء، (۳۴۵/۱)، ط: سعيد

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۵۰/۱)، ط: رشيدية

مزید یہ کہ عربوں کے عرف ورواج میں ناک کے لفظ کو عزت اور بڑائی کے محل استعمال کرتے ہیں، چنانچہ عرب والے جب کسی کے لئے بددعا کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ اس کی ناک کو خاک آلود کرے" (ناک مٹی سے بھرا ہوا ہو)۔

اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کی عزت کو بڑائی کے مقام سے ذلت میں گرادے، اس سے معلوم ہوا کہ وضو میں ناک کا دھونا اپنے کبر وغرور کو چھوڑنے اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں اپنی عاجزی اور انکساری دکھانے کی طرف اشارہ ہے۔ (۱)

## ناک صاف کیا جما ہوا خون نکلا

☆ اگر کسی نے ناک صاف کیا اور اس میں سے جمے ہوئے خون کے ٹکڑے نکلے، تو وضو نہیں ٹوٹے گا، کیونکہ پتلا خون نکل کر بہہ جانے سے وضو ٹوٹتا ہے، جما ہوا خون کا ٹکڑا نکل کر بہتا نہیں اس لئے وضو نہیں ٹوٹتا۔

☆ زکام میں، بلغم میں یا ناک کے فضلہ میں جمے ہوئے خون کا ریشہ آجاتا ہے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۲)

---

(۱) قوله ﷺ: فإن الشيطان يبيت على خيشومه، أقول: معناه أن اجتماع المخاط و المواد الغليظة في الخيشوم سبب لتبلد الذهن و فساد الفكر، فيكون أمكن لتأثير الشيطان بالوسوسة و صده عن تدبر الأذكار. (حجة الله البالغة، القسم الثاني، الوضوء، (۳۹٦/۱)، ط: قديمي)

قوله: رغم أنف ..... بكسر الغين و فتحها أي لصق بالرغام وهو التراب هذا هو الأصل ثم استعمل في كل من عجز عن الانتصاف و في الذل والانقياد كرها. (عمدة القاري: كتاب التفسير، سورة التحريم، (۳٦۱/۱۹)، ط: دار الكتب العلمية)

شرح النووي: كتاب الطلاق، باب بيان أن تخييره امرأته لا يكون طلاقا إلا بالنية، (۴۸۱/۱)، ط: قديمي.

رغم رغما ..... ذل و ذل عن ذكره ويقال رغم أنفه وفي الحديث وإن رغم أنف أبي الدرداء والشيء ألصقه بالتراب ..... ورغم رغما لصق بالتراب وذل وفي حديث معقل بن يسار " رغم أنفي لأمر الله". (المعجم الوسيط: باب الراء، (۳۵۷/۱)، ط: دار الدعوة)

المصالح العقلية: باب الوضوء، (ص: ۴۹)، ط: دار الإشاعت.

(۲) الرجل إذا استنثر فخرج من أنفه علق قدر العدسة لا ينقض الوضوء، كذا في الخلاصة. =

# ناک کس ہاتھ سے صاف کرے

دائیں ہاتھ سے تین مرتبہ پانی لے کر ناک میں ڈالے، اور بائیں ہاتھ سے تین مرتبہ ناک صاف کرے إحیاء العلوم کی شرح میں ہے کہ اگر ناک میں گندگی ریزش وغیرہ ہو تو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو داخل کر کے صاف کرے، بہر حال ناک کی صفائی میں بایاں ہاتھ استعمال کرتا ہے۔ [1]

= الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (١/١١)، ط:رشيدية

⇐ وفي منية المصلي : ولو امتخر فسقطت من أنفه كتلة دم لم تنقض وضوءه وإن قطرت قطرة دم انتقض اهـ . (البحر الرائق : كتاب الطهارة، (١/٣٣)، ط: سعيد)

⇐ وفي المنية : انتثر فسقط من أنفه كتلة دم لم ينتقض اهـ أي لما تقدم من أن العلق خرج عن كونه دما باحتراقه وانجماده، شرح.

ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب في حكم كي الحمصة، (١/١٣٩)، ط:سعيد

⇐ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني، (١/١٢٧)، ط:ادارة القرآن

⇐ حلبي كبير، فصل في نواقض الوضوء، (ص:١٣٦)، ط:سهيل اكيڈمي.

(١) (ثم) يأخذ (غرفة) أخرى من الماء (لأنفه ويستنشق ثلاثا) أي يجذب الماء إلى مارن أنفه وهذا معنى قوله (ويصعد الماء بالنفس إلى خياشيمه) جمع خيشوم هو أعلى الأنف . وظاهره أن كل هذا بغرفة واحدة . وعندنا فيلزمه بثلاث غرفات لعدم انطباق الأنف على باقي الماء ..... وفي تقييد بعض أصحابنا المضمضة والاستنشاق سنتان مشتملتان على سنن خمس : الترتيب والتثليث وتجديد الماء وفعلهما باليد اليمنى ..... (ويستنثر ما فيها) أي في الأنف بقوة النفس بيده اليسرى فإن كان بباطنها شيء من الوسخ استعان بخنصر يده فأزال ما فيها . (اتحاف السادة المتقين : (٢/٣٥٥) كتاب أسرار الطهارة ، باب آداب قضاء الحاجة ، كيفية الوضوء ، ط: مؤسسة التاريخ العربي)

⇐ (وغسل الفم ..... بمياه ..... والأنف) ببلوغ الماء المارن (بمياه) وهما سنتان مؤكدتان مشتملتان على سنن خمس : الترتيب ، والتثليث وتجديد الماء ، وفعلهما باليمنى . وفي الرد: قوله : وفعلهما باليمنى) أي ويمتخط ويستنثر باليسرى كما في المنية والمعراج . (الدر مع الرد : (١/١١٦) كتاب الطهارة ، مطلب سنن الوضوء ، ط: سعيد)

⇐ حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح : (ص: ٧٠) كتاب الطهارة ، فصل في سنن الوضوء ، ط: قديمي .

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے وضو کا پانی منگوایا کلی کی، ناک میں پانی ڈالا، اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کیا اور اس طرح تین مرتبہ کیا۔ (۱)

## ناک کے اندر شیطان رات گزارتا ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم نیند سے اٹھو اور وضو کرو تو ناک میں تین مرتبہ پانی ڈال کر صاف کرو کیونکہ ناک کے اندر شیطان رات گزارتا ہے۔ (۲)

## ناک میں انگلی ڈال کر نکالی تو اس پر خون کا دھبہ تھا

کسی نے اپنی ناک میں انگلی ڈالی پھر جب اس کو نکالا تو انگلی پر خون کا دھبہ معلوم ہوا، لیکن وہ خون اتنا ہی تھا کہ ذرا سا انگلی پر لگا ہوا تھا، لیکن بہا نہیں ہو تو اس سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (۳)

---

(۱) عن علي رضي الله عنه أنه دعا بوضوء فتمضمض واستنشق ونثر بيده اليسرى ففعل هذا ثلاثا.
(سنن النسائي: (۲۷/۱) كتاب الطهارة، باب الأمر بالاستنثار عند الاستيقاظ من النوم، ط: قديمي)
☆ السنن الكبرى للبيهقي: (۴۸/۱) كتاب الطهارة، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه، باب كيفية المضمضة والاستنشاق، ط: دار الإشاعت.
☆ سنن الدار قطني: (۱۵۵/۱) رقم الحديث: ۲۹۹، كتاب الطهارة، باب صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت.

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا استيقظ أحدكم من منامه فتوضأ فليستنثر ثلاث مرات، فإن الشيطان يبيت على خيشومه. (سنن النسائي: (۲۷/۱) كتاب الطهارة، باب الأمر بالاستنثار عند الاستيقاظ من النوم، ط: قديمي)
☆ صحيح ابن خزيمة: (۷۷/۱) رقم الحديث: ۱۴۹، كتاب الوضوء، باب الأمر بالاستنشاق عند الاستيقاظ من النوم، ط: المكتب الإسلامي بيروت.
☆ صحيح مسلم: (۱۲۳/۱) كتاب الطهارة، باب الإيتار في الاستنثار والاستجمار، ط: قديمي.

(۳) ثم المراد بالخروج من السبيلين مجرد الظهور وفي غيرهما عين السيلان ولو بالقوة، لما قالوا: لو مسح الدم كلما خرج ولو تركه لسال نقض وإلا لا، كما لو سال في باطن عين أو =

# ناک میں پانی ڈالنے کے لئے ہر مرتبہ الگ الگ پانی لینا

وضو کے دوران تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا مسنون ہے، اور ہر مرتبہ الگ الگ پانی لینا سنت ہے۔

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ کلی کی، تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا، اور ہر مرتبہ الگ الگ پانی لیا۔ (۱)

شقیق بن سلمہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے وضو کو دیکھا تین مرتبہ وضو کیا، کلی الگ کی اور ناک میں پانی ڈالا۔ (۲)

---

= خرج أو ذكر ولم يخرج. قوله: (ولم يخرج) أي لم يسل. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، مطلب في نواقض الوضوء، (۱۳۵/۱)، ط: سعيد)

⇐ وإن ادخل اصبعه في أنفه فدميت اصبعه إن نزل الدم من قصبة الأنف نقض، وإن كان لم ينزل منها لم ينقض. (الجوهرة النيرة: كتاب الطهارة، (۸/۱)، ط: حقانيه)

⇐ اللباب في شرح الكتاب: كتاب الطهارة، باب نواقض الوضوء، (۳۷/۱)، ط: قديمي.

(۱) والأصرح في الباب والنص في الغرض على مسلك الحنفية: هو سياق الطبراني في معجمه لحديث طلحة وفيه فمضمض ثلاثًا واستنشق ثلاثًا يأخذ لكل واحدة ماء جديدًا. (معارف السنن: (۱۶۹/۱) أبواب الطهارة، باب المضمضة والاستنشاق ثلاثًا من كف واحد، ط: سعيد)

⇐ إعلاء السنن: (۸۲/۱) كتاب الطهارة، باب إفراد المضمضة من الاستنشاق، ط: إدارة القرآن.

⇐ المعجم الكبير للطبراني: (۱۸۰/۱۹) رقم الحديث: ۴۰۹، باب الكاف كعب بن عامر الأشعري، ط: مكتبه ابن تيميه، القاهرة.

⇐ والسنة أن يتمضمض ثلاثًا أوّلاً ثم يستنشق ثلاثًا ويأخذ لكل واحد منهما ماءً جديدًا في كل مرة. (الفتاوى الهندية: (۷/۱) كتاب الطهارة، الباب الأوّل في الوضوء، الفصل الثاني في سنن الوضوء، ط: رشيديه)

(۲) روى أبو علي بن السكن في صحاحه من طريق أبي وائل شقيق بن سلمة قال: شهدت علي بن أبي طالب و عثمان بن عفان توضآ ثلاثًا وأفردا المضمضة من الاستنشاق ثم قالا: هكذا رأينا رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ. (التلخيص الحبير: (۲۶۲/۱) كتاب الطهارة، باب سنن الوضوء، ط: دار الكتب العلمية) =

# ناک میں پانی کس ہاتھ سے ڈالے

وضو کرتے وقت پانی ناک میں دائیں ہاتھ سے ڈالے اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ آپ نے دائیں ہاتھ سے پانی لیا اور کلی کی پھر ناک میں پانی ڈالا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ انہوں نے دائیں ہاتھ میں پانی لیا اور منہ میں ڈالا، اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور بائیں سے ناک صاف کیا اور فرمایا اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے تھے۔ (۱)

---

= ☆ البدر المنير في تخريج الأحاديث : (۲/ ۱۱۱) كتاب الطهارة ، باب الوضوء ، الحديث الثالث والعشرون ، ط: دار الهجر .

☆ إعلاء السنن : (۱/ ۷٦) كتاب الطهارة ، باب سنة المضمضة والاستنشاق ، ط: إدارة القرآن .

(۱) عن حمران مولى عثمان بن عفان رضي الله عنه قال : رأيت عثمان توضأ ، فافرغ على يديه من الإناء فغسلهما ثلاث مرات، ثم أدخل يده اليمنى في الوضوء فمضمض واستنشق ...... الحديث .

عن عبد خير عن علي رضي الله عنه أنه أتى بوضوء فيه ماء فافرغ على يديه من الإناء فغسلهما ثلاثا قبل أن يدخل يده في الإناء ، فأدخل يده اليمنى في الإناء فملأ فمه فتمضمض واستنشق واستنثر بيده اليسرى ...... ثم قال : هذا طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم ، فمن أحب أن ينظر إلى طهور رسول الله صلى الله عليه وسلم فهذا طهوره . (السنن الكبرى : (۱/ ۴۸) كتاب الطهارة ، جماع أبواب سنة الوضوء وفرضه ، باب كيفية المضمضة والاستنشاق ، ط: دار الإشاعت )

☆ سنن أبي داود : (۱/ ۲٦) كتاب الطهارة ، باب صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم ، ط: رحمانيه .

☆ وغسل الفم ...... بمياه ...... والأنف ) ببلوغ الماء المارن (بمياه ) وهما سنتان مؤكدتان مشتملتان على سنن خمس : الترتيب ، والتثليث وتجديد الماء و فعلهما باليمنى . (قوله : وفعلهما باليمنى ) أي يمخط ويستنثر باليسرى كما في المنية والمعراج . (الدر مع الرد : (۱/ ۱۱٦) كتاب الطهارة ، مطلب سنن الوضوء ، ط: سعيد )

## ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالنا

وضو کے دوران ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالنا مسنون ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی تین مرتبہ کی اور ناک میں تین مرتبہ پانی ڈالا۔ (۱)

حضرت ابی بکرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مرتبہ کلی اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالتے دیکھا۔ (۲)

## نجاست اگر رکی ہوئی ہو تو اس کو خارج ہونے دینا واجب ہے

''استبراء'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۷۳/۱)

---

(۱) عن عبد خير عن علي رضي الله عنه أنه توضأ فغسل يديه ثلاثا ، ومضمض واستنشق ثلاثا (سنن الدار قطني : (۱۵۳/۱) كتاب الطهارة ، باب صفة وضوء رسول الله صلى الله عليه وسلم ، ط: مؤسسة الرسالة ، بيروت )

☜ مسند احمد : (۲۳۹/۲) رقم الحديث : ۹۱۰ ، مسند العشرة المبشرين بالجنة ، مسند علي بن أبي طالب رضي الله عنه ، ط: مؤسسة الرسالة .

☜ كنز العمال : (۲۳٦/۹) رقم الحديث : ۲٦۸۹۷ ، حرف الطاء ، كتاب الطهارة من قسم الأفعال ، آداب الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة .

(۲) حدثنا محمد بن صالح بن العوام ثنا عبد الرحمن بن بكار بن عبد العزيز بن أبي بكرة حدثني أبي بكار بن عبد العزيز ، قال : سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم توضأ فغسل يديه ثلاثا ومضمض ثلاثا ، واستنشق ثلاثا ...... الحديث . (كشف الأستار عن زوائد البزار : (۱۳۰/۱) رقم الحديث : ۲٦۷ ، كتاب الطهارة ، باب صفة الوضوء ، ط: مؤسسة الرسالة)

☜ مجمع الزوائد : (۲۳۲/۱) رقم الحديث : ۱۱۸۰ ، كتاب الطهارة ، باب ماجاء في الوضوء ، ط: مكتبة القدس القاهرة .

☜ صحيح ابن خزيمة : (۷۸/۱) رقم الحديث : ۱۵۱ ، كتاب الوضوء ، باب تخليل اللحية في الوضوء عند غسل الوجه ، ط: المكتب الإسلامي ، بيروت .

مزید حوالہ جات ''کلی تین مرتبہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

## نجاست پھیل جائے

☆جسم سے نکلنے والی ناپاک چیز معمول اور عادت کے مطابق نکلنے والی ہو، جیسے پیشاب پاخانہ وغیرہ یا معمول اور عادت کے مطابق نکلنے والی نہ ہو جیسے خون، پیپ وغیرہ، اور یہ ناپاک چیز نکلنے کی جگہ سے آگے پھیل جائے، اور اس کی مقدار ایک درہم سے زیادہ ہو، تو اس کو پانی سے صاف کرنا فرض ہوگا کیونکہ اب یہ کام نجاست کو دور کرنا ہے، یہ استنجاء نہیں ہے، اور نجاست دور کرنے کے لئے پانی استعمال کرنا فرض ہے، اور ڈھیلے وغیرہ سے صاف کرنا اس صورت میں کافی نہیں ہے۔[1]

---

(1) الحنفية قالوا: حكم الاستنجاء أو مايقوم مقامه من الاستجمار. هو أنه سنة مؤكدة للرجال والنساء --- وإنمايكون الاستنجاء بالماء أو الاستجمار بالأحجار الصغيرة ونحوها سنة مؤكدة إذا لم يتجاوز الخارج نفس المخرج، والمخرج عندهم هو المحل الذي خرج منه الأذى، وما حوله من مجمع حلقة الدبر الذي ينطبق عند القيام ولا يظهر منه شيء، وطرف الإحليل الكائن حول الثقب الذي يخرج منه البول، لا فرق في ذلك بين أن يكون الخارج معتادًا، أو غير معتاد، كدم وقيح، ونحوهما، فإذا جاوزت النجاسة المخرج المذكور. فإنه ينظر فيها فإن زادت على قدر الدرهم، فإن إزالتها تكون فرضًا، ويتعين في إزالتها الماء، لأنها تكون من باب إزالة النجاسة لا من باب الاستنجاء، وإزالة النجاسة يفترض فيها الماء. ومثل ذلك ما أصاب طرف الإحليل ـ رأسه ـ من البول. فإن زاد على قدر الدرهم افترض غسله بالماء فلا يكفي في إزالته الأحجار ونحوها على الصحيح. (كتاب الفقه على المذاهب الأربعة: كتاب الطهارة، حكم الاستنجاء، (۱/۹۴، ۹۵)، ط: مكتبة الحقيقة)

☆ مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي: كتاب الطهارة، فصل في الاستنجاء، (ص: ۴۴)، ط: النهي.

☆ فلما إذا تعدت موضعها بأن جاوزت الشرج أجمعوا على أن ما جاوز موضع الشرج من النجاسة إذا كانت أكثر من قدر الدرهم يفترض غسلها بالماء ولا يكفيها الإزالة بالأحجار.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثالث، (۱/۴۸)، ط: رشيدية

☆ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۲۴۲)، ط: رشيدية

☆ رد المحتار، كتاب الطهارة باب الأنجاس، فصل الاستنجاء مطلب إذا دخل المستنجي في ماء قليل، (۱/۳۳۸)، ط: سعيد

# نجاست دور کرنے کا حکم

''ناپاکی دور کرنے کا حکم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۵۹/۲)

## نجاست غلیظہ

ریح کے علاوہ ہر وہ چیز نجاست غلیظہ ہے جو آدمی کے بدن سے نکلے اور وضو یا غسل کو واجب کرے، چنانچہ پیشاب، منی، مذی، ودی، پیپ، منھ بھر کر قے، بہتا ہوا خون، حیض ونفاس کا خون یہ ساری چیزیں نجاست غلیظہ ہیں، البتہ شہید کے بدن پر جو خون ہوتا ہے جب تک وہ اس کے بدن پر ہو وہ پاک ہے۔[1]

## نجاست قدر درہم سے زائد ہو

اگر مخرج سے آگے پیچھے تجاوز کرنے والی نجاست کی مقدار، درہم کی مقدار کے برابر ہو تو بلا عذر اسے نہ دھونا مکروہ تحریمی ہے اور اگر درہم کی مقدار یا اس سے کم ہے تو مکروہ تنزیہی ہے۔[2]

---

(۱) کل ما یخرج من بدن الانسان مما یوجب خروجه الوضوء أو الغسل فهو مغلظ کالغائط و البول والمني ...... والقيء اذا ملأ الفم و كذا دم الحيض والنفاس والاستحاضة ...... وكذا الخمر والدم المسفوح ...... دم الشهيد ما دام عليه طاهر واذا ابين منه كان نجسا.

الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة ، الباب السابع، الفصل الثاني ،(۴۶/۱)، ط: رشيدية

ح الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،مطلب في طهارة بوله صلى الله عليه وسلم،(۳۱۹/۱-۳۱۸)، ط: سعيد

د: البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۲۲۹/۱)، ط: سعيد

(۲) ،(وعفا) الشارع (عن قدر درهم) وان كره تحريما فيجب غسله ومادونه تنزيها فيسن وفوقه مبطل فيفرض( الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (۳۱۶/۱-۳۱۸)، ط: سعيد)

ت الفتاوى التاتارخانية ،كتاب الطهارة، الفصل السابع، النوع الثاني ،(۲۹۸/۱)،ط: ادارة القرآن

ح: الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل السابع، (۴۶/۱)، ط: رشيديه

## نجاست قلیل معاف ہے

شریعت نے ابتلاء عام کے مواقع پر قلیل نجاست کو معاف قرار دیا ہے، جیسا کہ بیت الخلاء میں مکھیوں وغیرہ کا غلاظت پر بیٹھنے کے بعد جسم اور کپڑوں پر بیٹھنا[1] اور راستہ کی چھینٹیں وغیرہ معاف ہیں۔[2]

## نجاست کا اثر ڈھیلہ استعمال کرنے کے بعد باقی رہ گیا

"ڈھیلہ استعمال کرنے کے بعد نجاست کا اثر باقی رہ گیا" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۵۸/۱)

## نجاست لگ جائے

اگر بیماری کی وجہ سے کپڑوں پر نجاست لگ جاتی ہے، تو اگر خیال یہ ہے کہ اسے دھو بھی لیا جائے تب بھی نماز سے پہلے کپڑا پھر ناپاک ہوجائے گا، تو اس کا دھونا

---

ذباب المستراح إذا جلس على ثوب رجل فقد قيل: لا بأس به، لأن التحرز عنه غير ممكن، وقيل: لا بأس به إلا إذا كثر و فحش. (الفتاوى التاتارخانية: كتاب الطهارة، الفصل السابع في معرفة النجاسات وأحكامها، (۱/۳۳۹)، ط: مكتبه فاروقيه)

؎ المحيط البرهاني: كتاب الطهارات، الفصل السابع في النجاسات وأحكامها، (۱/۳۷۱)، ط: إدارة القرآن.

؎ الفتاوى الهندية: كتاب الطهارة، الباب السابع، الفصل الثاني، (۱/۴۷)، ط: رشيديه.

(۲) وقد قال في شرح المنية: المعلوم من قواعد أئمتنا التسهيل في مواضع الضرورة والبلوى العامة كما في مسألة آبار الفلوات ونحوها اهـ. أي كالعفو عن نجاسة المعفو عن طين الشارع الغالب عليه النجاسة وغير ذلك. (شامي: كتاب الطهارة، باب المياه، تنبيه مهم في طرح الزبل في القساطل، (۱/۱۸۹)، ط: سعيد)

؎ قوله: (وطين شارع) مبتدأ خبره قوله: عفو، والشارع: الطريق. (الدر مع الرد: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب في العفو عن طين الشارع، (۱/۳۲۲)، ط: سعيد)

؎ حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (ص: ۱۵۸)، ط: قديمي.

واجب نہیں ہے، اور اگر یہ خیال ہے کہ نماز ادا کرنے سے پہلے کپڑا دوبارہ ناپاک نہیں ہوگا، تو نماز سے پہلے دوبارہ دھولینا واجب ہے۔ (۱)

## نجاست لگ جائے اور پانی نقصان کرے

اگر بیمار کے بدن پر نجاست لگ جائے، اور وضو کے لئے پانی استعمال کرنے میں نقصان کرے تو بدن سے نجاست کو دھولے، اور بعد میں تیمم کرے۔ (۲)

---

(۱) وما يصيب الثوب من حدث العذر لايجب غسله إذا اعتقد أنّه لو غسله تنجس بالسيلان ثانياً قبل فراغه من الصلاة التي يريد فعلها ، أمّا إذا اعتقد أنّه لايتنجس قبل الفراغ منها ، فإنّه يجب عليه غسله . ( كتاب الفقه على المذاهب الأربعة : كتاب الطهارة ، مبحث في كيفية طهارة المريض بسلس بول ونحوه ،(۱/۱۰۷)، ط: مكتبة الحقيقة )

⇐ (وان سال على ثوبه) فوق الدرهم (جاز أن لا يغسله ان كان لو غسله تنجس قبل الفراغ منها) اى الصلاة (والا) يتنجس قبل فراغه (فلا) يجوز ترک غسله، هو المختار للفتوى.(الدر المختار مع الرد، كتاب الطهارة، باب الحيض مطلب في احكام المعذور، (۱/۳۰۶)، ط:سعيد )

⇐ الفتاوى الهندية ، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع ،(۱/۴۱)، ط:رشيدية

⇐ فتح القدير، كتاب الطهارة، باب الحيض ،(۱/۱۶۳)، ط:رشيدية

(۲) وكذا يطهر محل نجاسة ...... مرئية ...... بقلعها ...... ويطهر محل غيرها أي غير مرئية بغلبة ظن غاسل ...... طهارة محلها . ( الدر المختار مع الرد : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،(۱/۳۲۸ ، ۳۳۱)، ط: سعيد )

⇐ حاشية الطحطاوي على المراقي : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،(ص: ۱۶۱)،ط: قديمي.

⇐ البحر الرائق : كتاب الطهارة ، باب الأنجاس ،(۱/۲۳۷)، ط: سعيد .

⇐ ومن عجز عن استعمال الماء......لبعده ميلاأو لمرض يشتد او يمتد بغلبة ظن أو قول حاذق مسلم ولو بتحرک ...... ..................... تيمم.

الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۲۳۳)، ط:سعيد

⇐ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/۱۴۰)، ط:سعيد

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع ، الفصل الأول، (۱/۲۸)، ط:رشيدية

## ندی

ندی کا پانی پاک ہے، اس سے وضو اور غسل کرنا جائز ہے، اور ندی کے پانی سے عام لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، کسی کو ندی کے پانی سے وضو اور غسل کرنے سے منع کرنے کا حق نہیں ہے۔ (۱)

## نزلہ کی وجہ سے جو پانی ناک سے بہتا ہے

☆ نزلہ اور زکام کی وجہ سے ناک سے جو پانی بہتا ہے وہ ناپاک نہیں ہے، اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، کیونکہ یہ کسی زخم سے نہیں نکلتا اور کسی زخم کے اوپر سے گزر کر بھی نہیں آتا۔

☆ منہ کی طرح ناک بھی اصلی رطوبت کا محل ہے، منہ میں زخم ہونے کی صورت میں جب تک پیپ کا یقین نہ ہو، یا خون نظر نہ آئے اس وقت تک لعاب کی وجہ سے وضو نہیں ٹوٹتا اگرچہ کسی بیماری کی وجہ سے لعاب کثرت سے خارج ہو، یہی حکم نزلہ اور زکام کے پانی کا بھی ہے۔ (۲)

---

(۱) ولو اراد رجل اجنبي ان ياخذ من النهر الخاص او من حوض رجل او من بئر رجل ماء بالجرة للوضوء او لغسل الثياب هل له ذلك؟ ذكر الطحاوي انه له ذلك، وعليه اكثر المشايخ.
الفتاوى الهندية، كتاب الشرب، الباب الأول، (۳۹۱/۵)، ط: رشيدية
☆ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۲۱۳/۸)، ط: سعيد
☆ ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل الشرب، (۴۳۸/۶)، ط: سعيد
☆ اعلم ان المياه اربعة انواع، الأول: ماء البحار ولكل احد فيها حق الشفة و سقي الأراضي فلا يمنع من الانتفاع على اي وجه شاء. (ردالمحتار، كتاب احياء الموات، فصل الشرب (۴۳۸/۶)، ط: سعيد)
☆ الفتاوى الهندية، كتاب الشرب، (۳۹۰/۵)، ط: رشيدية
☆ البحر الرائق، كتاب احياء الموات، مسائل الشرب، (۲۱۳/۸)، ط: سعيد
(۲) (وكذا كل ما يخرج بوجع الخ) ظاهره يعم الأنف اذا زكم ط، لكن صرحوا بان ماء فم =

## نشہ

اگر وضو کرنے کے بعد نشہ کرنے کی وجہ سے آدمی جھومنے لگے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

## نشہ آور اشیاء

چرس، افیون، شراب اور ہیروئن پینا ناجائز اور حرام ہے،[2] اور یہ چیزیں اپنی

= الناتم طاهر و لو منتنا فتأمل. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب الحيض، مطلب في أحكام المعذور، (۳۰۵/۱)، ط: سعيد.)

☆ فأما الإنسان فإن مايخرج منه على ثلاثة أقسام: قسم منه طاهر و بخروجه لاينتقض الوضوء، وإن أصاب شيئا لاينجسه وهو عشرة أشياء وسخ الاذان ودموع العين والمخاط والبزاق... واللعاب. (النتف في الفتاوى: كتاب الطهارة، (۳۵/۱)، ط: مؤسسة الرسالة، بيروت)

☆ حاشية الطحطاوي على المراقي: كتاب الطهارة، باب الأنجاس، (ص: ۱۶۳)، ط: قديمي

☆ ولو كان في عينيه رمد اوعمش يسيل منهما الدموع قالوا يؤمر بالوضوء لوقت كل صلاة لاحتمال ان يكون صديدا او قيحا اهـ وهذا التعليل يقتضي انه امر استحباب فان الشك والاحتمال في كونه ناقضا لا يوجب الحكم بالنقض اذاليقين لا يزول بالشك، نعم اذا علم من طريق غلبة الظن باخبار الاطباء او بعلامات تغلب على ظن المبتلى يجب. (البحرالرائق، كتاب الطهارة، (۳۳/۱-۳۴)، ط: سعيد)

☆ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الأول، الفصل الخامس، (۱۱/۱)، ط: رشيديه

(۱) ومنها الاغماء والجنون والغشي والسكر ...... وحدالسكر في هذاالباب ان لايعرف الرجل من المرأة عند بعض المشايخ وهو اختيار الصدر الشهيد والصحيح ما نقل عن شمس الائمة الحلواني انه اذا دخل في بعض مشيته تحرك، كذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الاول، الفصل الخامس، (۱۲/۱)، ط: رشيديه)

☆ الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثاني نوع آخر في النوم والغشي والجنون، (۱/ ۱۳۸)، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

☆ ردالمحتار، كتاب الطهارة مطلب نوم الأنبياء غير ناقض، (۱۴۳/۱) ط: سعيد

(۲) عن أبي سلمة بن عبد الرحمن أنه سمع عائشة تقول: سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن البتع، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل شراب اسكر فهو حرام. (الصحيح لمسلم: كتاب الأشربة، باب بيان ان كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام، (۱۶۷/۲)، ط: قديمي)=

ذات کے اعتبار سے وضو کو توڑتی نہیں، البتہ پینے کے بعد جب نشہ غالب آجائے اور آدمی جھولنے لگے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

## نشہ آور دوائی

موجودہ دور میں بعض دوائیوں میں نشہ ہوتا ہے، ایسی دوائی اپنی ذات کے اعتبار سے وضو نہیں توڑتی، ہاں اگر ایسی دوائی لینے یا پینے کی وجہ سے نشہ غالب ہوجائے اور اس پر غشی طاری ہوجائے یا جھومنے لگے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر نشہ غالب نہ ہو تو وضو برقرار رہے گا۔[2]

## نشہ کی حالت میں نماز پڑھنا درست نہیں

''نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۸۲/۲)

## نفاس

☆ نفاس والی عورت کے لئے قرآن کریم کی طرح تورات اور تمام آسمانی کتابوں کو ہاتھ لگانا مکروہ ہے۔

---

= والكل حرام عند محمد و به يفتى، أي بتحريم كل الأشربة ...... وفي الفتح: وبه يفتى، لأن السكر من كل شراب حرام. (الدر مع الرد: كتاب الأشربة، (۳۵۶/۶)، ط: سعيد)

= تبيين الحقائق: كتاب الأشربة، (۴۵/۶)، ط: إمداديه ملتان.

(۱) (و) ينقضه حكما (نوم يزيل مسكه ...... وجنون وسكر) بأن يدخل في مشية تمايل ولو بأكل الحشيشة.

(قوله: وينقضه حكما) نبه على أن هذا شروع في الناقض الحكمي بعد الحقيقي بناء على أن عينه غير ناقض. (الدر مع الرد، كتاب الطهارة، مطلب نوم من به انفلات ريح غير ناقض، (۱۴۱/۱، ۱۴۲) ط: سعيد)

= تبيين الحقائق مع حاشية الزيلعي، كتاب الطهارة، (۷/۱) ط: سعيد.

(۲) نفس المرجع السابق.

☆ نفاس والی عورت کے لئے نفاس کا خون بند ہونے کے بعد غسل کرنے سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت کرنا حرام ہے۔ (۱)

## نفاس والی عورت وضو کرے تو

"حیض والی عورت وضو کرے تو" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۱٤/۱)

## نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے

تجربہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ہاتھ پاؤں کے دھونے اور منہ اور سر پر پانی چھڑکنے سے نفس پر بڑا اثر ہوتا ہے، اور اہم اعضاء (دل، دماغ اور جگر وغیرہ) میں تقویت اور بیداری پیدا ہو جاتی ہے، غفلت، سستی، نیند اور بے ہوشی اس سے دور ہو جاتی ہے، جیسے ماہر حاذق طبیب، بے ہوشی ہو یا موشن لگیں یا کسی کی رگ سے خون خارج ہو تو پاؤں ہاتھ، منہ اور سر پر پانی چھڑکنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

اسی طرح انسان کو اپنے نفس کی کاہلی، سستی، اداسی، اور کثافت کو وضو کے ذریعہ دور کرنے کا حکم ہوا، تاکہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہونے کے لائق ہو سکے، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہوشیار اور بیدار ہیں، قرآن مجید میں ہے "لا تأخذه سنة ولا نوم" (اللہ تعالیٰ کو غفلت اور نیند نہیں پکڑتی) اس سے معلوم ہوا کہ غافل اور کاہل اللہ کے سامنے کھڑے ہونے کے قابل نہیں ہو سکتے، یہی وجہ ہے کہ نشہ اور مستی کی

---

(۱) (و) يحرم به (تلاوة القرآن) ...... (بقصده) ...... (ومسه)......

(قوله: ومسه) أي مس القرآن وكذا سائر الكتب السماوية، قال الشيخ اسماعيل: وفي المبتغي: ولا يجوز مس التوراة والانجيل والزبور وكتب التفسير. ((ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب يطلق الدعاء على مايشمل الثناء (۱۷۳/۱)، ط: سعيد)

ت الفتاوى التاتارخانية، كتاب الطهارة، الفصل الثالث، نوع آخر من هذا الفصل في المتفرقات، (۱۶۲/۱)، ط: ادارة القرآن

ح الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب السادس، الفصل الرابع (۱/۳۹-۳۸)، ط: رشيدية

حالت میں نماز پڑھنا درست نہیں ہے، کسی نشہ باز کو نشہ کی حالت میں کسی دنیا کے بادشاہ کے دربار میں جانے کی اجازت نہیں دی جاتی، پس جب نشہ باز اور شرابی، نشہ اور غفلت کی حالت میں ایک دنیاوی حاکم کے دربار میں باریاب نہیں ہوسکتا تو جو شخص نشہ باز اور غافل جیسی حالت بنائے ہوئے ہو، تو اس کو بادشاہوں کے بادشاہ اللہ رب العزت کے دربار میں کب باریابی کا شرف عطا ہوسکتا ہے؟۔ (۱)

## نفل معذور پڑھ سکتا ہے

"معذور نوافل پڑھ سکتے ہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲٤١/٢)

## نکسیر

☆ نکسیر پھوٹنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (۲)

☆ اگر نکسیر کی وجہ سے خون نکل آیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (۳)

---

(۱) یاایها الذین آمنوا لاتقربوا الصلاة وانتم سکری حتی تعلموا ماتقولون. (سورة النساء، ۴۳).

☆ وسرّ ذلک انها ظاهرة تسرع الیها الأوساخ وهي التي ترى و تبصر عند ملاقاة الناس بعضهم لبعض و ایضا التجربة شاهدة بان غسل الأطراف و رش الماء علی الوجه والرأس ینبه النفس من نحو النوم والغشي المثقل تنبها قویا ولیرجع الانسان في ذلک الی ما عنده من التجربة والعلم والی ما امر به الأطباء في تدبیر من غشي علیه او افرط به الاسهال والفصد.

حجة الله البالغة، القسم الأول، المبحث الخامس، باب أسرار الوضوء والغسل، (۱۶۷/۱-۱۶۶)، ط: قدیمی

☆ المصالح العقلیة، باب الوضوء، (ص: ۲۰)، ط: دار الاشاعت.

(۲) وقد صرح في معراج الدرایة و غیره بانه اذا نزل الدم الی قصبة الأنف نقض. (البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۶۲/۱)، ط: رشیدیة)

☆ ردالمحتار، کتاب الطهارة، مطلب نواقض الوضوء، (۱۳۴/۱)، ط: سعید

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الأول، (۱۱/۱)، ط: رشیدیة

(۳) نفس المرجع السابق

# نل سے بدبودار پانی آئے

نلوں کے ذریعہ جو بدبودار پانی آتا ہے اور پھر صاف پانی آنے لگتا ہے، اس کے بارے میں حکم یہ ہے کہ جب تک بدبودار پانی کی حقیقت معلوم نہ ہو یا رنگ اور بو کی وجہ سے ناپاک ہونے کا علم نہ ہو، اس وقت تک اس پانی کے بارے میں ناپاک ہونے کا حکم نہیں دیا جائے گا، کیونکہ پانی کا بدبودار ہونا اور چیز ہے اور ناپاک ہونا دوسری چیز ہے،[1] اور اگر تحقیق سے معلوم ہو جائے کہ اس پانی میں گٹر کا پانی وغیرہ ملا ہوا ہے تو نل کھول دینے کے بعد وہ "جاری پانی" کے حکم میں ہو جائے گا، اور بدبودار پانی نکل جانے کے بعد جب صاف پانی آئے گا تو اس سے وضو اور غسل کرنا جائز ہوگا۔[2]

(۱) (لا لو تغیر بـ) طول (مکث) فلو علم نتنه بنجاسته لم یجز و لو شک فالأصل الطهارة.

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، باب المیاه مطلب في أن التوضي من الحوض افضل رغما للمعتزلة، (۱/۱۸٦)، ط: سعید

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/٦۸)، ط: سعید

☆ الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۱۸)، ط: رشیدیة

☆ ماء حوض الحمام طاهر عندهم ما لم یعلم بوقوع النجاسة فیه.

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الثاني، (۱/۱۸)، ط: رشیدیة

☆ تحصیل المذهب فیه أن کل ما تیقنا فیه جزءا من النجاسة أو غلب ذلک في رأینا فهو نجس لا یجوز استعماله.

شرح مختصر الطحاوي، کتاب الطهارة، باب تکون به الطهارة، مسئلة: اثر وقوع النجاسة في الماء القلیل والکثیر، (۱/۲۳۹)، ط: دار السراج بالمدینة المنورة.

(۲) الماء الجاري بعد ما تغیر أحد أوصافه و حکم بنجاسته لا یحکم بطهارته ما لم یزل ذلک التغیر بأن یرد علیه ماء طاهر حتی یزیل ذلک التغیر، کذا في المحیط.

الفتاوی الهندیة، کتاب الطهارة، الباب الثالث، الفصل الأول، (۱/۱۸)، ط: رشیدیة

☆ ثم المختار طهارة المتنجس بمجرد جریانه.

الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الطهارة، باب المیاه مطلب یطهر الحوض بمجرد السیلان، (۱/۱۹۵)، ط: سعید

☆ البحر الرائق، کتاب الطهارة، (۱/۸٦)، ط: سعید

# نماز جنازہ بے وضو پڑھنا

بے وضو جنازے کی نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

# نماز جنازہ والے تیمم سے دوسری نماز پڑھنا

☆ جنازہ کی نماز ادا کرنے کے لئے جو تیمم کیا جاتا ہے اس سے دوسری نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، البتہ پانی نہ ملنے یا مرض کی وجہ سے جنازہ کی نماز پڑھنے کے لئے جو تیمم کیا ہے اس سے دوسری نماز پڑھنا جائز ہے۔ (۲)

(۱) و في القنية : الطهارة من النجاسة في ثوب و بدن و مكان و ستر العورة شرط في حق الميت والامام جميعا فلو أم بلا طهارة والقوم بها أعيدت و بعكسه لا.

الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب الجنائز، (۱/ ۲۰۸)، ط: سعيد

⇦ و كل ما يعتبر شرطا لصحة سائر الصلوات من الطهارة الحقيقية و الحكمية واستقبال القبلة و ستر العورة و النية يعتبر شرطا لصحة صلاة الجنازة، هكذا في البدائع. (الفتاوى الهندية، كتاب الصلاة، الباب الحادي و العشرون، الفصل الخامس، (۱/ ۱۶۳)، ط: رشيدية)

⇦ الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الصلاة مباحث صلاة الجنائز، (۱/ ۵۲۲)، ط: دار احياء التراث

(۲) وقالوا: لو تيمم لدخول مسجد أو لقراءة ولو من مصحف او مسه أو كتابته أو تعليمه او لزيارة قبور او عيادة مريض أو دفن ميت او أذان او اقامة أو اسلام أو سلام أو رده لم تجز الصلاة به عند العامة، بخلاف صلاة جنازة أو سجدة تلاوة فتاوى شيخنا خير الدين الرملي. قلت: و ظاهره انه يجوز فعل ذلك فتامل.

وفي الرد: (قوله: بخلاف صلاة جنازة) أي فان تيممها تجوز به سائر الصلوات لكن عند فقد الماء و أما عند وجوده اذا خاف فوتها فانما تجوز به الصلاة على جنازة أخرى اذا لم يكن بينهما فاصل كما مر ولا يجوز به غيرها من الصلوات الخاده ح.

ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۲۳۵)، ط: سعيد

⇦ حاشية الطحطاوي على الدر، (۱/ ۱۳۰)، كتاب الطهارة، باب التيمم، ط: دار المعرفة.

⇦ الفتاوى الهندية، كتاب الطهارة، الباب الرابع، الفصل الاول، (۱/ ۲۶)، ط: رشيدية

⇦ البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب التيمم، (۱/ ۱۵۰)، ط: سعيد

# نماز جنازہ والے وضو سے دوسری نماز پڑھنا

نماز جنازہ والے وضو سے دوسری نماز پڑھ سکتے ہیں۔[1]

# نماز سے پہلے مسواک کرنا

ایک حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اگر اندیشہ نہ ہوتا کہ میں اپنی امت کو مشقت میں ڈال دوں گا تو ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم کرتا"

اس حدیث کے الفاظ میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات نے "عند کل صلوۃ" کے الفاظ نقل کئے ہیں،[2] اور بعض حضرات نے "عند کل وضوء" کے

---

(۱) عن سليمان بن بريدة عن أبيه قال : كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ لكل صلوة فلما كان عام الفتح صلى الصلوات كلها بوضوء واحد ومسح على خفيه ، فقال عمر إنك فعلت شيئا لم تكن فعلته ؟ قال : عمدا فعلته . قال أبو عيسى ...... والعمل على هذا عند أهل العلم أنه يصلي الصلوات بوضوء واحد ما لم يحدث . ( جامع الترمذي : أبواب الطهارة ، باب ماجاء أنه يصلي الصلوات بوضوء واحد ،(۱/۱۹)، ط: قديمي )

⇦ إن كل وضوء تستباح به الصلاة بخلاف التيمم ، فإن منه ما لا تستباح به .(شامي : كتاب الطهارة ، باب التيمم ،(۱/۲۴۷)، ط: سعيد )

⇦ و حكمها استباحة ما لا يحل بدونها.( الدر المختار مع رد المحتار ، كتاب الطهارة مطلب في اعتبارات المركب التام،(۱/۸۴)، ط:سعيد )

⇦ و صرح في غاية البيان بفساده لصحة الاكتفاء بوضوء واحد لصلوات ما دام متطهرا.

البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/۹)، ط:سعيد

⇦ الفقه على المذاهب الأربعة، كتاب الطهارة، مباحث الوضوء، المبحث الثاني، (۱/۴۷)،

ط:دار احياء التراث

(۲) عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال: لو لا أن أشق على المؤمنين وفي حديث زهير على أمتي لأمرتهم بالسواك عند كل صلاة.

.الصحيح لمسلم ، كتاب الطهارة، باب السواك، (۱/۱۲۸)، ط:قديمي

⇦ سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، باب السواك، (۱/۱۸)، ط:رحمانية

⇦ سنن الترمذي، أبواب الطهارة، باب ما جاء في السواك، (۱/۱۲)، ط:قديمي

الفاظ نقل کئے ہیں، یعنی ہر وضو کے وقت مسواک کرنے کا حکم کرتا[1]، ان دونوں الفاظ کے پیش نظر حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک حدیث شریف کا مطلب یہ بنتا ہے کہ ہر نماز سے پہلے وضو کرے، اور ہر وضو کی ابتداء میں مسواک کرنے کی ترغیب دی گئی ہے، اور ہر نماز کے وقت مسواک کا حکم دینے کا مقصد یہ ہے کہ ہر نماز کے وضوء سے پہلے مسواک کی جائے، نماز شروع کرنے کے لئے کھڑے ہونے کے وقت مسواک کرنے کی ترغیب دینا مقصود نہیں، اگر نماز شروع کرنے کے لئے کھڑے ہوتے وقت مسواک کرے گا تو دانتوں سے خون نکل آنے کا اندیشہ ہے، اور خون نکلنے کی صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا اور جب وضو نہیں رہے گا تو نماز بھی نہیں ہوگی، اس لئے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر نماز سے پہلے مسواک کرنا سنت ہے نماز شروع کرتے وقت مسواک نہ کرے۔

نیز یہ کہ منہ کی نظافت اور صفائی کے لئے مسواک کی جاتی ہے، اور یہ مقصود اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے جب کہ وضو کرتے وقت مسواک کرے اور پانی سے کلی کرکے منہ اچھی طرح صاف کرے، نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت مسواک کرکے پانی سے کلی کئے بغیر منہ کی نظافت اور صفائی حاصل نہیں ہوگی جو مسواک سے مقصود ہے۔

واضح رہے کہ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا، اس لئے ان کے مقلدین اگر نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت مسواک کرتے ہیں اور خون نکل آتا ہے تو ان کا وضو نہیں ٹوٹے گا اور یہ حضرات حدیث شریف کا یہی منشاء

[1] وقال ابو هريرة عن النبي ﷺ لو لا ان اشق على امتي لامرتهم بالسواك عند كل وضوء.
صحيح البخاري، كتاب الصوم، باب سواك الرطب و اليابس للصائم، (۲۵۹/۱)، ط: قديمي
صحيح ابن خزيمة، كتاب الطهارة، باب ذكر الدليل على ان الأمر بالسواك ذكر فضيلة لا فريضة، رقم الحديث: ۱۴۰، (۷۳/۱)، ط: المكتب الاسلامي.
مصنف ابن ابي شيبة، كتاب الطهارة، باب ما ذكر في السواك، رقم الحديث: ۱۷۹۸، (۲۱۲/۱)، ط: ادارة القرآن

سمجھتے ہیں۔ (۱)

---

(۱) وإنّما لم يجعله علمائنا من سنن الصلاة نفسها ؛ لأنّه مظنة جراحة اللثة وخروج الدم وهو ناقض عندنا فربّما يفضي إلى حرج ، ولأنّه لم يرو أنّه عليه الصلاة والسلام استاك عند قيامه إلى الصلاة فيحمل قوله عليه الصلاة والسلام لأمرتهم بالسواك عند كل صلوة على كل وضوء بدليل رواية أحمد والطبراني لأمرتهم بالسواك عند كل وضوء . (مرقاة المفاتيح : كتاب الطهارة ، باب السواك ، الفصل الأوّل ، (۸۱/۱)، ط: رشيديه)

⇦ وأيضًا الاستياك حكم معقول المعنى ويدلّ عليه آخر أحاديث الباب ، وهو يقتضي أن يكون السواك مع الوضوء ، لا عند الصلاة ، فإنّ التطهير يحصل بالوضوء ، فافهم . (إعلاء السنن : كتاب الطهارة ، باب سنية السواك، (۷/۱)، ط: إدارة القرآن .

⇦ ثم السواك عندنا من سنن الوضوء و عند الشافعي من سنن الصلاة. وفائدته : اذا توضأ للظهر بسواك و بقي على وضوءه الى العصر او المغرب كان السواك الأول سنة للكل عندنا و عنده يسن ان يستاك لكل صلاة. ( الجوهرة النيرة، كتاب الطهارة، سنن الوضوء، (۳۰/۱)، ط: قديمي)

⇦ (قوله :وهو للوضوء عندنا ) أى سنة للوضوء وعند الشافعي للصلاة قال في البحر وقالوا فائدة الخلاف تظهر فيمن صلى بوضوء واحد صلوات يكفيه عندنا لا عنده وعلله السراج الهندى في شرح الهداية بأنه إذا استاك للصلاة ربما يخرج دم وهو نجس بالإجماع وإن لم يكن ناقضا عند الشافعي قوله ( إلا إذا نسيه الخ ) ذكره في الجوهرة ومفاده أنه لو أتى به عند الوضوء لا يسن له أن يأتي به عند الصلاة لكن في الفتح عن الغزنوية ويستحب في خمسة مواضع اصفرار السن وتغير الرائحة والقيام من النوم والقيام إلى الصلاة وعند الوضوء لكن قال في البحر يخالفه ما نقلوه من أنه عندنا للوضوء لا للصلاة و وفق في النهر بحمل ما في الغزنوية على ما في الجوهرة أى أنه للوضوء وإذا نسيه يكون مندوبا للصلاة لا للوضوء وهذا ما أشار إليه الشراح لكن قال الشيخ إسماعيل فيه نظر بالنظر إلى تعليل السراج الهندى المتقدم اهـ أقول هذا التعليل عليل فقد رد بأن ذاك أمر متوهم مع أنه لمن يثابر عليه لا يدمى ويظهر لي التوفيق بأن معنى قولهم هو للوضوء عندنا بيان ما تحصل به الفضيلة الواردة فيما رواه أحمد من قوله صلاة بسواك أفضل من سبعين صلاة بغير سواك أى أنها تحصل بالإتيان به عند الوضوء وعند الشافعي لا تحصل إلا بالإتيان به عند الصلاة

فعندنا كل صلاة صلاها بذلك الوضوء لها هذه الفضيلة خلافا له ولا يلزم من هذا نفي استحبابه عندنا لكل صلاة أيضا حتى يحصل التنافي وكيف لا يستحب للصلاة التي هي مناجاة الرب تعالى مع أنه يستحب للاجتماع بالناس . =

# نماز کا ثواب

"وضو کر کے مسجد جانا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۲۹/۲)

# نماز کے بعد پانی مل گیا

کسی نے تیمم کر کے نماز پڑھ لی، پھر اس کے بعد پانی مل گیا اور نماز کا وقت ابھی باقی ہے تو نماز کو دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، تیمم کے ساتھ جو نماز پڑھی گئی وہ درست ہے۔(۱)

---

= قال في إمداد الفتاح وليس السواک من خصائص الوضوء فإنه يستحب في حالات منها تغير الفم والقيام من النوم وإلى الصلاة ودخول البيت والاجتماع بالناس وقراءة القرآن لقول أبي حنيفة إن السواک من سنن الدين فتستوى فيه الأحوال كلها اهـ وفي القهستاني ولا يختص بالوضوء كما قيل بل سنة على حدة على ما في ظاهر الرواية وفي حاشية الهداية أنه مستحب في جميع الأوقات ويؤكد استحبابه عند قصد التوضؤ فيسن أو يستحب عند كل صلاة اهـ وممن صرح باستحبابه عند الصلاة أيضا الحلبي في شرح المنية الصغير وفي هداية ابن العماد أيضا وفي التاتر خانية عن التتمة ويستحب السواک عندنا عند كل صلاة ووضوء وكل ما يغير الفم وعند اليقظة اهـ فاغتنم هذا التحرير الفريد( ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب في دلالة المفهوم، (۱/ ۱۱۳)، ط: سعيد)

ﷲ البحر الرائق، كتاب الطهارة، (۱/ ۲۰)، ط:سعيد

(۱) عن أبي سعيد الخدري قال خرج رجلان في سفر فحضرت الصلاة وليس معهما ماء فتيمما صعيدا طيبا فصليا ثم وجدا الماء في الوقت فأعاد أحدهما الصلاة والوضوء ولم يعد الآخر ثم أتيا رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرا ذلک له فقال للذي لم يعد أصبت السنة وأجزأتک صلاتک وقال للذي توضأ وأعاد :لک الأجر مرتين.( سنن أبي داود، كتاب الطهارة، باب في المتيمم يجد الماء بعد ما يصلي في الوقت، (۱/ ٦۱) ، ط:رحمانيه)

ﷲ سنن النسائي ، كتاب الطهارة، باب التيمم لمن يجد الماء بعد الصلاة، (۱/ ۷۵-۷۴)، ط:قديمى

ﷲ السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الطهارة، باب المسافر يتيمم في أول الوقت برقم الحديث: ۱۰۳۱، (۱/ ۲۳۱)، ط:مكتبة دار الباز، مكة المكرمة

ﷲ ولو صلى بالتيمم ثم وجد الماء في الوقت لا يعيد. (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب التيمم مطلب فاقد الطهورين، (۱/ ۲۵۵)، ط:سعيد)

ﷲ حلبي كبير فصل في التيمم،(ص: ۸۱)،ط:سهيل اكيڈمی.

## نماز کے لئے تیمم کرنا کب جائز ہوتا ہے

اگر استعمال کرنے کے لئے پانی نہ ملے، یا پانی ملنے کے باوجود کسی وجہ سے استعمال پر قادر نہ ہو تو نماز کے لئے تیمم کرنا جائز ہوتا ہے، اور اس تیمم سے نماز پڑھنا جائز ہوتا ہے۔[۱]

